Visit us at: www.dailyafaaq.com

روزنامہ آفاق سرینگر

Daily Afaaq Srinagar

بانی: مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری

اشاعت کا ۴۷ واں سال

Ph:- 0194-2452028, 2475279 Fax:- 0194-2475279

afaaqkashmir.yahoo.com dailyafaaq

RNI NO: 43732/85Tuesday 26 May 2026 ESTABLISHED IN 1985

26 مئی 2026ء، بمطابق 09 ذوالحجہ 1447ھ منگلوار، جلد نمبر 47، شمارہ نمبر 126 ، 8 صفحات، قیمت 3 روپے

8 ایران اور امریکہ معاہدے کے لیے فریم ورک پر متفق ہو گئے ہیں

3 ہندوستان خوف کی لہر کا متحمل نہیں ہوسکتا، معیشت مستحکم ہے

7 آسٹریلیا کا 'مشن :'2027 کمنز، اسٹارک اور ہیزل ووڈ کو طویل آرام دینے کا فیصلہ

منشیات کیخلاف جموں وکشمیر متحد، ارادے مضبوط اور مقصد واضح، منوج سنہا

لیفٹننٹ گورنر نے بانڈی پورہ میں منشیات کیخلاف پدیاترا میں شرکت کی

”کئی دھائیوں سے پروان چڑھنے والے منشیات کے کارٹلز کا صفایا کیا جا رہا ہے“

سری نگر/۲۵ مئی/ (ڈی آئی پی آر) لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے نارکو دہشت گردی کے خلاف ایک بڑی مہم کے تحت آج بانڈی پورہ میں ایک عظیم الشان عوامی اجتماع کے ساتھ 'پدیاترا' کی قیادت کرتے ہوئے اس مقصد کے لئے عوامی حمایت کو متحرک کیا۔ اُنہوں نے کہا، ”45 روز قبل میں نے نہ صرف سمگلروں اور نارکو دہشت گردوں کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کا عہد کیا تھا بلکہ ایک ایسی تحریک شروع کرنے کا بھی وعدہ کیا تھا جو نوجوانوں کو بااختیار بنائے اور نشے سے متاثرہ کنبوں کی عزتِ نفس بحال کرے۔“ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ جموں وکشمیر متحد ہے، ارادے میں مضبوط ہے اور مقصد میں واضح ہے اور معاشرے کو ہمیشہ کے لئے منشیات سے پاک کرنے کے لئے پوری طرح پُرعزم ہے۔ اُنہوں نے کہا، ”نارکو دہشت گردوں اور منشیات سمگلروں کے خلاف کارروائی جاری رہے گی۔ یہ اس وقت تک نہیں رُکے گی جب تک جموں وکشمیر کی مقدس سرزمین سے ہر منشیات سمگلر کا خاتمہ نہیں ہو جاتا۔ ہماری ایجنسیوں نے نارکو دہشت گردوں اور ان کے خفیہ نیٹ ورک کو ختم کرنے کے لئے ایک بے مثال مہم شروع کی ہے۔ کوئی بھی منشیات سمگلر، منشیات فروش یا ہمارے معاشرے کو زہر آلود کرنے کی کوشش کرنے والا ہماری پہنچ سے باہر نہیں ہے۔ پورے نارکو دہشت گردی کے نظام کا تعاقب (بقیہ ۶ پر)

حکومت کا عیدالاضحیٰ کے پیش نظر فیصلہ

29 مئی کو خصوصی چھٹی کو منظوری

سری نگر/۲۵ مئی (ایجنسیز) جموں وکشمیر کے لاکھوں سرکاری ملازمین عیدالاضحیٰ کی تقریب سعید اپنے اہل خانہ اور دوست واحباب کیساتھ تین دن منا سکتے ہیں، کیونکہ حکومت نے پیر کو عیدالاضحیٰ کے موقع پر مرکزی زیر انتظام علاقے کے ملازمین کیلئے ایک دن کی خصوصی آرام دہ چھٹی کو منظوری دی۔ جے کے این ایس کے مطابق حکومت کے کمشنر سکریٹری ایم راجو آئی اے ایس کی جانب سے 25 مئی 2026 کو جاری کردہ گورنمنٹ آرڈر نمبر 1012-JK (GAD) آف 2026 کے مطابق، خصوصی آرام دہ چھٹی 29 مئی 2026 (جمعہ) کیلئے دی گئی ہے، مرکزی زیر انتظام علاقے جموں (بقیہ ۶ پر)

پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں چوتھی بار اضافہ

سری نگر ۲۵ مئی/ (ایجنسیز) پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں ایک مرتبہ پھر اضافہ کر دیا گیا ہے جبکہ گزشتہ 2 ہفتوں میں تقریباً ساڑھے 7 روپے فی لیٹر کا اضافہ کیا گیا ہے۔ پیر کو تیل کمپنیوں نے فی لیٹر ڈیزل کی قیمت میں 2 روپے 71 پیسے جبکہ پٹرول کی قیمت میں فی لیٹر دو روپے 61 پیسے کا اضافہ کر دیا ہے۔ یہ اضافہ گزشتہ دو ہفتوں سے بھی کم عرصے میں چوتھا اضافہ ہے۔ سرکاری کمپنیاں ایندھن کی (بقیہ ۶ پر)

نیٹ پیپر لیک معاملہ عدالت عظمیٰ پہنچ گیا

این ٹی اے نے ابھی تک سبق نہیں سیکھا

عرضیوں پر مرکز اور متعلقہ ایجنسیوں کو نوٹس جاری

سرینگر/۲۵ مئی/ (ایجنسیز) نیٹ پیپر لیک پر فیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے عدالت عظمیٰ نے کہا کہ ٹیسٹنگ ایجنسی نے پہلے پیپر لیک ہونے سے سبق نہیں سیکھا ہے۔ عدالت عظمیٰ نے کہا کہ یہ افسوسناک ہے کہ نیشنل (بقیہ ۶ پر)

صدرِ جمہوریہ ہند نے سول انویسٹچر تقریب-I میں پدم ایوارڈ 2026 پیش کئے

ممتاز کشمیری مصنف اور اسکالر شفیع شوق بھی شامل

سرینگر/۲۵ مئی/ (پی آئی بی) صدرِ جمہوریہ ہند، محترمہ درو پدی مرمو نے آج (25 مئی 2026) راشٹر پتی بھون میں منعقدہ سول انویسٹچر تقریب-I میں سال 2026 کے لیے پدم وبھوشن، پدم بھوشن اور پدم شری ایوارڈ پیش کیے۔ اس موقع پر موجود معزز شخصیات میں نائب صدرِ جمہوریہ ہند، وزیرِ اعظم ہند اور مرکزی وزیر داخلہ شامل تھے۔ ”پروفیسر شفیع شوق ایک ممتاز ہندوستانی تخلیقی ادیب ہیں جنہوں نے کشمیری، انگریزی، ہندی اور اردو زبانوں میں 106 سے زائد کتابیں تصنیف، تدوین اور ترجمہ کی ہیں۔ پروفیسر شوق 18 مارچ 1950 کو کشمیر وادی کے ضلع شوپیان کے کاپرن گاؤں میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے 1970 میں کشمیر یونیورسٹی سے ایجوکیشن آف سائنس کی ڈگری حاصل کی۔ بعد ازاں انہوں نے کشمیر یونیورسٹی (بقیہ ۶ پر)

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایس آر او-43 اور ری ہیبلیٹیشن اسسٹنس سکیم کے تحت

استفادہ کنندگان کو ہمدردانہ تقرری نامے تقسیم کئے

جموں وکشمیر بھر سے 52 اُمیدواروں کو سری نگر اور جموں میں تقرری کے احکامات جاری

وزیر اعلیٰ کا زیرِ التوأ معاملات جلد نمٹانے کا یقین

سری نگر/۲۵ مئی/ (ڈی آئی پی آر) وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سول سیکرٹریٹ میں ایس آر او-43 اور جموں وکشمیر ری ہیبلیٹیشن سکیم کے تحت استفادہ کنندگان میں تقرری کے احکامات تقسیم کئے اور اُن کنبوں کی مدد کے لئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا جنہوں نے ناقابلِ تلافی ذاتی نقصان برداشت کیا ہے۔ تقریب میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری، وزیر خوراک، شہری رسدات و امورِ صارفین ستیش شرما، چیف (بقیہ ۶ پر)

لیفٹیننٹ گورنر نے حضرت بل درگاہ کا دورہ کیا اور عیدالاضحیٰ کی تیاریوں کا جائزہ لیا

سینئر افسران کو تمام اِنتظامات پوری تندہی کے ساتھ مکمل کرنے کی ہدایت

سری نگر/۲۵ مئی/ (ڈی آئی پی آر) لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج حضرت بل درگاہ کا دورہ کیا اور آنے والی تقریب سعید عیدالاضحیٰ کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس موقعہ پر لیفٹیننٹ گورنر کے ہمراہ چیئرپرسن جموں وکشمیر وقف بورڈ ڈاکٹر سیّد درخشاں اندرابی، امام وخطیب حضرت بل درگاہ مفتی ریاض الحق، صوبائی کمشنر کشمیر آشل گرگ، ڈی آئی جی سی کے آر راجیو اوم پرکاش، ایس ایس پی سری نگر ڈاکٹر جی وی سندیپ چکرورتی، ضلع ترقیاتی کمشنر سری نگر اکشے لابرو، میونسپل کمشنر سری نگر فضل الحبیب اور مختلف محکموں کے افسران موجود تھے۔ دورے (بقیہ ۶ پر)

کمسن بچی کیساتھ زیادتی اور بہیمانہ وقتل کیس کا معمہ حل، پولیس

ایک ملزم گرفتار، دیگر کی تلاش جاری

ملزم کو سخت سے سخت سزا دلانے کیلئے پولیس متحرک

سرینگر/۲۵ مئی ((ایجنسیز) بڈگام میں پیش آئے کمسن لڑکی کے دل دہلا دینے والے اغوا، زیادتی اور قتل کے واقعے میں پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا ہے، جبکہ دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے کوششیں تیز کر دی گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق واقعہ کے 24 گھنٹوں کے اندر اندر پولیس نے ایک اہم کامیابی حاصل کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کیا، جس کی شناخت مدثر کے نام سے ہوئی ہے جو اسی علاقے کا رہنے والا ہے۔ ایک اعلیٰ پولیس افسر نے بتایا کہ تفتیشی ٹیم نے مختلف شواہد کی بنیاد پر ملزم کا سراغ لگایا اور اسے حراست میں لے لیا۔ انہوں نے (بقیہ ۶ پر)

گلمرگ گنڈولا میں تکنیکی خرابی کے بعد بڑے پیمانے پر ریسکیو آپریشن

پھنسے تمام سیاحوں کو بچا لیا گیا، حکام

لیفٹننٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ نے امدادی کاروائیوں کی نگرانی کی

سرینگر، 25 مئی (یو این آئی) دنیا کے مشہور گلمرگ گونڈولا میں پیر کے روز تکنیکی خرابی کے باعث کئی کیبل کار کیبن فضا میں معلق ہو جانے کے بعد پولیس، فوج، اسٹیٹ ڈیزاسٹر ریسپانس فورس (ایس ڈی آر ایف)، سول انتظامیہ اور گونڈولا آپریٹرز کی مشترکہ ٹیم کی جانب سے بڑے پیمانے پر ریسکیو آپریشن جاری ہے، جس کے تحت اب (بقیہ ۶ پر)

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سول سیکرٹریٹ میں

قانون سازوں، وائس چانسلروں اور دیگر وفود سے ملاقات کی

علاقائی ترقی، حلقہ جاتی مسائل، صحت اور بنیادی ڈھانچے اور اعلیٰ تعلیم کے منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا

سری نگر/۲۵ مئی/ (ڈی آئی پی آر) وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سول سیکرٹریٹ میں قانون سازوں، وائس چانسلروں اور مختلف وفود سے ملاقات کی اور علاقائی ترقی، عوامی فلاح و بہبود، اعلیٰ تعلیم، صحت سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں سے متعلق وسیع مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔ پیر پنچال خطے سے تعلق رکھنے والے اراکین اسمبلی پر مشتمل ایک وفد جس میں جاوید اقبال (بڈھل)، مظفر اقبال (بقیہ ۶ پر)

کالعدم جماعتِ اسلامی کی مبینہ دہشت گردی فنڈنگ

کیس میں این آئی اے کی سراج العلوم مدرسے سمیت تین مقامات پر تلاشی

سری نگر/۲۵ مئی (یو این آئی) قومی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) نے آج جموں وکشمیر میں کالعدم جماعت اسلامی (جے ای آئی) سے مبینہ طور پر منسلک دہشت گردی فنڈنگ کیس کے سلسلے میں تین مقامات پر تلاشی کارروائی کی۔ این آئی اے کے مطابق کشمیر کے سری نگر اور شوپیاں اضلاع میں تین مقامات پر کی گئی تلاشی کے دوران کئی مشتبہ مالی دستاویزات اور الیکٹرانک آلات برآمد کیے گئے، جن کا تعلق جماعت اسلامی اور اس سے وابستہ مختلف ٹرسٹوں اور تنظیموں کی سرگرمیوں سے ہونے کا شبہ ہے۔ این آئی اے 2021 میں درج کیے گئے مقدمے کی تحقیقات کے تحت جماعتِ اسلامی کی علیحدگی پسند اور علیحد (بقیہ ۶ پر)

راجوری کے جنگلات میں آپریشن جاری، گولیوں کا تبادلہ

سرینگر/۲۵ مئی (ایجنسیز) راجوری کے منجاکوٹ کے دوری مال جنگلی علاقے میں جاری تصادم تیسرے روز بھی شدت اختیار کر گیا ہے جہاں وقفے وقفے سے فائرنگ اور زوردار دھماکوں کی آوازیں سنائی دے رہی ہیں۔ گھنے جنگلات پر مشتمل اس دشوار گزار مقام پر سیکیورٹی فورسز نے محاصرہ مزید سخت (بقیہ ۶ پر)

عیدالاضحیٰ کے پیش نظر بازاروں میں غیر معمولی گہما گہمی

شہر سرینگر سمیت دیگر بڑے بازاروں میں لوگ دن بھر خریداری میں مصروف رہے

سرینگر ۲۵ مئی/سی این ایس/ عیدالاضحیٰ کے سلسلے میں قربانی کے جانوروں کی خرید وفروخت میں (بقیہ ۶ پر)

جگہ جگہ پر قربانی کے جانوروں کی خرید وفروخت کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے دیار عرفہ کے پیش نظر بازاروں میں گہما گہمی دیکھنے کو ملی جس دوران لوگوں نے بڑی مقدار میں بکری کے ساتھ ساتھ ملبوسات اور دیگر گھریلو سامان کے علاوہ قربانی کے جانوروں کی خریداری کی۔ سی این ایس کے مطابق عیدالاضحیٰ کے سلسلے میں وادی بھر کی مویشی منڈیوں میں

امرناتھ یاترا کے لیے اعلیٰ سطحی سیکورٹی کا انتظام کیا جا رہا ہے

غیر متوقع موسمی صورتحال جاری، تیز ہوائیں، بارشیں اور ژالہ باری

میوہ باغات اور فصلوں کو نقصان

سرینگر ۲۵ مئی (ایجنسیز) وادی کشمیر میں پیر کی شام اچانک موسم نے کروٹ لی، جس کے نتیجے میں تیز آندھی، گرج چمک کے ساتھ بارش اور کئی علاقوں میں ژالہ باری ریکارڈ کی گئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق یہ غیر متوقع موسمی تبدیلی اگلے چند گھنٹوں تک جاری رہ سکتی ہے۔ اطلاعات کے مطابق سرینگر، بڈگام، بارہمولہ، پلوامہ اور شوپیاں سمیت کئی اضلاع میں تیز ہواؤں کے جھکڑوں کے ساتھ مختصر مگر شدید بارش ہوئی، جس کے نتیجے میں کئی مقامات پر درختوں کی شاخیں ٹوٹنے اور بجلی سپلائی متاثر ہونے کی اطلاعات بھی موصول ہوئیں۔ کئی دیہی علاقوں میں اچانک ژالہ باری سے میوہ باغات اور کھڑی فصلوں کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ (بقیہ ۶ پر)

لال قلعہ کار بم دھماکہ کیس: ملزمان نے لکھنؤ میں بڑے حملوں کی منصوبہ بندی کی

این آئی اے کی تفتیش میں انکشاف

سرینگر/۲۵ مئی (یو پی آئی) قومی تفتیشی ایجنسی (این آئی اے) کی تازہ ترین تحقیقات میں دہلی کے تاریخی لال قلعہ کے قریب ہوئے کار بم دھماکے کے سلسلے میں ایک ہولناک سازش بے نقاب ہوئی ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق ملزمان نے لکھنو میں ایک سلسلہ وار دہشت گردانہ حملوں کی منصوبہ بندی کر رکھی تھی جن کے نشانے پر صوبائی اسمبلی سمیت شہری علاقوں کی اہم ترین عمارتیں اور زیادہ بھیڑ بھاڑ والے مقامات شامل تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ اس سازش کے مرکزی ملزمان ڈاکٹر مزمل شکیل اور ڈاکٹر شاہین سعید 25 سے 30 اگست 2025 کے درمیان ہریانہ کے فرید آباد سے لکھنؤ پہنچے تھے۔ یہ سفر محض معمولی آمد ورفت نہیں تھا (بقیہ ۶ پر)

نائب وزیر اعلیٰ نے گلمرگ میں گنڈولہ کی تکنیکی خرابی کے بعد ریسکیو آپریشن کا جائزہ لیا

بچائے گئے سیاحوں سے ملاقات کی، حفاظتی اقدامات اور خدمات کی جلد بحالی پر زور دیا

گلمرگ/۲۵ مئی/ (ڈی آئی پی آر) نائب وزیر اعلیٰ مسٹر سریندر چوہدری آج گلمرگ پہنچے جہاں گنڈولہ سروس میں تکنیکی خرابی کے باعث شروع کئے گئے ریسکیو آپریشن کا جائزہ لیا۔ مشکل علاقہ اور پھسلن بھری حالت کے باوجود، جو کہ تیز ڈھلوانوں پر مسلسل نقل و حرکت کی وجہ سے پیدا ہوئی تھی، نائب وزیر اعلیٰ نے خود ریسکیو مقامات کا دورہ کیا اور مشکل حالات میں ریسکیو ٹیموں کی لگن اور پیشہ وارانہ کارکردگی کو سراہا۔ دورے کے دوران نائب وزیر اعلیٰ نے زمینی صورتحال کا جائزہ لیا اور گنڈولہ بیس اسٹیشن، کیبنوں اور متعلقہ (بقیہ ۶ پر)

وزیر اعلیٰ نے محکمہ سکولی تعلیم کے سی پی ڈبلیوز کو ریگولرائزیشن کے احکامات سونپے

کہا، ملازمین محکمہ کی بہتری کیلئے خلوص اور لگن سے کام کریں

سری نگر/۲۵ مئی/(ڈی آئی پی آر) وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج یہاں سول سیکریٹریٹ میں منعقدہ ایک تقریب میں محکمہ سکولی تعلیم کے کنٹی جنٹ پیڈ ورکرز (سی پی ڈبلیوز) ریگولرائزیشن کے احکامات سونپے۔ اس موقعہ پر وزیر برائے تعلیم سکینہ ایتو بھی موجود تھیں۔ تقریب میں وزیر اعلیٰ کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری دھیرج گپتا، سپیشل سیکرٹری محکمہ سکولی تعلیم غلام رسول میر، ڈائریکٹر سکولی تعلیم کشمیر نصیر احمد وانی اور متعلقہ محکمہ کے دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ نے گاندربل اور بانڈی پورہ اضلاع سے تعلق رکھنے والے سی پی ڈبلیوز میں (بقیہ ۶ پر)

ڈائریکٹر جنرل این سی سی کی سری نگر میں وزیر سکینہ ایتو سے ملاقات

بیداری مہمات اور سماجی خدمت کے اقدامات کے بارے میں بھی تفصیلی جانکاری دی

سری نگر/۲۵ مئی/(ڈی آئی پی آر) ڈائریکٹر جنرل نیشنل کیڈٹ کور (این سی سی) لیفٹیننٹ جنرل وریندر وتس نے آج وزیر برائے صحت و طبی تعلیم، سماجی بہبود اور تعلیم سکینہ ایتو سے ملاقات کی اور انہیں جموں وکشمیر میں این سی سی کی طرف سے چلائے جا رہے پروگراموں اور رسائی سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔ دوران میٹنگ ڈائریکٹر جنرل نے نوجوانوں میں نظم وضبط، قیادت، حب الوطنی اور سماجی خدمت کے جذبے کو فروغ دینے میں این سی سی کے کردار کو اُجاگر کیا۔ اُنہوں نے وزیر موصوفہ کو بتایا کہ یونین ٹیریٹری کے دُور دراز اور سرحدی علاقوں میں طلباً کی زیادہ سے زیادہ شرکت یقینی بنانے کے لئے مختلف اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل وریندر وتس نے وزیر کو جموں وکشمیر میں این سی سی یونٹوں کی طرف سے جاری تربیتی پروگراموں، ایڈونچر سرگرمیوں، بیداری مہمات اور سماجی خدمت کے اقدامات کے بارے میں بھی تفصیلی جانکاری دی۔ اُنہوں نے نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور کردار سازی کی سرگرمیوں کے ذریعے قوم کی تعمیر میں تنظیم کی کوششوں کو اُجاگر کیا۔ اُنہوں نے جموں وکشمیر کے نوجوانوں بالخصوص لڑکیوں اور خواتین کی این سی سی میں شرکت کے بارے میں بھی وزیر کو آگاہ کیا۔ سکینہ ایتو نے نوجوانوں میں نظم وضبط، اعتماد اور خدمت کے جذبے کو پروان چڑھانے میں این سی سی کے تعاون کی سراہنا کی۔ اُنہوں نے (بقیہ ۶ پر)

سکینہ ایتو نے پنچن پتری کولگام میں ٹورازم کپیسٹی بلڈنگ کیمپ کا افتتاح کیا

کہا حکومت جموں وکشمیر میں منفرد سیاحتی مقامات کی ترقی اور مہم جوئی سے متعلق سیاحت کو فروغ دے رہی ہے

کولگام/۲۵ مئی /(ڈی آئی پی آر) وزیر برائے صحت و طبی تعلیم، سماجی بہبود اور تعلیم محکمہ جات سکینہ ایتو نے آج پنچن پتری کولگام میں ٹورازم کپیسٹی بلڈنگ کیمپ کا افتتاح کیا اور آل ٹیرین ریلی (اے ٹی آر)، ٹریکروں کی مہم، سائیکل ریلی اور سیاحت کے فروغ سے متعلق دیگر سرگرمیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس موقعہ پر وزیر موصوفہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت جموں وکشمیر میں سیاحتی شعبے کو مضبوط بنانے کے لئے غیر معروف سیاحتی مقامات کو (بقیہ ۶ پر)

محبوبہ مفتی کی جموں وکشمیر کی سیاسی جماعتوں سے لداخ کی طرز پر وسیع تر اتحاد کی اپیل

لداخی قیادت نے اپنے حقوق کی بحالی کے لیے متفقہ آواز اُٹھا کر ایک مثال قائم کی

سرینگر ۲۵ مئی (یو پی آئی) جموں وکشمیر پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی) کی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے خطے کی تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے سیاسی اور آئینی حقوق کے لیے لداخ کی متحدہ قیادت کی طرز پر ایک وسیع تر مشترکہ پلیٹ فارم تشکیل دیں۔ انہوں نے کہا کہ خطے کے موجودہ حالات، عوامی بے چینی اور سیاسی غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر اتحاد وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ سرینگر میں پیر کے روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے محبوبہ مفتی نے کہا کہ لداخ کی قیادت نے اپنے حقوق کی بحالی کے لیے متفقہ آواز اُٹھا کر ایک مثال قائم کی ہے، جسے جموں و کشمیر میں بھی دہرایا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ''جب لداخ کی تمام جماعتیں، مذہبی و سماجی ادارے اور مقامی قیادت ایک ایجنڈے پر متحد ہو سکتے ہیں، تو جموں وکشمیر کی سیاسی قوتوں کو بھی عوام کے مفاد میں اختلافات سے اوپر اُٹھ کر ایک راستہ نکالنا ہوگا۔'' پی ڈی پی صدر نے اس بات پر زور دیا کہ نئی دہلی سے مؤثر اور نتیجہ خیز بات چیت اسی صورت میں ممکن ہے جب جموں وکشمیر کی سیاسی نمائندگی یکجا ہو کر مشترکہ موقف پیش کرے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی انتشار اور باہمی تقسیم نہ صرف عوامی مفادات کو نقصان پہنچاتی ہے بلکہ خطے کی آئینی و جمہوری جدوجہد کو بھی (بقیہ ۶ پر)

انجمن اوقاف کا عیدگاہ سری نگر میں صبح 9:30 بجے نماز عید ادا کرنے کا اعلان

میر واعظ نے عیدگاہ کا دورہ کر کے انتظامات کا جائزہ لیا

سرینگر/۲۵ مئی/ایک بیان کے مطابق انجمن اوقاف جامع مسجد سرینگر کی مجلس انتظامیہ کا ایک اجلاس آج جامع مسجد سری نگر کے مرکزی دفتر میں صدر انجمن، میرواعظ کشمیر ڈاکٹر مولوی محمد عمر فاروق کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں 27 مئی 2026 بروز بدھ نماز عیدالاضحی کی ادائیگی کے سلسلے میں انتظامات اور تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں عید کی نماز اور متعلقہ دینی تقریبات اور اجتماعات کے پُرامن اور منظم انعقاد کے حوالے سے مختلف امور پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ لیا گیا کہ ان شاء اللہ عیدالاضحی کی نماز سنتِ نبوی ? کے مطابق تاریخی عیدگاہ سرینگر میں صبح 9:30 بجے ادا کی جائے گی۔ جبکہ نماز عید سے قبل میرواعظ کشمیر صبح 8:30 بجے عیدالاضحی اور فلسفہ قربانی، اس کی روح اور اہمیت پر خصوصی خطاب کریں گے، جس میں اطاعت خداوندی، ایثار، ہمدردی اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے قربانی کے جذبے کو اجاگر کیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران میرواعظ کشمیر نے اوقاف عملے کو ہدایت دی کہ وہ عیدگاہ سری نگر میں ضروری انتظامات کے سلسلے میں وقف بورڈ کے ساتھ رابطہ قائم رکھیں اور ساتھ ہی سول انتظامیہ کے ساتھ بھی تال میل برقرار رکھیں تاکہ نماز عید خوش اسلوبی اور بغیر کسی رکاوٹ کے ادا کی جا سکے۔ میرواعظ کشمیر نے عیدگاہ (بقیہ ۶ پر)

17 انچارج انفارمیشن آفیسرز اور اسسٹنٹ انفارمیشن آفیسرز کو

محکمہ اطلاعات میں انفارمیشن آفیسر کے طور پر ترقی

سری نگر/۲۵ مئی (آفاق نیوز) جموں وکشمیر حکومت نے پیر کو 17 انچارج انفارمیشن آفیسرز اور اسسٹنٹ انفارمیشن آفیسرز کو انفارمیشن آفیسر کے طور پر اور ان کے مساوی محکمہ اطلاعات میں ریگولرائز کرنے اور ترقی دینے کا حکم جاری کیا۔ 5 مئی 2026 کو جاری ایک گورنمنٹ آرڈر نمبر ID) 17-JK) آف 2026 میں کہا گیا ہے کہ یہ ترقیاں ڈیپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی اور جموں وکشمیر پبلک سروس کمیشن کی سفارشات کے بعد دی گئی ہیں۔ افسران کو پے لیول (47,600-1,51,100) 8-) کیساتھ ان کے نام پر ترقی دی گئی ہے۔ سرکاری حکم نامے کے مطابق شوکت احمد خان، ریاض احمد فاضلی اور پرشوتم داس کو 5 ستمبر 2018 سے سابقہ طور پر ریگولرائز/ترقی دے دی گئی ہے، جبکہ باقی افسران کو ممکنہ طور پر ترقی دی گئی ہے۔ ترقی پانے والے افسران میں راجندر پال سنگھ، گلشن سمبریا، مجیب احمد گنائی، گلشن آراء، اشوک کمار شرما سید غلام جیلانی قادری، شبیر احمد بٹ، گرپریت سنگھ، لیاقت علی میر، محمد اویس گورکو، ناتی پال سنگھ، پرویز احمد لون، سجاد احمد شاہ اور ہردیپ سنگھ چودھری شامل ہیں۔ حکومتی حکم نامے میں مزید کہا گیا ہے کہ ترقیاں رٹ پٹیشنز کے نتائج سے مشروط رہیں گی، اگر کوئی مجاز عدالتوں میں زیر التواء ہے۔

چیف سیکرٹری نے وزیر اعظم کے اصلاحاتی ایجنڈے کے نفاذ کا جائزہ لیا

جموں وکشمیر میں مربوط گورننس، عمل کو آسان بنانے اور خدمات کی مکمل ڈیجیٹائزیشن پر زور دیا

سرینگر 25 مئی/چیف سیکرٹری مسٹر اٹل ڈولو نے آج تمام محکموں کے انتظامی سیکریٹریوں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ اس میٹنگ میں وزیر اعظم کے بھارت سرکار کے سیکرٹریز کے ساتھ ہونے والے انٹریکشن سے نکلنے والے ایکشن ایبل پوائنٹس پر عملدرآمد کے حوالے سے ایکشن ٹیکن رپورٹس (اے ٹی آرز) کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں خاص طور پر ''Whole of Government'' کے طریقہ کار کو مضبوط کرنے، عوامی خدمات کی اینڈ ٹو اینڈ ڈیجیٹائزیشن کے ذریعے Ease of Living کو بڑھانے اور ملک بھر میں جامع عملہ اصلاحات (Process Reforms) (بقیہ ۶ پر)

جعلی آن لائن رعایت اور جعلی خریداری کی پیشکش، پولیس کا انتباہ

لوگ آن لائن خریداری کرتے وقت احتیاط برتیں

ادائیگی کرنے سے پہلے ہر پیشکش کی تصدیق کریں

سری نگر/۲۵ مئی (آفاق نیوز) جموں وکشمیر پولیس ایک تازہ سائبر سیفٹی ایڈوائزری جاری کی، جس میں شہریوں کو جعلی آن لائن ڈسکاونٹس، چمکدار اشتہارات اور جعلی خریداری کی پیشکشوں کے خلاف خبردار کیا گیا جو سائبر مجرموں کے ذریعے غیر مشکوک صارفین کو نشانہ بنانے کیلئے استعمال کیے جا رہے ہیں۔ پولیس کی جانب سے جاری سائبر سیفٹی ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ سائبر فراڈ کرنے والے تیزی سے جعلی محدود وقتی سودے، بڑے پیمانے پر ڈسکاونٹ آفرز اور پرکشش اشتہارات سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر پھیلا رہے ہیں تاکہ خریداروں میں خوف و ہراس پیدا کیا جا سکے اور انہیں مشکوک لنکس پر کلک کرنے اور مناسب تصدیق کے بغیر آن لائن ادائیگی کرنے پر مجبور کیا جا سکے۔ پولیس نے کہا کہ اس طرح کے گھوٹالوں کا مقصد جعلی ویب سائٹس، کلون شدہ شاپنگ پورٹلز اور نقصان دہ ادائیگی کے گیٹ ویز کے ذریعے بینکنگ تفصیلات، خفیہ ذاتی معلومات اور رقم چوری کرنا ہے۔ ایڈوائزری میں لوگوں پر زور دیا گیا کہ وہ آن لائن خریداری (بقیہ ۶ پر)

ستیش شرما نے نوجوانوں کو تعلیم، کھیلوں اور نظم وضبط کو اپنانے کی اپیل کی

ایجوکیشن ایکسپو جموں 2026 میں ہمہ جہت ترقی کی وکالت کی

جموں/۲۵ مئی /(ڈی آئی پی آر) وزیر برائے فوڈ، سول سپلائیز اینڈ کنزیومر افیئرز، آئی ٹی، یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس، ٹرانسپورٹ اور سائینس اینڈ ٹیکنالوجی مسٹر ستیش شرما نے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ تعلیم، نظم وضبط اور کھیلوں کو ذاتی ترقی اور قوم کی تعمیر کے ستونوں کے طور پر اپنائیں۔ وزیر موصوف ٹائمز آف انڈیا کی جانب سے کنٹری ان جموں میں منعقدہ (بقیہ ۶ پر)

لداخ میں زمینی حرارت سے بجلی پیدا کرنے کا تاریخی منصوبہ پھر سے سرگرم

پوگاوادی کا جیوتھرمل منصوبہ توانائی خود کفالت کی نئی امید

سرینگر/۲۵ مئی (ایجنسیز) لداخ کی پوگا وادی میں زمینی حرارت سے توانائی حاصل کرنے والے بھارت کے پہلے منصوبے کو ایک بار پھر اہم پیش رفت ملی ہے، جہاں مرکزی خطے کی انتظامیہ نے تیل و قدرتی گیس کارپوریشن کے ساتھ طے شدہ معاہدے میں مزید پانچ برس کی توسیع کو منظوری دے دی ہے۔ اس فیصلے کے بعد اس خطے میں برسوں سے تعطل کا شکار صاف توانائی منصوبے کے دوبارہ شروع ہونے کی راہ ہموار ہو گئی ہے۔ پوگا وادی کا علاقہ دنیا کے اُن منفرد مقامات میں شمار ہوتا ہے جہاں زمین کی اندرونی حرارت سطح کے قریب دستیاب ہے۔ اسی خصوصیت کی بنیاد پر یہاں جیوتھرمل یعنی زمینی حرارت سے بجلی پیدا کرنے کا نظام قائم کیا گیا تھا۔ تاہم شدید سرد موسم، دشوار گزار راستوں، نقل و حمل کی محدود سہولیات اور مالیاتی رکاوٹوں کے باعث یہ منصوبہ کئی برس تک عملی طور پر آگے نہیں بڑھ سکا۔ انتظامیہ کے مطابق معاہدے میں توسیع کے بعد ماہرین کی ٹیمیں پھر سے وادی میں پہنچ گئی ہیں اور ابتدائی جائزے کے بعد کام مرحلہ وار بحال کیا جا رہا ہے۔ مقامی باشندوں نے بھی امید ظاہر کی ہے کہ علاقے کی توانائی کی ضروریات پوری ہونے کے ساتھ ساتھ روزگار کے مواقع بھی بڑھیں گے۔ تیل و قدرتی گیس کارپوریشن نے اس منصوبے کو لداخ کے لیے نہایت اہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ جیوتھرمل توانائی نہ صرف ماحول دوست ہے بلکہ اس پورے (بقیہ ۶ پر)

نماز عید کے لیے مربوط انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی، ڈاکٹر سید درخشاں

وقف بورڈ چیئر پرسن نے سرینگر میں انتظامیہ اور اماموں

اور خطیبوں کے ساتھ عید کی تیاریوں کی میٹنگ کی صدارت کی

سرینگر/۲۵ مئی/ایک بیان کے مطابق جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج انتظامیہ کے مختلف محکموں کے نمائندوں اور وقف بورڈ کے تحت مختلف ممتاز درگاہوں اور مساجد کے اماموں اور خطیبوں کے ساتھ عید کی تیاریوں کے اجلاس کی صدارت کی۔ عید کے دن بہترین انتظامات کے لیے حتمی ورک پلان ترتیب دینے پر غور و خوض کیا گیا۔ ڈاکٹر اندرابی نے (بقیہ ۶ پر)

ڈوڈہ جی ایم سی میں گائے کی موجودگی کی ویڈیو وائرل،

ایم ایل اے معراج ملک کا محکمے کی لاپرواہی کا نتیجہ قرار دیا

سرینگر/۲۵ مئی (یو پی آئی) گورنمنٹ میڈیکل کالج (جی ایم سی) ڈوڈہ کے ایمرجنسی بلاک کے اندر ایک گائے کی موجودگی کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد خطے میں محکمہ صحت کی کارکردگی پر سنگین سوالات کھڑے ہو گئے ہیں۔ ویڈیو میں واضح طور پر دیکھا جاسکتا ہے کہ ایمرجنسی بلاک کے اندر ایک گائے آزادانہ گھوم رہی ہے، جبکہ اسٹاف اس صورتحال سے لاتعلق دکھائی دیتا ہے۔ ویڈیو وائرل ہونے کے فوراً بعد ڈوڈہ کے رکن اسمبلی معراج ملک شدید برہم نظر آئے۔ انہوں نے اپنے آزمائشی بیان میں وزیر صحت سکینہ ایتو سے سخت کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ واقعہ نہ صرف اسپتال انتظامیہ کی ناکامی کو ظاہر کرتا ہے بلکہ مریضوں اور تیمارداروں کی سلامتی کے لیے بھی خطرے کا سبب بن سکتا ہے۔ معراج ملک نے متنبہ کیا کہ اگر محکمہ صحت اس معاملے میں فوری اور ٹھوس قدم نہیں اٹھاتا تو وہ خود از خود اپنے طریقے سے کارروائی کرنے پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے اس معاملے کو ''محکمہ کی بدترین لاپرواہی'' قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسپتال جیسی حساس جگہ پر ایسے واقعات کا ہونا ناقابلِ قبول ہے۔ اطلاعات کے مطابق وائرل ویڈیو اصل میں اسپتال کے ایمرجنسی بلاک کی ہے جہاں رات کی ڈیوٹی کے دوران حفاظتی انتظامات مبینہ طور (بقیہ ۶ پر)

مختلف علاقوں میں منشیات مخالف بڑی کارروائی، چھ اسمگلر گرفتار، ممنوعہ مواد برآمد

سرینگر/۲۵ مئی (آفاق نیوز) کشمیر کے تین اضلاع بارہمولہ، پلوامہ اور اننت ناگ میں پولیس نے منشیات کی اسمگلنگ اور منشیات نوشی کے خلاف ایک بڑی مہم چلائی، جس کے دوران چھ اسمگلروں کو گرفتار کیا گیا جبکہ قابل ذکر مقدار میں ممنوعہ مواد بھی ضبط کیا گیا۔ بارہمولہ میں ڈھنڈیا دردکوٹ پر اُڑی قومی شاہراہ کے قریب پولیس چوکی اوڑوسہ کی ٹیم نے ناکہ چیکنگ کے دوران ایک مشتبہ شخص کو رُکنے کا اشارہ کیا۔ پولیس پارٹی کو دیکھ کر وہ فرار ہونے کی کوشش کرنے لگا، تاہم فوراً ہی گرفتار کر لیا گیا۔ اس کی شناخت وسیم احمد منگرال ولد شیر زمان منگرال ساکن نمبلا اُڑی کے طور پر ہوئی۔ تلاشی کے دوران اُس کے قبضے سے تقریباً 60.5 گرام چرس برآمد ہوئی۔ ایک دوسری کارروائی کامل کوٹ کے مڈیاں علاقے میں اُس وقت انجام دی گئی جب پولیس چوکی کامل کوٹ کی گشتی پارٹی نے ایک مشتبہ نوجوان کو حراست میں لیا۔ اس کی شناخت محمد صفیر شیخ ولد عبدالمجید شیخ ساکن مڈیاں کامل کوٹ کے طور پر (بقیہ ۶ پر)

راجوری کے نوشہرہ علاقے میں خوفناک جنگل کی آگ، وسیع جنگلاتی خطہ تباہ

تیز ہواؤں اور موسم کی شدت کے باعث تیزی سے پھیل گئی

سرینگر/۲۵ مئی (یو پی آئی) جموں وکشمیر کے ضلع راجوری کے نوشہرہ علاقے میں پیر کے روز شدید جنگل کی آگ بھڑک اٹھی، جس نے دیکھتے ہی دیکھتے جنگلات کے وسیع حصے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ حکام کے مطابق آگ پراسرار حالات میں لگی اور خشک گھاس، تیز ہواؤں اور موسم کی شدت کے باعث تیزی سے پھیل گئی۔ محکمہ جنگلات، جموں وکشمیر فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز اور مقامی رضاکاروں کی ٹیمیں اطلاع ملتے ہی موقعے پر پہنچیں اور آگ پر قابو پانے کے لیے بڑے پیمانے پر کارروائی شروع کر دی۔ حربے استعمال کیے جا رہے ہیں کہ شعلوں کو قریبی بستیوں اور محفوظ جنگلاتی علاقوں تک پھیلنے سے روکا جا سکے۔ سوشل میڈیا پر زیر گردش ایک ویڈیو میں جنگل کے بڑے حصے کو آگ کی لپیٹ میں دکھایا گیا ہے، جبکہ پس منظر میں درجنوں پرندوں —جن میں مور بھی شامل ہیں— کی بے بسی اور چیخ و پکار سنائی دے رہی ہے۔ اس ویڈیو نے مقامی آبادی اور ماحولیات کے ماہرین میں شدید تشویش پیدا کر دی ہے، جنہوں نے جنگلی حیات کو بچانے کے لیے فوری اور بھرپور اقدامات کی اپیل کی ہے۔ محکمہ جنگلات کے افسران کے مطابق آگ بجھانے والے عملے کو دشوار گزار پہاڑی راستوں اور گرم لہروں کے سبب شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ کئی گھنٹوں سے جاری کارروائی کے باوجود شعلے وقفے وقفے سے بھڑک رہے ہیں، جس کے نتیجے میں جنگلی جانداروں کی بڑی تعداد محفوظ مقامات کی طرف ہجرت کرنے پر مجبور ہو گئی ہے۔ علاقے کے متعدد مقامی رہائشیوں (بقیہ ۶ پر)

عیدالاضحیٰ کے پیش نظر پولیس نے بازاروں کی چیکنگ کا سلسلہ تیز کر دیا

کئی دکانداروں کو دھر لیا گیا، جرمانے وصول

سرینگر/۲۵ مئی/(آفاق نیوز) پولیس نے عیدالاضحیٰ کے پیش نظر مختلف علاقوں میں بازاروں کی چیکنگ کا سلسلہ تیز کر دیا ہے۔ پولیس ضلع سوپور میں مارکیٹ چیکنگ مہم کو تیز کر دیا ہے تاکہ زائد قیمتوں، بلیک مارکیٹنگ، ذخیرہ اندوزی اور غیر معیاری یا ختم شدہ اشیاء کی فروخت کو روکا جا سکے۔ کشمیر پولیس سروس کے موصولہ اطلاعات کے مطابق سوپور پولیس نے نائب تحصیلدار روترگام کے ساتھ اچھ بل، ریبن مارکیٹس میں مشترکہ بازار چیکنگ مہم چلائی۔ معائنے کے دوران کئی دکاندار تجارتی اصولوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پائے گئے جن میں ریٹ لسٹوں کی عدم نمائش اور غیر صحت مندانہ طرز (بقیہ ۶ پر)

اننت ناگ اور شوپیاں میں غیر قانونی کان کنی

کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 12 گاڑیاں ضبط

سرینگر/۲۵ مئی/(آفاق نیوز) غیر قانونی کان کنی اور معدنی وسائل کی غیر مجاز نکالنے کے خلاف اپنے مسلسل کریک ڈاؤن کو جاری رکھتے ہوئے، اننت ناگ اور شوپیاں میں پولیس نے متعدد نافذ کرنے والی کارروائیاں کیں اور 12 گاڑیوں کو ضبط کیا، جن میں جے سی بی، ٹپر، ڈمپر اور ایک ٹریکٹر شامل تھے، جو غیر قانونی کان کنی اور نقل و حمل کی سرگرمیوں میں ملوث تھے۔ اننت ناگ میں، پولیس پوسٹ جنگلاتمنڈی کی ایک پولیس پارٹی نے ڈونیپاوا میں کان کنی کے مواد کی غیر قانونی نکالنے کا پتہ لگایا۔ آپریشن کے دوران معدنی وسائل کی غیر قانونی نکالنے اور نقل و حمل میں ملوث ایک جے سی بی اور چار ٹپر موقع پر قبضے میں لے لیے گئے۔ قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت معاملے کا نوٹس لیا گیا ہے۔ ایک اور کارروائی میں، رات کی گشت کے دوران، پولیس چوکی دیالگام کی ایک پولیس پارٹی نے معدنیات کی غیر قانونی نقل و حمل میں ملوث ہونے پر بوندیالگام کراسنگ پر پانچ ڈمپروں کو روک کر ضبط کیا۔ اس سلسلے میں ایف آئی آر نمبر 157/2026 درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ دریں اثنا، شوپیاں میں، پولیس نے پولیس چوکی برتھی پورہ کی طرف سے معمول کی گشت کے دوران برتھی پورہ علاقے سے معدنیات کی غیر قانونی نکالنے اور نقل و حمل میں ملوث ایک (بقیہ ۶ پر)

پیغام ادب و علم ڈب گاندربل کی تشکیل نو

سید اختر حسین منصور صدر اور ڈاکٹر شوکت شہباز جنرل سکریٹری منتخب

گاندربل/۲۵ مئی/شافعیہ گلفام/ پیغام ادب و علم ڈب گاندربل کے عہدیداران کی تشکیل نو عمل میں لائی گئی۔ سید عباس جوہری کی سربراہی میں تنظیم کے صدر دفتر پر تنظیم کے لئے نئے عہدیداران کا انتخاب عمل میں لا کر سید اختر حسین منصور کو باتفاق رائے صدر منتخب کیا ہے جبکہ سید مسعود شاداب کو تنظیم کا نائب صدر کے عہدے کے لئے منتخب کیا گیا ہے۔ اسی طرح سید محمد مدنی خزانچی کے فرائض انجام دیں گے اور سابق علی سابق میڈیا انچارج ہوں گے۔ مجید ربتاری کو آرگنائزر منتخب کیا گیا ہے اور ڈاکٹر شوکت شہباز جنرل سکریٹری کے عہدے کے لئے منتخب ہوئے ہیں۔ بعد میں تمام منتخب ہوئے نئے عہدیداران اور دیگر ممبران نے باتفاق رائے سید عباس جوہر کو تنظیم کا سرپرست اعلیٰ منتخب کیا ہے۔ اس موقع پر سید عباس جوہر نے تمام منتخب ہوئے عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے دیگر ممبران پر زور دیا کہ وہ تنظیم کو فعال بنانے اور ادبی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ حصہ لینے کے لئے آگے آئیں۔ تنظیم کے منتخب ہوئے نئے صدر سید اختر حسین منصور نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے تمام ممبران سے تلقین کی کہ وہ ادب کے تئیں اپنا بھرپور کردار نبھائیں اور تنظیم کی جانب سے منعقد ہونے والے اُدبی پروگراموں میں اپنی شمولیت کو اولین ترجیح دیں۔ انہوں نے (بقیہ ۶ پر)

شہکار کلچرل سوسائٹی حول سرینگر کے زیر اہتمام

گرین ویلی انسٹی چیوٹ میں اشرف دلدار کا لکھا ہوا ڈرامہ ''جاگیر'' پیش

سرینگر/۲۵ مئی/(نامہ نگار) گرین ویلی انسٹی چیوٹ الٰہی باغ سرینگر کے آڈیٹوریم میں شہکار کلچرل سوسائٹی حول نے دلدار محمد اشرف شاہ کا لکھا اور الطاف حسین کے ہدایت میں ،، جاگیر ،، فوک ڈرامہ نارتھ کلچر زون پریگہ راج الہ آباد پی یو منسٹری آف کلچر حکومت ہند سے ایف پی جی سی سکیم کے تحت منظور شدہ اور مالی معاونت کے ساتھ پیش کیا۔ مذکورہ آڈیٹوریم میں کھچا کھچ بھرے ہوئے ڈرامہ شائقین کے ساتھ طالبات و ٹیچرس نے شرکت کی فنکاروں نے ڈرامہ پیش کرنے پر خوب داد حاصل کی۔ خاص طور گرین ویلی انسٹی چیوٹ کے چیرمین محمد یوسف وانی، انسٹی چیوٹ کے اکٹیوٹی آفیسر محمد رفیع، پرنسپل ریاض احمد کاکھو، منیجر اشفاق احمد وانی اور مہمانوں میں معروف اداکارہ و ڈائریکٹر جاوید گیلانی نامور براڈ کاسٹر محمد ساحل ڈار، معروف اداکار محمد شفیع خان ساحل نے اس ڈرامہ شو میں شرکت کر کے تقریب کو رونق بخشی اور بڑی دلچسپی کے ساتھ اس ڈرامے کا مشاہدہ کیا۔ اس ڈرامہ کو آجکل کے لوگوں خاص طور نوجوانوں تک پہنچنے کا بنیادی مقصد ہے کہ پچھلے دور میں سیدھے سادھے لوگوں کو کیسے مفاد پرست عناصر زمین ہڑپ کر کے استحصال کرتے تھے۔ تو آخر پر یہ مفاد پرست عناصر سب کچھ یہاں چھوڑ کر صرف 2 گز زمین کے نیچے موت کے آغوش میں ہمیشہ (بقیہ ۶ پر)

ہندوستان خوف کی لہر کا متحمل نہیں ہوسکتا، معیشت مستحکم ہے۔ سیتارمن

معاشی ترقی کے اردگرد مایوسی اور گھٹیا بیانیہ " پھیلانے والوں پر تنقید

ممبئی، 25 مئی (ایم این این) وزیر خزانہ نرملاسیتارامن نے پیر کے روز کہا کہ ہندوستان کی معیشت عالمی غیر یقینی صورتحال کے درمیان لچک دکھا رہی ہے، اور ایک مایوسی اور مذموم بیانیہ " کو پینٹ کرنے کی کوششوں کے خلاف سختی سے سامنے آیا جو ملک کی ترقی کی رفتار کی غلط تصویر پیش کرتا ہے۔ یہاں SIDBI کے یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر خزانہ نرملاسیتارمن نے ہندوستان کی اقتصادی رفتار کے اردگرد خدشات کو پیچھے دھکیل دیا۔ انہوں نے کہا، "ہندوستان خوف پھیلانے کا متحمل نہیں ہو سکتا جس سے عوام کے اعتماد کو ٹھیس پہنچتی ہو۔ انہوں نے کہا، اور اپنے ہی لوگوں کی کامیابیوں کو جھٹلانے والوں " پر تنقید کی۔ وزیر خزانہ نے ہندوستان کی معاشی ترقی کے اردگرد مایوسی اور گھٹیا بیانیہ " پھیلانے والوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ عام شہریوں کی کامیابیوں اور شراکت کو غیر منصفانہ طور پر نظر انداز کرتا ہے۔ انہوں نے دلیل دی کہ اعلیٰ تعدد کے اشارے لچکدار گھریلو طلب کی طرف اشارہ کرتے رہتے ہیں۔ ستمبر 2025 میں شرحوں میں کمی کے باوجود جی ایس ٹی کی وصولی مضبوط رہی، جبکہ خوردہ، زراعت اور ایم ایس ایم ای طبقات میں گاڑیوں کی فروخت اور کریڈٹ میں اضافہ صحت مند رہا۔ سیتارمن نے سی آئی آئی کے اعداد و شمار کا بھی حوالہ دیا، جس میں

دکھایا گیا ہے کہ ستمبر 2025 میں نجی شعبے کے اخراجات میں سال بہ سال 67 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ کارپوریٹ منافع کا مارجن مارچ کی سہ ماہی میں اپنی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ مشرق وسطیٰ میں جاری تنازعہ ایندھن کی بلند قیمتوں، جہاز رانی کے بڑھتے ہوئے اخراجات اور برآمدات میں رکاوٹوں کے ذریعے ہندوستان کی معیشت پر دباؤ پیدا کر سکتا ہے، جبکہ ہندوستان کے وسیع تر اقتصادی بنیادی اصولوں کو مضبوط رکھنے پر اصرار کیا۔ سیتارمن نے کہا کہ جغرافیائی سیاسی تناؤ کاروبار کے لیے ورکنگ کیپیٹل سائیکل کو متاثر کر سکتا ہے اور برآمدی آرڈرز کے اردگرد غیر یقینی صورتحال پیدا کر سکتا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ تنازعہ ایندھن کی قیمت کو مزید متاثر کر سکتا ہے، جس سے مہنگائی شپنگ ہو سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہندوستانی برآمدی کارگو کو پہلے ہی بحران کے دوران رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اثرات کو کم کرنے کے لیے، حکومت نے کسٹم کے طریقہ کار کو آسان بنایا اور برآمد کنندگان کو رکاوٹوں سے متاثر ہونے والے کارگو کو واپس لانے یا واپس لانے کی اجازت دی۔

بلوچستان لبریشن آرمی کو ہندوستان کی حمایت کے دعوے جھوٹے ہیں: حکومت

ہندوستان بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) کی حمایت کرتا ہے اور اسے ہتھیاروں اور مالی امداد کی فراہمی جاری رکھے گا۔

نئی دہلی، 25 مئی (یو این آئی) حکومت نے سوشل میڈیا پر کیے جا رہے اُن دعووں کی تردید کی ہے جن میں کہا گیا ہے کہ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) کی ہندوستان کی جانب سے حمایت کی بات کہی ہے۔ پریس انفارمیشن بیورو (پی آئی بی) نے پیر کے روز اپنے فیکٹ چیک ہینڈل پر کہا کہ یہ دعوے جھوٹے ہیں اور پاکستان کے مبینہ پروپیگنڈا نظام کا حصہ ہیں۔ پریس انفارمیشن بیورو (پی آئی بی) نے کہا کہ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کبھی بھی ایسا کوئی بیان نہیں دیا اور اس قسم کے جھوٹے دعوے عوام کو گمراہ کرنے کے لیے پھیلائے جا رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر کیے جا رہے دعووں میں کہا گیا تھا کہ راجناتھ سنگھ نے ایک اخبار سے گفتگو میں کہا ہے کہ

پرچہ لیک معاملے پر کانگریس کا مرکزی حکومت پر حملہ، جے رام بولے " : وزیر تعلیم پردھان استعفیٰ دیں"

نئی دہلی، 25 مئی (ایجنسیز) انڈین نیشنل کانگریس نے نیٹ-یو جی 2026 پرچہ لیک معاملے کو لے کر ایک بار پھر مرکزی حکومت پر سخت تنقید کی ہے اور کہا ہے کہ اتر پردیش میں مسلسل پرچہ لیک کے واقعات اور قائدِ حزب اختلاف راہل گاندھی کی جانب سے بھارت جوڑو نیائے یاترا کے دوران اس مسئلے کو اٹھانے کے بعد مودی حکومت نے فروری 2024 میں عوامی امتحانات (غیر قانونی ذرائع کی روک تھام) قانون منظور کیا تھا۔ جے رام رمیش نے پیر کے روز کہا کہ حکومت نے اس قانون کو "تاریخی " قرار دیا تھا، لیکن اپوزیشن نے اسی وقت خبردار کیا تھا کہ یہ قانون " گیس پیپر "اور دیگر ذرائع سے ہونے والے پرچہ لیک کو روکنے میں ناکام رہے گا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اب یہ واضح ہو چکا ہے کہ مودی حکومت کا یہ قانون پرچہ لیک روکنے کے لیے کافی نہیں تھا۔

کوئلے میں محفوظ قدیم جنگلات کی آگ کے شواہد

سے زمین کی آب وہوا کے بارے میں اہم سراغ ملے

نئی دہلی، 25 مئی (یو این آئی) محکمہ سائنس وٹیکنالوجی (ڈی ایس ٹی) کے ایک خودمختار ادارے برلبل ساہنی انسٹی ٹیوٹ آف پیلیو سائنسز (بی ایس آئی پی) کے محققین نے جدید طریقوں کی مدد سے تقریباً 25 کروڑ سال قبل قدیم گونڈوانا کے جنگلات میں لگنے والی شدید آگ کے شواہد کا مطالعہ کیا ہے۔ اس آگ نے زمین کی آب وہوا، نباتات اور کوئلہ بننے کے ماحول کو متاثر کیا تھا۔ ہندوستان پرمین (Permian)) دور کی چھوٹی تہوں میں چارکول (جلے ہوئے نامیاتی مادے) پر مبنی قدیم آتش زدگی کے مطالعے نے بڑے پیمانے پر قدیم جنگلاتی آگ کے پہلے مضبوط شواہد فراہم کیے تھے۔ ان نتائج کی بنیاد پر محققین نے پرمین دور کی چھوٹی تہوں میں موجود باریک چارکول ذرات کی مختلف اقسام میں فرق کرنا شروع کیا، جس سے آگ کی تاریخ کو زیادہ تفصیل اور درستگی کے ساتھ سمجھنے کی نئی راہیں کھلیں۔ اس سے قبل ماہرین نے نشاندہی کی تھی کہ آثارِ قدیمہ میں استعمال ہونے والے طریقوں میں باریک چارکول ذرات کی مختلف اقسام، خاص طور پر او ایکس-سی ایچ (Oxidized Opaque Phytoclasts) اور پی اے ایل-سی ایچ (Fire-induced Opaque Phytoclasts)، میں واضح فرق نہ کر پانا ایک بڑی رکاوٹ تھا۔ ماضی کی تحقیقات زیادہ تر خردبینی مشاہدات پر مبنی تھیں، جو معلوماتی ہونے کے باوجود ان ذرات کی اصل اور نوعیت کو سمجھنے میں ابہام پیدا کرتی تھیں۔ بی ایس آئی پی کے محققین نے اس مسئلے کے حل کے لیے ایک جدید "ملٹی پراکسی "طریقہ اختیار کیا، جس میں پیلیونوفیسس تجزیہ (گچھٹی چٹانوں میں محفوظ باریک نامیاتی مادے کا مطالعہ) کو رمن اسپیکٹروسکوپی اور فوریئر ٹرانسفارم انفرا ریڈ اسپیکٹروسکوپی (ایف ٹی آئی آر) جیسی جدید تکنیکوں کے ساتھ یکجا کیا گیا تاکہ ہندوستان کی گوداوری وادی کے گونڈوانا کوئلہ بردار ذخائر میں پرمین دور کی قدیم آتش زدگی کا ازسرِنو جائزہ لیا جا سکے۔ یہ تحقیق جیولوجیکل جرنل میں شائع ہوئی ہے اور اس کے نتائج گونڈوانا بیسن کے قدیم ماحولیاتی نظام کی بہتر تفہیم کے ذریعے طویل مدتی موسمیاتی تبدیلیوں کے زیادہ درست ماڈل تیار کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ اس سے مستقبل میں ماحولیاتی تبدیلیوں اور ماحولیاتی نظاموں، خصوصاً جنگلاتی آگ جیسے شدید واقعات، کی پیش گوئی بھی زیادہ مؤثر طریقے سے ممکن ہو سکتی ہے۔ نیہا اگروال، شیولی شریواستو اور رشی پال میتھیوز کی ٹیم نے باریک

کانگریس جلد ہی دو حصوں میں تقسیم ہو جائے گی: بی جے پی

نئی دہلی، 25 مئی (یو این آئی) بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے راہل گاندھی کو ہندوستانی سیاست کا بھسماسور' قرار دیتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ انڈین نیشنل کانگریس جلد ہی دو حصوں میں تقسیم ہو جائے گی۔ گورو بھاٹیہ نے پیر کے روز پارٹی ہیڈکوارٹر میں پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ یہ افسوسناک بات ہے کہ قائدِ حزب اختلاف ایسے وقت میں اس قسم کے بیانات دے رہے ہیں جب ملک مضبوطی کے ساتھ چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ "جہاں اس عالمی بحران کے دوران کئی ممالک کی معیشتیں کمزور ہوئی ہیں، وہیں دوسری جانب نریندر مودی کی قیادت میں ہندوستان اس عالمی چیلنج کا مضبوطی سے سامنا کر رہا ہے۔ ہماری معیشت مضبوط ہے۔ "انہوں نے کہا کہ ایک ٹول کٹ ماڈل'، جو تباہ کن، افراتفری پھیلانے والا، غیر پختہ اور احمقانہ ہے اور جو راہل گاندھی کی سوچ کی پیداوار ہے، ایک بار پھر سامنے آیا ہے، جب انہوں نے دعویٰ کیا کہ مرکز کی مودی حکومت ایک سال کے اندر گر جائے گی۔ گورو بھاٹیہ نے راہل گاندھی پر افراتفری پھیلانے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ "اگر آپ کا مقصد افراتفری پھیلانا ہے، تو ہمارا عزم ہندوستان کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ آپ اپنی پوری طاقت لگا دیں، ہم نے ہندوستان کو مزید آگے لے جانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ "بی جے پی ترجمان نے دعویٰ کیا کہ یہ حکومت، یعنی قومی جمہوری اتحاد (این ڈی اے) حکومت، مستحکم اور مضبوط ہے۔

ملک میں ایل پی جی کی پیداوار یومیہ 50 ہزار ٹن تک پہنچ گئی: حکومت

گزشتہ چار دنوں کے دوران 6480 سے زائد مقامات پر چھاپے 680 سے زیادہ سلنڈر ضبط

نئی دہلی، 25 مئی (ایجنسیز) مشرق وسطیٰ کے بحران کے پیش نظر ملک میں توانائی کی فراہمی یقینی بنانے میں مصروف حکومت نے کہا ہے کہ ملک میں ایل پی جی کی پیداوار یومیہ 50 ہزار ٹن تک پہنچ گئی ہے۔ پیر کے روز یہاں مختلف وزارتوں کی مشترکہ بریفنگ میں حکام نے بتایا کہ حکومت صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ سجاتا شرما، جو وزارتِ پٹرولیم و قدرتی گیس میں جوائنٹ سکریٹری ہیں، نے کہا کہ اس بحران کے باعث توانائی مصنوعات کی درآمد متاثر ہوئی ہے۔ ان کے مطابق ہندوستان اپنی ضرورت کا 40 فیصد خام تیل، 90 فیصد ایل پی جی اور 65 فیصد قدرتی گیس درآمد کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ توانائی مصنوعات کی فراہمی متاثر ہونے کے بعد مقامی پیداوار بڑھانے پر کام کیا جا رہا ہے اور اب ملک میں ایل پی جی کی روزانہ پیداوار 50 ہزار ٹن تک پہنچ چکی ہے۔ جلد بازی میں خریداری کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ گجرات، مہاراشٹر اور اتر پردیش کے بعض اضلاع میں اس طرح کے معاملات سامنے آئے ہیں، جس کی وجہ زرعی شعبے میں بڑھتی ہوئی طلب ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے اور تمام ریاستوں و مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے رابطہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ چار دنوں میں تقریباً 1.72 کروڑ ایل پی جی سلنڈروں کی ترسیل کی گئی۔ تقسیم کار کمپنیوں نے پانچ کلوگرام والے سلنڈروں کے لیے تقریباً 15,400 آگاہی کیمپ منعقد کیے، جبکہ 3 اپریل سے اب تک ان کیمپوں کے دوران 2.45 لاکھ سے زائد سلنڈر فروخت کیے جا چکے ہیں۔ مارچ سے اب تک تقریباً 7.99 لاکھ پی این جی کنکشن فعال کیے گئے ہیں، جبکہ مزید 2.87 لاکھ کنکشنز کے لیے بنیادی ڈھانچہ تیار کیا گیا ہے، جس سے مجموعی تعداد 10.86 لاکھ تک پہنچ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایل پی جی کی ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ روکنے کے لیے ملک بھر میں کارروائیاں جاری ہیں۔ گزشتہ چار دنوں کے دوران 6480 سے زائد مقامات پر چھاپے مارے گئے، 680 سے زیادہ سلنڈر ضبط کیے گئے، 11 مقدمات درج ہوئے اور ایک شخص کو گرفتار کیا گیا۔ گیس تقسیم کار ایجنسیوں کے حکام کی جانب سے اچانک معائنہ بھی جاری ہے اور گزشتہ چار دنوں میں 4100 سے زیادہ مقامات کا معائنہ کیا گیا ہے۔ وزارتِ کیمیکل و فرٹیلائزر کی جانب سے بتایا گیا کہ ملک میں کھاد کے ذخائر کی صورتحال اطمینان بخش ہے اور دستیابی مسلسل ضرورت سے زیادہ بنی ہوئی ہے، جس سے کسانوں کی ضروریات پوری کی جا رہی ہیں اور انہیں مناسب قیمتوں پر کھاد دستیاب کرائی جا رہی ہے۔

آسٹریلیا اور ہندوستان کے درمیان

شراکت داری پہلے کبھی اتنی اہم نہیں رہی: پینی وونگ

نئی دہلی، 25 مئی (یو این آئی) پینی وونگ، جو کواڈ ممالک کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں شرکت کے لیے یہاں آ رہی ہیں، نے کہا ہے کہ آسٹریلیا اور ہندوستان کے درمیان شراکت داری پہلے کبھی اتنی اہم نہیں رہی۔ منگل کو یہاں ہونے والے اجلاس میں شرکت کے لیے روانگی سے قبل پینی وونگ نے ایک بیان میں کواڈ کو موجودہ "غیر یقینی حالات "میں ایک اہم شراکت داری قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ چاروں ممالک مل کر ہند-بحرالکاہل خطے کے لیے پُرامن، مستحکم اور خوشحال مستقبل کی تعمیر کے لیے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کواڈ کے رکن ممالک آسٹریلیا، ہندوستان، جاپان اور امریکہ، بحری سلامتی، اہم معدنیات کی فراہمی، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور آفات سے نمٹنے جیسے مشترکہ مفادات پر ٹھوس کام کر رہے ہیں۔ ہندوستان کے دورے کے دوران وہ وزیر خارجہ ایس جے شنکر کے ساتھ 17ویں آسٹریلیا-ہندوستان وزرائے خارجہ فریم ورک مذاکرات میں بھی شرکت کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ آسٹریلیا اور ہندوستان کے درمیان شراکت داری پہلے کبھی اتنی اہم نہیں رہی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک، وسیع اسٹریٹجک شراکت داروں کے طور پر تجارت و سرمایہ کاری، دفاع اور بحری سلامتی، موسمیاتی تبدیلی اور توانائی منتقلی، اسٹریٹجک ٹیکنالوجی، نیز تعلیم اور مہارت کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنا رہے ہیں۔ ان کے مطابق، اس شراکت داری کی بنیاد مضبوط سماجی روابط پر قائم ہے۔

آدھار کارڈ رکھنے والوں کو الیکٹرک سائیکل فراہم کرنے کا دعویٰ فرضی: حکومت

نئی دہلی، 25 مئی (ایجنسیز) حکومت نے سوشل میڈیا پر کیے جا رہے اُن دعووں کو جھوٹا قرار دیا ہے جن میں کہا گیا ہے کہ مرکزی حکومت آدھار کارڈ رکھنے والوں کو الیکٹرک سائیکل فراہم کرے گی۔ پریس انفارمیشن بیورو (پی آئی بی) نے پیر کے روز اپنے فیکٹ چیک ہینڈل پر مصنوعی ذہانت (اے آئی) سے تیار کردہ ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کہا کہ یہ دعویٰ جھوٹا ہے۔ اس ویڈیو میں نریندر مودی کو یہ کہتے ہوئے دکھایا گیا ہے کہ آدھار کارڈ ہولڈرز کو الیکٹرک سائیکل دی جائے گی۔ پریس انفارمیشن بیورو (پی آئی بی) نے واضح کیا کہ نہ تو وزیر اعظم نریندر مودی اور نہ ہی مرکزی حکومت نے ایسی کوئی اعلان کیا ہے۔ ادارے نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ محتاط رہیں اور دلکش یا گمراہ کن دعووں کے جال میں نہ آئیں۔

کاروباری صلاحیت کے حوالے سے سوچ اور ذہنیت میں تبدیلی آ رہی ہے: دیپک باگلا

ہندوستان روزانہ نئے اسٹارٹ اپس شامل ہونے کے لحاظ سے دنیا میں پہلے نمبر پر ہے

نئی دہلی، 25 مئی (ایجنسیز) دیپک باگلا، جو نیتی آیوگ کے اٹل انوویشن مشن کے ڈائریکٹر ہیں، نے کہا ہے کہ ہندوستان میں کاروباری صلاحیت (انٹرپرینیورشپ) کے حوالے سے لوگوں کی سوچ اور ذہنیت میں بڑی تبدیلی آ رہی ہے اور اسٹارٹ اپ انڈیا مشن کی شاندار کامیابی اس بدلتے ہوئے بھارت کا سب سے بڑا اور واضح ثبوت ہے۔ دیپک باگلا نے پیر کے روز یہاں ایک نیوز چینل کے پروگرام میں کہا کہ کاروباری صلاحیت اب صرف متبادل کیریئر کا راستہ نہیں رہی بلکہ نوجوانوں کی پہلی ترجیح بنتی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ "میں ملک میں اس تبدیلی کو واضح طور پر دیکھ رہا ہوں۔ نریندر مودی نے بھی کہا تھا کہ اصل جدوجہد ذہنیت بدلنے کی ہے اور آج کاروباری صلاحیت ملک کی ترقی کے مرکز میں آ چکی ہے۔" انہوں نے کہا کہ اٹل انوویشن مشن، اٹل ٹنکرنگ لیبز اور اسٹارٹ اپ انڈیا جیسے اہم پروگراموں کا آغاز ملک میں ایک ایسے ترقی پسند معاشرے کی بنیاد رکھنے کے لیے کیا گیا، جو نئے خیالات اور کاروباری صلاحیت پر مبنی ہو۔ اسٹارٹ اپ دنیا میں اسٹارٹ اپ انڈیا کی کامیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ "یہ مشن ایک تاریخی کامیابی رہا ہے۔ آج ہندوستان یونیکورن کمپنیوں کی تعداد کے لحاظ سے دنیا میں تیسرے، کل اسٹارٹ اپس کے لحاظ سے دوسرے اور روزانہ نئے اسٹارٹ اپس شامل ہونے کے لحاظ سے دنیا میں پہلے نمبر پر ہے۔ یہ نہ صرف حکومتی پالیسیوں کی کامیابی ظاہر کرتا ہے بلکہ یہ بھی ثابت کرتا ہے کہ عوام نے اسے قبول کر کے نئی بلندیوں تک پہنچایا ہے۔" انہوں نے بتایا کہ اس وقت حکومت کے پاس تقریباً دو لاکھ رجسٹرڈ اسٹارٹ اپس موجود ہیں۔ اس کے علاوہ اٹل انوویشن مشن کے آغاز سے اب تک 1.1 کروڑ سے زائد نوجوان صرف اٹل ٹنکرنگ لیبز کے ذریعے سیکھ کر آگے بڑھ چکے ہیں۔ دیپک باگلا نے ہندوستانی تعلیمی نظام کی مضبوطی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ یہی وجہ ہے کہ دنیا کی بڑی کمپنیوں میں ہندوستانی نژاد سی ای اوز بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ ان کے مطابق ہندوستانیوں کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ بغیر کسی طے شدہ رہنما کتاب کے، نامعلوم اور مشکل حالات میں بھی راستہ نکال کر کام کو کامیابی سے مکمل کرنا جانتے ہیں۔ انہوں نے مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے معاشرے اور روزگار پر اثرات پر بات کرتے ہوئے کہا کہ دنیا تیزی سے ایک ایسے غیر معمولی دور میں داخل ہو رہی ہے جہاں ہر روز نئی امکانات پیدا ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ "انسانی تاریخ میں پہلی بار ہم ایسی چیز تیار کر رہے ہیں جو انسانی دماغ سے بھی زیادہ ذہین ثابت ہو سکتی ہے۔ ہم معاشرے، معیشت اور انسانی زندگی کے ایک نئے دور کی دہلیز پر ہیں، جہاں سوچنے اور کام کرنے کے طریقے مکمل طور پر بدل جائیں گے۔" انہوں نے اس بات کی طرف بھی توجہ دلائی کہ اے آئی نے علم اور معلومات کو سب کے لیے آسانی سے قابلِ رسائی تو بنا دیا ہے، لیکن یہ تکنیکی تبدیلی ایسے وقت میں آ رہی ہے جب نوجوان نسل ذہنی دباؤ اور بے چینی کا سامنا کر رہی ہے۔ ان کے مطابق، ' آج کی نسل کو اینزائٹی جنریشن' کہا جا رہا ہے۔

سپریم کورٹ میں ایک عرضی دائر کی گئی ہے جس میں کاکروچ جنتا پارٹی' کی سرگرمیوں کی تحقیقات کا مطالبہ کیا گیا

'کاکروچ جنتا پارٹی "عدلیہ کی شبیہ کو نقصان پہنچا رہی ہے'' درخواست گزار

نئی دہلی، 25 مئی (یو این آئی) سپریم کورٹ آف انڈیا نے کاکروچ جنتا پارٹی' سے وابستہ افراد کی سرگرمیوں کی سی بی آئی جانچ کا مطالبہ کرنے والی عرضی پر فوری سماعت سے انکار کر دیا ہے۔ یہ طنزیہ سوشل میڈیا تحریک ہندوستان کے چیف جسٹس سوریا کانت کے حالیہ ''کاکروچ "تبصرے کے بعد سامنے آئی تھی۔ درخواست گزار کی جانب سے پیش ہوئے وکیل این کے گوسوامی نے پیر کے روز دلیل دی کہ ''کاکروچ جنتا پارٹی "عدلیہ کی شبیہ کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ چیف جسٹس سوریا کانت اور جسٹس جوی مالیا باگچی اور جسٹس وی ایم پنچولی پر مشتمل بنچ نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ 'اسے اتنی جذباتی انداز میں نہ لیں۔ "ایک اور وکیل نے دلیل دی کہ درخواست گزار جعلی قانون کی ڈگریوں کے معاملے میں سی بی آئی جانچ کا مطالبہ کر رہے ہیں، ساتھ ہی یہ موقف بھی اختیار کیا کہ عدالت میں ہونے والی گفتگو کا تجارتی استعمال نہیں ہونا چاہیے۔ اس دلیل پر ردِعمل دیتے ہوئے چیف جسٹس نے کہا کہ ' ایسی کوئی سنجیدہ ضرورت نہیں ہے، ہم دیکھیں گے۔' " کاکروچ جنتا پارٹی "اس ماہ کے آغاز میں ایک طنزیہ آن لائن تحریک کے طور پر سامنے آئی، جس نے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر، خاص طور پر نوجوانوں کے درمیان، مقبولیت حاصل کی۔ اس تحریک کی شروعات 15 مئی کو سپریم کورٹ آف انڈیا میں ہونے والی سماعت سے ہوئی، جس میں چیف جسٹس سوریا کانت کی سربراہی والی بنچ نے بے روزگار نوجوان وکلا کے وکالت چھوڑ کر سوشل میڈیا اور آر ٹی آئی سرگرمیوں کی طرف رجحان پر تشویش ظاہر کی تھی۔ چیف جسٹس نے تبصرہ کیا تھا کہ ' ایسے نوجوان کاکروچ کی طرح ہیں جنہیں اس پیشے میں روزگار نہیں مل رہا۔ کچھ سوشل میڈیا پر سرگرم ہیں اور کچھ آر ٹی آئی کارکن بن گئے ہیں۔" بعد میں چیف جسٹس نے وضاحت کی کہ ان کا تبصرہ جعلی اہلیت اور جعلی ڈگریوں کے ذریعے پیشے میں داخل ہونے والے افراد کے لیے تھا، نہ کہ عمومی طور پر بے روزگار نوجوانوں کے لیے۔

ایندھن کی قیمتوں پر کھڑگے کا حکومت پر حملہ، "

ہر روز ہو رہی ہے عوام کی جیب پر ڈکیتی"

نئی دہلی 25 مئی (یو این آئی) کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے پٹرول اور ڈیزل کی مسلسل بڑھتی ہوئی قیمتوں پر مرکز کی مودی حکومت پر حملہ بولا ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کانگریس صدر نے کہا کہ فیول لوٹ " کا سلسلہ ابھی ختم نہیں ہوا ہے اور گزشتہ 10 دنوں میں چوتھی بار پٹرول ڈیزل کے دام بڑھائے گئے ہیں۔ مسٹر کھڑگے نے کہا کہ گزشتہ دو ہفتوں میں پٹرول کی قیمتوں میں کل 7.35 روپے فی لیٹر اور ڈیزل میں 7.53 روپے فی لیٹر کا اضافہ ہو چکا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ مودی حکومت نے عام لوگوں کی بچت کو جلانے " کے لیے پٹرول چھڑک دیا ہے۔ کانگریس صدر نے دعویٰ کیا کہ سال 2004 سے 2014 کے درمیان یو پی اے حکومت کے دوران بین الاقوامی خام تیل کی قیمتوں میں 175.34 فیصد کا اضافہ ہوا تھا، جبکہ مودی حکومت کے دور اقتدار میں بین الاقوامی کروڈ آئل کی قیمتوں میں کوئی قابل ذکر اضافہ نہیں ہوا۔ اس کے باوجود پٹرول کی قیمت 71.41 روپے فی لیٹر سے بڑھ کر 102.12 روپے اور ڈیزل 56.71 روپے سے بڑھ کر 95.20 روپے فی لیٹر پہنچ گیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ مودی حکومت نے عوام سے گزشتہ 12 برسوں میں ایندھن کے ذریعے 43 لاکھ کروڑ روپے کی لوٹ " کی ہے، جو ہر روز تقریباً 1000 کروڑ روپے کے برابر ہے۔ مسٹر کھڑگے نے یہ بھی کہا کہ پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کے بعد ایچ پی سی ایل، بی پی سی ایل اور آئی او سی جیسی سرکاری تیل کمپنیوں کے شیئرز میں تیزی درج کی گئی، جس سے صاف ہے کہ بی جے پی عوام نہیں، منافع " کی سیاست کر رہی ہے۔

فوج تاریخی تبدیلی کے دور سے گزر رہی ہے: جنرل چوہان

فوجی اہلکار مستقبل کی ایسی تیار فوج کے وژن کے لیے پُرعزم رہیں

جو مسلسل پیچیدہ ہوتے اسٹریٹجک ماحول میں ابھرتے ہوئے سکیورٹی چیلنجز کا مؤثر مقابلہ کر سکے

نئی دہلی، 25 مئی (یو این آئی) جنرل انیل چوہان نے کہا ہے کہ فوج ایک تاریخی تبدیلی کے دور سے گزر رہی ہے، جس کا مقصد تینوں افواج کے درمیان انضمام کو مضبوط بنانا، عملی ہم آہنگی کو بہتر کرنا اور مستقبل کی جنگی ضروریات کے مطابق صلاحیتیں تیار کرنا ہے۔ جنرل انیل چوہان نے پیر کے روز یہاں مانیک شا سینٹر میں ہیڈکوارٹر، انٹیگریٹڈ اسٹاف اور محکمہ فوجی امور کے جونیئر کمیشنڈ افسران (جے سی او)، دیگر رینکس اور سول عملے سے خطاب کرتے ہوئے انضمام، خود انحصاری اور اختراع کو مسلح افواج میں جاری تبدیلی کے بنیادی ستون قرار دیا۔ اس گفتگو کے دوران انہوں نے کہا کہ ہندوستانہ فوج ایک تاریخی تبدیلی کے مرحلے سے گزر رہی ہے، جس کا مقصد تینوں افواج کے درمیان انضمام کو مزید مضبوط بنانا، آپریشنل تال میل کو بہتر کرنا اور مستقبل کی جنگی ضروریات کے مطابق صلاحیتوں کو فروغ دینا ہے۔ چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انیل چوہان نے زور دے کر کہا کہ صرف ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے مطلوبہ تبدیلی حاصل نہیں کی جا سکتی، بلکہ اس عمل کی کامیابی ہر سطح پر موجود اہلکاروں کے عزم، پیشہ ورانہ رویے اور فعال شرکت پر بھی اتنی ہی منحصر ہے۔

آیوش شعبہ ہندوستان کی متمول روایتی علمی وراثت اور صحت خدمات کی ابھرتی ضروریات کا منفرد امتزاج ہے: ڈاکٹر پنکج

نئی دہلی، 25 مئی (ایجنسیز) ڈاکٹر پنکج کمار سنگھ، دہلی کے وزیر صحت، نے پیر کے روز کہا کہ آیوش شعبہ ہندوستان کی متمول روایتی علمی وراثت اور صحت خدمات کی ابھرتی ضروریات کا ایک منفرد امتزاج ہے۔ ڈاکٹر پنکج کمار سنگھ کی موجودگی میں ہیلتھ کیئر سیکٹر اسکل کونسل، جو وزارت ہنرمندی ترقی و صنعت کاری کے تحت کام کرتی ہے، نے آج چودھری برہم پرکاش آیورویدچرک انسٹی ٹیوٹ کے ساتھ ایک مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے۔ اس کا مقصد آیوش کے اہم شعبوں جیسے آیورویدغذا و تغذیہ، آیورویدڈائٹ، یوگا و ویلنیس ٹریننگ، آیورویدمساج تھیراپسٹ، پنچ کرما اسسٹنٹ اور پنچ کرما ٹیکنیشن وغیرہ میں قومی مہارت اہلیت فریم ورک کے مطابق خصوصی مہارت پر مبنی تربیتی پروگراموں کے لیے ایک مضبوط ڈھانچہ تیار کرنا ہے۔

اس سال یوم عرفہ پر 1993 کے بعد پہلی بار ایک نایاب فلکیاتی مشاہدہ ہوگا

مکہ مکرمہ میں سایہ مکمل طور پر ختم ہو جائے گا

دبئی/۲۵ مئی/ (آفاق نیوز ڈیسک) اس سال یوم عرفہ پر ایک نایاب فلکیاتی مظہر بھی دیکھنے کو ملے گا، جب سورج براہ راست خانہ کعبہ کے عین اوپر آ جائے گا۔ یہ منظر تقریباً ہر 33 سال بعد پیش آ رہا ہے۔ ماہرین فلکیات کے مطابق یہ واقعہ 27 مئی 2026 کو دوپہر کے وقت پیش آئے گا، جو کہ 9 ذوالحجہ 1447 ہجری (یوم عرفہ) کا دن ہوگا۔ اس لمحے سورج بالکل خانہ کعبہ کے اوپر ہوگا جس کے باعث مکہ مکرمہ میں سایہ مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔ عام طور پر خانہ کعبہ کے اوپر سورج کا یہ زاویہ سال میں دو بار بنتا ہے، جس کی وجہ مکہ مکرمہ کا جغرافیائی محل وقوع ہے، جو تقریباً 21.4 ڈگری شمالی عرض بلد پر واقع ہے۔ اس دوران سورج خط استوا اور مدار سرطان کے درمیان حرکت کرتا دکھائی دیتا ہے۔ تاہم اس سال اس مظہر کی خاص بات یہ ہے کہ یہ یوم عرفہ کے ساتھ موافق ہو رہا ہے، جو ایک نایاب اتفاق ہے۔ اس سے قبل ایسا 1993 میں ہوا تھا۔ ماہرین کے مطابق یہ فرق قمری (ہجری) اور شمسی (عیسوی) کیلنڈرز کے درمیان فرق کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے اور تقریباً 33 سال بعد دوبارہ ایک ہی تاریخ پر ہم آہنگی پیدا ہوتی ہے۔ سعودی عرب کے نیشنل سینٹر فار میٹرولوجی نے واضح کیا ہے کہ یہ ایک قدرتی اور معمول کا فلکیاتی مظہر ہے جس کا درجہ حرارت میں غیر معمولی اضافے سے کوئی لازمی تعلق نہیں۔ ادارے کے ترجمان حسین القحطانی کے مطابق موسم کی شدت کا انحصار کئی عوامل پر ہوتا ہے جن میں نمی، بادلوں کی موجودگی، ہوا کی رفتار اور فضائی دباؤ شامل ہیں، نہ کہ صرف سورج کی پوزیشن پر۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس مظہر کی نگرانی ہر سال معمول کے مطابق کی جاتی ہے اور عوام کو چاہیے کہ وہ موسم سے متعلق معلومات کے لیے صرف مستند ذرائع پر انحصار کریں



مسجد نبویؐ میں روضہ شریف کی زیارت اور بکنگ کا شیڈول جاری

مدینہ منورہ، 25 مئی (یو این آئی) مسجد نبویؐ میں روضہ شریف کی زیارت کے لیے اوقات کار اور بکنگ شیڈول جاری کر دیا گیا۔ سعودی وزارت حج و عمرہ کی جانب سے جاری شیڈول کے مطابق مرد حضرات کے لیے روزانہ زیارت کا وقت رات 2 سے نماز فجر تک ہوگا۔ صبح 11:20 سے نماز عشا تک بھی زیارت کا وقت مردوں کیلئے مقرر کیا گیا ہے۔ خواتین فجر کے بعد سے صبح 11 بجے تک اور نماز عشا کے بعد رات 2 بجے تک زیارت کر سکیں گی۔ جمعہ کو مردوں کے لیے زیارت کا وقت رات 2 سے نماز فجر تک ہوگا اور صبح 9 بجے سے نماز عشا تک ہوگا جب کہ خواتین فجر کے بعد سے صبح 9 بجے تک اور نماز عشا کے بعد رات 2 بجے تک زیارت کر سکیں گی۔

اے آئی کو مالی منافع کے بجائے انسانوں کے عمومی مفاد کے لیے استعمال کیا جائے، پوپ لیو کی اپیل

ویٹی کن/۲۵ مئی/ (آفاق نیوز ڈیسک) دنیا بھر کے کیتھولک مسیحیوں کے روحانی پیشوا پوپ لیو چہاردہم نے پیر 25 مئی کے روز اپیل کی کہ مصنوعی ذہانت یا آرٹیفیشل انٹیلیجنس (اے آئی) کے شعبے کے لیے بین الاقوامی سطح پر ٹھوس ضوابط وضع کیا جانا چاہییں اور اس پیش رفت کو اس شعبے میں کام کرنے والے ادارے اپنے کاروباری منافع کے بجائے انسانوں کی فلاح اور ان کے عمومی مفاد کے لیے استعمال کریں۔ پاپائے روم لیو کی یہ اپیل ان کے پیر کے روز جاری کردہ اس جامع منشور میں سامنے آیا، جسے لاطینی زبان میں Magnifica Humanitas کا عنوان دیا گیا ہے۔ اس منشور کے عنوان کا اردو میں مطلب شاندار انسانیت بنتا ہے۔ کلیسائے روم کے سربراہ کے جاری کردہ اس منشور کا مقصد ایک ایسے دور میں انسانوں، انسانیت اور ان دونوں سے جڑی اقدار کا تحفظ ہے، جب مصنوعی ذہانت سمیت جدید ٹیکنالوجی کام کاج سے لے کر جنگوں تک انسانی زندگی کے ہر پہلو پر گہرے اثرات مرتب کر رہی ہے۔ کیتھولک مسیحی عقیدے کی تاریخ میں پوپ لیو کلیسائے روم کے ایسے پہلے سربراہ ہیں، جو امریکہ میں پیدا ہوئے تھے۔ انہوں نے پاپائے روم بننے کے چند ہی روز بعد ایک بیان میں کہا تھا کہ ان کی رائے میں انسانیت کو درپیش سب سے بڑے چیلنجز میں سے ایک مصنوعی ذہانت یا اے آئی بھی ہے۔ پوپ لیو کے گزشتہ بیانات کی روشنی میں ان کی طرف سے اس منشور کے اجرا کا شدت سے انتظار کیا جا رہا تھا۔ کیتھولک چرچ کی ایک مذہبی اصطلاح کے طور پر اسے encyclical کہتے ہیں۔ اس سے مراد پاپائے روم کا کلیسائی عہدیداروں اور اپنے مذہبی پیروکاروں کے نام لکھا جانے والا وہ کھلا خط ہوتا ہے، جس میں پوپ کی طرف سے بالعموم کوئی نصیحت کی جاتی ہے، کسی معاملے میں حوصلہ افزائی کی جاتی ہے یا پھر کسی اہم مسئلے پر تنبیہ کی جاتی ہے۔ پوپ لیو چہاردہم نے ماگنیفیکا ہیومانیٹاس نامی اپنے اس کھلے خط میں اس رجحان کی مذمت کی ہے کہ اے آئی کو ترقی دینے کی دوڑ میں اور خاص طور پر دور بیٹھ کر لڑی جانے والی جنگوں کے جدید سے جدید تر طریقے اختیار کرنے کے لیے مقابلہ بازی میں صرف طاقت کی ثقافت یا کلچر آف پاور کو ترقی دی جا رہی ہے۔ افریقی ملک ڈیموکریٹک ریپبلک کانگو میں مہلک ایبولا وائرس کی وبا کے دوران اس بیماری کے مشتبہ کیسز کی تعداد اب 904 ہو گئی ہے، جن میں سے طبی تشخیص کے بعد مصدقہ کیسز کی تعداد اب 101 بتائی جا رہی ہے۔ جمہوریہ کانگو کی وزارت اطلاعات نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنی ایک پوسٹ میں لکھا کہ اس وبا کے آغاز سے اب تک ہلاک ہونے والوں کی تعداد بھی اب 119 ہو گئی ہے۔ ان اموات میں سے بہت سی ایسی ہیں جو مصدقہ طور پر ایبولا وائرس کی وجہ سے ہوئیں جبکہ باقی کے بارے میں خیال ہے کہ ان کا سبب مشتبہ طور پر ایبولا وائرس ہی تھا۔ کانگو میں اس وبا کے زیادہ تر کیسز ایتوری، شمالی کیوو اور جنوبی کیوو کے تین صوبوں میں ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ ایبولا وائرس کی مشرقی کانگو میں پھیلنے والی اس وبا نے ہمسایہ ملک یوگنڈا کو بھی متاثر کیا ہے، جہاں اس وائرس کے اب تک پانچ مشتبہ کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔ اس کے علاوہ کمپالا میں یوگنڈا کی وزارت صحت نے آج پیر کے روز بتایا کہ اس ملک میں بھی ایبولا وائرس کے مزید دو نئے کیسز کی تصدیق ہو گئی ہے۔ اقوام متحدہ کے ادارہ برائے صحت ڈبلیو ایچ او کے مطابق ایبولا وائرس کی اس وبا کے پھیلاؤ کا کانگو میں خطرہ بہت زیادہ ہے، جبکہ علاقائی سطح پر اس وبائی مرض کے پھیلنے کا امکان بھی کافی زیادہ ہے۔ تاہم عالمی سطح پر اس وبا کے کورونا وائرس کی عالمی وبا کی طرح پھیلاؤ کا امکان بہت کم ہے۔ ایبولا وائرس ہوا کے ذریعے ایک انسان سے دوسرے میں منتقل نہیں ہوتا، بلکہ اس کے لیے کسی صحت مند انسان کا کسی متاثرہ مریض کے جسم سے خارج ہونے والے مائع مادوں یا رطوبتوں کے ساتھ براہ راست رابطہ لازمی ہوتا ہے۔

شدید گرمی میں میدان عرفات میں ماحول کو کیسے ٹھنڈا رکھا جا رہا ہے؟

عازمینِ حج گرمی سے بچاؤ کے لیے کیا کریں؟ سعودی وزارت صحت کی اہم ہدایت

مکہ مکرمہ، 25 مئی (یو این آئی) حجاج کو گرمی سے بچانے کے لیے میدان عرفات میں ماحول کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ آج سے مناسک حج کا آغاز ہو چکا ہے اور کل حج کا رکن اعظم وقوف عرفات ادا کیا جائے گا، 16 لاکھ سے زائد عازمین عرفات میں قیام کریں گے اور مسجد نمرہ سے خطبہ حج ادا کیا جائے گا۔ حج ایام میں سعودی عرب میں گرد و غبار کے طوفان کے ساتھ شدید ترین گرمی کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اس لیے سعودی حکومت نے میدان عرفات اور مسجد نمبر کے اطراف ماحول کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ حج سیزن 2026 کے ترقیاتی منصوبے کے مطابق میدان عرفات اور مسجد نمرہ کے اطراف میں شجرکاری کرتے ہوئے سیکڑوں سایہ دار درختوں کے ساتھ شیڈ اسٹرکچر اور بڑی تعداد میں ٹھنڈے پانی کی پھوار چھڑکنے والے جدید پنکھے نصب کیے گئے ہیں تاکہ وقوف عرفہ کے دوران حجاج کو گرمی کی شدت سے محفوظ رکھا جا سکے۔ عازمین کی سہولت کے لیے میدان عرفات میں مختلف راہداریاں بنائی ہیں۔ اس کی خصوصیت ہے کہ اسپیشل میٹریل سے ایسے چکدار راستے بنائے گئے ہیں جن پر چلنے سے عازمین کو تھکن کا احساس نہیں ہوگا۔ واضح رہے کہ سعودی محکمہ موسمیات نے حج کے دوران شدید گرمی پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ مکہ مکرمہ میں آج سے درجہ حرارت 47 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے۔ عازمین حج گرمی سے بچاؤ کے لیے کیا کریں؟ سعودی وزارت صحت کی اہم ہدایت منیٰ اور عرفات میں بھی موسم شدید گرم ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق یوم عرفہ پر بھی درجہ حرارت 45 ڈگری رہنے کا امکان ہے۔ ادھر سعودی وزارت صحت کی جانب سے عازمین کو دوران حج دھوپ سے بچاؤ کے لیے چھتری کے استعمال کی ہدایت کی گئی ہے۔ وزارت صحت کے بیان میں کہا گیا ہے کہ مقدس مقامات کے سفر کے دوران شدید دھوپ میں عازمین حج کے لیے چھتری کا استعمال مددگار ثابت ہوتا ہے، وزارت نے یہ ہدایت بھی کی کہ عازمین چھتری کو کلائی کے پٹے کے ساتھ محفوظ رکھیں۔ واضح رہے کہ مناسک حج کا آغاز ہو گیا ہے، عازمین منیٰ پہنچ چکے ہیں، جہاں وہ آج قیام کے بعد کل نماز فجر کے بعد میدان عرفات روانہ ہوں گے اور خطبہ حج سنیں گے، ظہر اور عصر کی نماز قصر کے ساتھ ادا کریں گے، غروب آفتاب کے بعد حجاج عرفات سے مزدلفہ روانہ ہوں گے اور رات کھلے آسمان تلے مزدلفہ میں گزاریں گے۔ مناسک حج کا باقاعدہ آغاز ہو گیا، لاکھوں عازمینِ حج منیٰ پہنچنا شروع مغرب اور عشا کی نمازیں یکجا کر کے ادا کریں گے اور رمی کے لیے کنکریاں چنیں گے، دس ذوالحجہ کی صبح جمرات میں بڑے شیطان کو کنکریاں مارنے کے بعد قربانی کر کے بال کٹوائیں گے اور احرام کھول دیں گے، جس کے بعد حجاج طواف زیارت کریں گے اور منیٰ واپس پہنچیں گے۔ منیٰ میں قیام کے دوران حجاج شیطان کو کنکریاں ماریں گے اور بارہ ذوالحجہ کو مغرب سے قبل منیٰ سے نکل جائیں گے، جس کے ساتھ حج کے مناسک مکمل ہو جائیں گے۔

سعودی عرب میں ملازمت کے خواہشمند افراد کیلیے انتہائی اہم ہدایات

اسلام آباد، 25 مئی (ایجنسیز) سعودی عرب میں باوقار روزگار حاصل کرنے اور محفوظ مستقبل بنانے کے خواہشمند افراد ان ضروری ہدایات پر عمل کریں۔ لاکھوں لوگ اس وقت روزگار کے لیے بیرون ملک مقیم ہیں اور ان کی جانب سے بھیجے گئے قیمتی زرمبادلہ ملکی معیشت کی روانی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ سب سے زیادہ پاکستانی سعودی عرب اور خلیجی ممالک میں روزگار کے لیے جاتے ہیں اور اب بھی ہزاروں وہاں جانے کی خواہش رکھتے ہیں۔ وہ پاکستان جو سعودی عرب میں ملازمت کر کے باعزت روزگار کما رہے ہیں اور وہ جو وہاں جانے کے خواہشمند ہیں۔ وہ اپنے باوقار روزگار کی حفاظت اور محفوظ مستقبل کے لیے بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ کی درج ذیل ہدایات پر عمل کریں۔ 1- اقامہ (رہائشی اجازت نامہ) ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں 2- اقامہ کی میعاد ختم ہونے سے قبل ہی اس کی تجدید کروائیں 3- پاکستانی سفارتخانہ / قونصل خانے کا ہنگامی نمبر محفوظ رکھیں 4- ملک چھوڑنے سے قبل ایگزٹ کلیئرنس مکمل کریں 5- اختتامی گریجویٹی بینیفٹ کا حساب رکھیں 6- عوامی مقامات پر شائستہ اور ڈھکا ہوا لباس پہنیں 7- مقدس مقامات اور اسلامی شعائر کا احترام کریں 8- ماہانہ تنخواہ کی رسیدیں اور بینک اسٹیٹمنٹ محفوظ رکھیں 9- صرف سرکاری بینکنگ چینلز سے رقم پاکستان بھیجیں 10- ہنگامی فنڈ کے طور پر ماہانہ آمدنی کا کچھ حصہ ضرور بچا کیں 11- روزگار معاہدے کی کاپی اپنے پاس محفوظ رکھیں۔

برطانوی وزیرِ اعظم کا لڑکیوں سے زیادتی کے کم عمر ملزمان کو جیل نہ بھیجنے پر اظہارِ تشویش

لندن، 25 مئی (ایجنسیز) برطانوی وزیر اعظم سر کیئر اسٹارمر نے 2 کم عمر لڑکیوں کے ساتھ زیادتی کے مقدمے میں 3 لڑکوں کو جیل کی سزا نہ دینے کے عدالتی فیصلے کو افسوس ناک قرار دے دیا۔ رپورٹس کے مطابق 14 اور 13 سالہ لڑکوں نے 2 مختلف واقعات میں 15 اور 14 سالہ لڑکیوں کو زیادتی کا نشانہ بنایا تھا، عدالت نے ملزمان کو قید کے بجائے اصلاحی نگرانی کی سزا سنائی۔ برطانوی وزیر اعظم نے متاثرہ لڑکیوں کی بہادری کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے انتہائی مشکل حالات میں غیر معمولی حوصلے کا مظاہرہ کیا۔ کیئر اسٹارمر نے سزا پر نظر ثانی کے عمل کی بھی حمایت کی۔ دوسری جانب متاثرہ لڑکیوں میں سے ایک نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عدالتی فیصلہ میرے لیے شدید ذہنی صدمے کا باعث بنا اور محسوس ہوا کہ مجرموں کو بہت نرم سزا دی گئی ہے۔

THE JAMMU AND KASHMIR BOARD OF SCHOOL EDUCATION NEW CAMPUS BEMINA SGR.

ATTENTION PLEASE

The Candidate whose Photograph is above reports that he/she lost his/her Qualification certificate/s having the following description:-

1. ROLL NO:-180526
2. Class:- SSE(10th CLASS)
3. Year and Session:-2011 Bi-Annual
4. Registration No:-N09400030010
5. Name:-AADIL MANZOOR GANIE
6. Mothers Name:-DILSHADA AKHTER
7. Fathers Name:-MANZOOR AHMAD GANIE
8. Date of Birth:-26-03-1994
9. Residence:-KHARGUND CHOWGAM

Now the Candidate has applied for issuance of DUPLICATE QUALIFICATION CERTIFICATE/S. Before the case will be processed under rules, if somebody have any kind of objection in this regard he/she shall approach the office of the undersigned within 07 days from the date of publication of this notice after expiring date no objection shall be entertained. (Besides, the above losted "QUALIFICATION CERTIFICATE" bearing S NO/s IIBIKAM-8003123 is /are be besecated as (CANCELLED)

Sd/

Assistant Secretary Certificates, KD **JNA7780878931**

THE JAMMU AND KASHMIR BOARD OF SCHOOL EDUCATION

Branch Office Doru

NOTICE FOR GENERAL PUBLIC

The Applicant/Candidate whose Photograph is Published in this notice is claiming to have LOST his /her Original Marks Certificate (s) of Class SEE 10threspectively, as per below mentioned details:-



Name:-:-AADIL MANZOOR GANIE
Father's Name:-MANZOOR AHMAD GANIE
Mothers Name:-DILSHADA AKHTER
Roll No.180526, Year and Session:-2011 Bi-Annual,
Date of Birth:-26-03-1994, Result PASS,
Residence:-KHARGUND CHOWGAM.

Accordingly the Candidate concerned has approached to this Office for issuance of duplicate Marks Card, so before the same is processed and provided to the Candidate under Rule, anybody having objections in this regard shall baring intothe notice of Assistant-Secretary Branch Doru within a period of 07 days from the date of this notice.

Sd/

Assistant-Secretary Branch Doru JNA7780878931

PUBLIC NOTICE

I Ghulam Hassan Sheikh S/o Ali Mohammad Sheikh R/o Meerakshah Colony, Srinagar do hereby declare that I am the father of 1/Fayaz Ahmad Sheikh 2/ Lateef Ahmad Sheikh 3/Muneer Ahmad Sheikh.I disown my above said sons from my relationship w.e.f.25-05-2026. I disown my above said sons from all my immovable and moveable properties from now on.I have no concern with my above said sons and I will not interfere with their life.That neither me nor any of my family members shall be responsible for any of their acts in future.

PUBLIC NOTICE

I Raof Ahmed Khan S/O Ab Hamid Khan R/O Mira Masjeed Khanyar Srinagar A/P Rose Lane Lal Nagar Chanapora Srinagar working as SI/telecom in J&K Police Telecommunication under No.1479/PW (Tele-973466) am representing for correction of my name and parentage recorded as Roof Ahmad Khan S/O Ab. Hameed Khan in the service records instead of Raof Ahmad Khan S/O Ab Hamid Khan.

As such, objections, if any, in this regard are invited from general public, which should reach to Zonal Headquarters Police Telecommunication Kashmir within the period of (7) Seven day from the date of publication of this notice.



The Jammu and Kashmir
STATE BOARD OF SCHOOL EDUCATION. KASHMIR DIVISION
APPLICATION FORM FOR
DUPLICATE MARKS CERTIFICATE/REGISTRATION CARD/COMBINATION OF MARKS CERTIFICATES ETC.
Subject:- Application For MARKS CERTIFICATE 12TH
a. Name of the Applicant: AADIL MANZOOR GANIE (In Capital Letters)
b. Father's Name:- MANZOOR AHMAD GANIE (In Capital Letters)
c. Mother's Name: DILSHADA AKHTER (In Capital Letters)
d. Registration No.:- N09400030010
e. Address for Correspondence:- KHARGUND CHOWGAM DEVSAR
f. Permanent Address:- KHARGUND TEH DEVSAR DIST KULGAM
g. Contact Nos:- Cell:- 6005291136 Landline:-
h. Other Information (Examination/s Appeared and details thereof):-

S.No.	Roll NO.	Examination	Session	Year	Result	Remarks
1	180526	10th	Bi-annual	2011	passed	
2	632255	12th	Annual	2013	passed	

h. Reason/s for applying the Document:- Lost the documents due to fire in house.
i. Prescribed Fee of Rs. ____ Deposited Vide Bank Slip No. ____ dated ____
j. I Aadil Manzoor Ganie (the applicant) undertake that the Document applied for is based upon genuine reasons, the information furnished by me in this Form is correct. Nothing has been concealed or Presented in a fabricated Form. In the event, the furnished information is found incorrect, the BOSE shall have the authority to take any decision which shall be final, acceptable to me and a binding upon me.
Dated:- Signature of the Applicant

Government of Jammu & Kashmir

Office of the Principal Govt. HSS Chakoora, Pulwama

NOTIC INVITING AUCTION

It is hereby notified for the information of the general public, interested parties, and registered scrap dealers that the auction of unsafe cement concrete washroom structures of Govt. HSS Chakoora, Pulwama shall be conducted as per the following schedule:

Date: 01.06.2026
Time: 11:00 AM
Venue: School Premises

S. No	Type of washrooms	No of washrooms	Dimensions	Remarks
1	Cement Concrete Type	03	7 ft X 13.6 ft Hight = 8 ft	Single story
2	Cement Concrete Type	03	7 ft X 10 ft Hight = 8 ft	Single story
3	Cement Concrete Type	03	7 ft X 16 ft Hight = 10 ft	Single story

The interested bidders are invited to participate in the auction on the above-mentioned date and time. The items will be auctioned on "as is where is basis."

Terms and Conditions:

1. The interested parties may inspect the items in the school premises on 26.05.2026 during working hours.
2. The highest bidder shall be declared successful, subject to approval of the competent authority.
3. The successful bidder shall have to deposit the full bid amount on the spot.

Sd/-
Principal
HSS Chakoora Pulwama

Dated: 25-05.2026 **No: HSSC/Estt-Acctts/05/2026/ 138-41**
DIPK No:-1596-26 **Dated 25-5-2026**

Government of Jammu & Kashmir

OFFICE OF THE GENERAL MANAGER DISTRICT INDUSTRIES CENTRE, SRINAGAR

Public Notice

Apropos the captioned subject, it is to submit that the unit. of M/s Yameen Steel fabrication 1/E Khunmoh Srinagar formally registered under No. 01/003/09482/PMT/MSME dated. 30-06-2022 for the activity of "Manufacturing/fabrication of steel furniture trusses angle iron posts steel bridges water tanks gates and grills" as proprietorship concern of All Mohammad Rah S/o Zia ud-din Rah R/o Nund Rash Colony Sector B Bemina Srinagar.

Now the promoter of the unit has approached this office for transfer of lease hold rights to Rizwan Bashir S/o Bashir Ahmad Baba R/o 28 A Alfarooq Colony Jawahar Nagar Srinagar. The Incoming promoter intends to establish a new unit for the activity 'Manufacturing of PVC SWR (Soil, waste and rainwater) pipes" under new name and style M/s Flexitech Industries at I/E Khunmoh as well as de -registration of existing unit M/s Yameen Steel fabrication I/E Khunmoh Srinagar

Any person -having any objection to the proposed transfer may submit the same in writing to the office of General Manager DIC Srinagar within 07 days from the date of publication of this notice

Sd/-
General Manager
District Industries Centre Srinagar

DIPK No:-1602-26 **Dated 25-5-2026.**

بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب

Daily AFAAQ Srinagar

منگلوار ۲۶ مئی ۲۰۲۶ء بمطابق ۹ ذی الحجہ ۱۴۴۷ھ

اقوال زریں

دنیا میں کوئی چیز اچھی یا بُری نہیں، ہمارا سوچنے کا انداز اسے بناتا ہے۔ ولیم شیکسپیئر

شہری شعور ایک مہذب معاشرے کی بنیاد

ہمارے معاشرے میں بگاڑ کے جتنے بھی مظاہر دکھائی دیتے ہیں، ان کی جڑ اکثر شہری شعور کی کمی سے جا ملتی ہے۔ سڑکوں پر بدنظمی ہو، ٹریفک کا انتشار، گندگی پھیلانے کی عادت یا عوامی مقامات یا املاک کی توڑ پھوڑ، یہ سب وہ رویے ہیں جو کسی بھی جگہ کے مجموعی ماحول کو خراب کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ شہری شعور صرف قوانین کی پابندی کا نام نہیں، بلکہ معاشرتی ذمہ داری، باہمی احترام اور اپنے حصے کا فرض ادا کرنے کا عملی مظہر ہے۔

اسلام ایک ایسا دین ہے جو صرف عبادات تک محدود نہیں، بلکہ زندگی کے ہر پہلو میں نظم وضبط، صفائی، راستہ پر چلنے کے آداب، دوسروں کو تکلیف نہ دینے اور معاشرتی ہم آہنگی کی واضح ہدایات دیتا ہے۔ رسول اکرمؐ نے فرمایا: راستے سے تکلیف دہ چیز ہٹا دینا صدقہ ہے۔ یہ قولِ مبارک دراصل شہری شعور کی بنیاد رکھتا ہے۔ صفائی نصف ایمان قرار دی گئی، ہمسایوں کے حقوق کو بہت اہمیت دی گئی، حتیٰ کہ راستوں اور بازاروں میں چلنے کا آداب بھی سکھایا گیا۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ اسلام میں شہری ذمہ داری ایک دینی فریضہ بھی ہے۔

کسی بھی جگہ کی ترقی اور خوبصورتی کا انحصار وہاں کے رہنے والوں کے رویوں پر ہوتا ہے۔ اچھی سڑکیں، صاف بستیاں اور منظم ٹرانسپورٹ صرف حکومتی اقدامات سے ممکن نہیں، اُن کے تحفظ کے لئے شہری شعور لازمی ہے۔ اگر ٹریفک قوانین کی پاسداری نہیں ہوگی، اگر لوگ گلی کوچوں کو اپنی ذاتی ملکیت سمجھ کر گندگی پھینکیں گے، اگر عوامی املاک بالشمول ریل اور دیگر ٹرانسپورٹ کے ذرائع کو نقصان پہنچانے کو معمول سمجھ لیا جائے، تو کوئی بھی معاشرہ ترقی نہیں کرسکتا۔

ٹرانسپورٹ کا نظام کسی بھی شہر کی نبض ہوتا ہے۔ ٹریفک جام، غلط پارکنگ، سگنل کی خلاف ورزی، تیز رفتاری اور بے احتیاطی نہ صرف حادثات کا سبب بنتی ہے بلکہ لوگوں کے روزمرہ معمولات کو بھی متاثر کرتی ہے۔ اگر شہری شعور موجود ہو تو یہی نظام روانی اختیار کرتا ہے۔

شہری شعور ہماری ذاتی زندگی کو بھی بہتر بناتا ہے۔ وقت کی پابندی، قطار کا ادب، گفتگو میں شائستگی، ماحول کا خیال رکھنے جیسے معمولی عمل ایک مہذب فرد اور باشعور معاشرے کی پہچان ہیں۔ اجتماعی سطح پر یہی رویے اداروں میں شفافیت، شہروں میں سکون اور سماج میں اعتماد پیدا کرتے ہیں۔

اگر ہم اپنے روزمرہ معمولات میں تھوڑا سا ذمہ دارانہ طرزِ عمل اختیار کرلیں تو نہ صرف ہمارے شہر بلکہ ہماری زندگیاں بھی خوشگوار اور منظم ہوسکتی ہیں۔ شہری شعور ایک ایسی کنجی ہے جو ترقی، سکون اور مہذب معاشرے کے دروازے کھولتی ہے۔ اسلامی تعلیمات اس شعور کو مزید تقویت دیتی ہیں، اس لئے ہمیں فرد کی حیثیت سے بھی اور معاشرے کے رکن کی حیثیت سے بھی اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہوگا۔ شہری شعور کوئی اضافی خوبی نہیں، بلکہ ایک بنیادی ضرورت ہے جس کے بغیر کوئی بھی معاشرہ صحیح معنوں میں ترقی نہیں کرسکتا۔

(پریس انفارمیشن بیورو آف انڈیا)

جناب سی پی رادھا کرشنن

نائب صدر جمہوریہ ہند

عہد نوعمری میں جب میں تری پور کے ایک اسکول میں زیر تعلیم تھا، اس وقت اپنے ملک کو لے کر میرے کئی خواب تھے۔ میرے ذہن میں مسلسل سوالات اٹھتے تھے: بھارت کب اپنی عظمت کو دوبارہ حاصل کرے گا؟ یہ عالمی سطح پر ایک طاقتور ملک کے طور پر کب ابھرے گا؟ ہمارے غریب اور پسماندہ بہن بھائیوں کو عزت کی زندگی کب ملے گی؟ مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوتی ہے کہ جو خیالات میرے ذہن میں نوعمری کے زمانے میں تھے، اب وہ حقیقت کی شکل اختیار کررہے ہیں۔

مجھے ہمیشہ سوامی وویکانند کے الفاظ یاد آتے تھے: ''اٹھو، جاگو، اور اس وقت تک نہ رُکو جب تک ہدف حاصل نہ ہوجائے۔'' یہ الفاظ جو سوامی جی کے ذریعہ تمل ناڈو کی سرزمین پر ادا کیے گئے تھے، ان میں ہر فرد میں حب الوطنی اور عہد بستگی کا احساس پیدا کرنے کی زبردست قوت موجود ہے۔

میرا ہمیشہ سے یہ ماننا تھا کہ جب بھارت کی مکمل صلاحیتوں کو سامنے لایا جائے گا تو یہ ایک ایسے ملک کے طور پر ابھرے گا جو پوری دنیا کی رہنمائی کرنے کے قابل ہوگا۔ گذشتہ ایک دہائی کے دوران، مجھے اپنے ملک کو زبردست جوش اور عزم کے ساتھ کام کرتے ہوئے دیکھ کر مسرت ہوئی ہے۔

اب ہمارے پاس تھروولور کے الفاظ کی حقیقت کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کا موقع ہے:

"جو لوگ اپنے عزم پر ثابت قدم رہتے ہیں انہیں وہی حاصل ہوگا جس کا انہوں نے تصور کیا تھا"۔

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ہمارا ملک تیزی سے ترقی کر رہا ہے۔ گذشتہ دہائی کے دوران، بھارت میں رونما ہوئی ترقی نے پوری دنیا کو بھارت کی جانب متوجہ کیا ہے۔

ایک ایسے وقت میں جب پوری دنیا معاشی کساد بازاری اور غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہے، بھارت کی معیشت مضبوط اور تیزی سے ترقی کر رہی ہے۔ اس دور کو پائیدار ترقی کا دور بنانے کے لیے حکومت اور عوام دونوں کے جوش وخروش نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ ایک کمزور معیشت سے، اب ہمارا ملک چوتھی بڑی معیشت بن چکا ہے اور ہم جلد ہی دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی راہ پر گامزن ہیں۔ اس سے بھی زیادہ اہم بات یہ ہے کہ ہماری اقتصادی ترقی جامع رہی ہے۔

گذشتہ دہائی میں، تقریباً 25 کروڑ بھارتی عزت کی زندگی گزارنے کے لیے انتہائی غربت کے دائرے سے نکلنے میں کامیاب ہوئے۔ اب تک، بھارت میں بے گھر غریبوں کے لیے تقریباً 4 کروڑ مستقل مکانات تعمیر کیے جا چکے ہیں۔ 12 کروڑ سے زیادہ لوگوں کو پینے کے پانی کے پائپ کنکشن فراہم کیے گئے ہیں۔ ہم کھلے میں رفع حاجت سے مبرا ملک بننے کی خواہش رکھتے تھے اور صرف 60 مہینوں کے اندر ملک نے 60 کروڑ لوگوں کے لیے اسے ممکن کرکے دکھایا۔

وزیر اعظم کی غریب کلیان اسکیم کے تحت، 2.3 لاکھ کروڑ روپے کی لاگت سے ہر سال 80 کروڑ لوگوں کو 5 کلوگرام اناج مفت فراہم کیا جا رہا ہے۔

میں نے چھوٹی عمر سے ہی دیہاتوں کے لوگوں کو طبی سہولیات تک رسائی سے قاصر ہونے کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرتے دیکھا ہے۔ میں ان کے اہل خانہ کا درد و تکلیف دیکھ کر اداس ہوتا تھا۔ آج، ملک آیوشمان بھارت اسکیم کو اس امر کو یقینی بنانے کے عزم کے ساتھ نافذ کر رہا ہے کہ حفظان صحت کی سہولیات ہر ایک کے لیے قابل رسائی ہوں۔ اس کے نتیجے میں، اب 44 کروڑ سے زیادہ لوگ پی ایم-آیوشمان بھارت کے تحت 5 لاکھ روپے کا بیمہ احاطہ حاصل کر رہے ہیں۔ صرف گذشتہ ایک برس میں اس اسکیم کے تحت 2.5 کروڑ لوگوں نے مفت علاج کیا ہے۔

ہمارے کاشتکاروں نے اپنی محنت سے 350 ملین ٹن غذائی اجناس پیدا کیا ہے، جس نے بھارت کو دنیا کے دوسرے سب سے بڑے خوراک پیدا کرنے والے ملک کے مقام پر پہنچا دیا ہے۔ بھارت نے چاول پیدار کے معاملے میں بھی ترقی کی ہے اور ملک سب سے زیادہ چاول پیدا کرنے والا

بھارت کی ترقی کا سفر

دنیا کا دوسرا سب سے بڑا ملک بن چکا ہے، اور اپنی برآمدات کے ذریعہ دنیا بھر میں رسائی حاصل کر رہا ہے۔ پی ایم کسان سمان ندھی کے تحت، اب تک 4 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ براہ راست کاشتکاروں کے بینک کھاتوں میں منتقل ہو چکے ہیں۔

ہماری ناری شکتی کے لیے اب ملک کی ترقی میں مکمل تعاون کرنے کے مواقع واشگاف ہوئے ہیں۔ 3 کروڑ سے زیادہ خواتین لکھ پتی دیدی اور نمو ڈرون دیدی بن چکی ہیں۔ خواتین ہر شعبے میں آگے آئی ہیں، خواہ وہ زراعت ہو، تعلیم ہو، طب، سائنس اور ٹیکنالوجی ہو یا خلائی ٹیکنالوجی۔ خواتین اب مسلح افواج میں مستقل کمیشن حاصل کر رہی ہیں اور جنگی کرداروں میں حصہ لے رہی ہیں۔ ناری شکتی وندن ادھینم پارلیمنٹ اور ریاستی مقننہ میں ان کی شرکت میں مزید اضافہ کردے گا۔

ملک بھر میں سفر کے دوران، جب میں لکھپتی دیدیوں، اور نمو ڈرون دیدیوں سے ملاقات کرتا ہوں، تو مجھے اپنی بہنوں کے چہروں پر امید کی روشنی چمکتی ہوئی نظر آتی ہے۔ خواتین کی روزمرہ کی زندگی کو آسان بنانے اور ان کی صحت کی فکر کے ساتھ ملک بھر میں تقریباً 2 کروڑ نئے ایل پی جی گیس کنکشن فراہم کیے گئے ہیں۔

جب ہم نوجوان نسل کو اسٹارٹ اپس کے لیے جوش وخروش کے ساتھ آگے آتے ہوئے دیکھتے ہیں، تو ہمیں محب وطن شاعر سبرامنیا بھارتی کے الفاظ یاد آتے ہیں:

"آؤ، آؤ، آؤ اور جو تم نے تصور کیا ہے اسے پورا کرو؛ پوری قوم اتحاد و اتفاق سے اٹھے۔ آؤ، آؤ، آؤ اور ایک عظیم کام حاصل کرو۔"

صرف گذشتہ دس برسوں میں، نوجوانوں کے لیے 13 نئے آئی آئی ٹی قائم کیے گئے ہیں، جس سے آئی آئی ٹی کی مجموعی تعداد 23 ہوگئی ہے۔ آئی آئی ایم کی تعداد بھی 13 سے بڑھ کر 21 ہو گئی ہے۔ ایمس کی تعداد تین گنا اضافے کے ساتھ 7 سے 23 ہوگئی ہے، اور میڈیکل کالجوں کی تعداد دوگنا سے زیادہ اضافے کے ساتھ 387 سے بڑھ کر 823 ہو چکی ہے۔ یہ بات قابل فخر ہے کہ میڈیکل کے طلباء کی نشستوں کی تعداد 51,348 سے بڑھ کر 129,603 ہوگئی ہے۔

ہم بنیادی ڈھانچے کی سہولیات کے معاملے میں بھی عالمی معیار کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ ریلوے کو تقریباً 99 فیصد تک برق کاری سے آراستہ کر دیا گیا ہے۔ ملک بھر میں 164 وندے بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں نے ایک نئے دور کا آغاز کیا ہے۔ ہوائی اڈوں کی تعداد بھی 74 سے دگنی ہوکر 163 ہوگئی ہے اور اڑان کے تحت ہوائی سفر عام لوگوں کے لیے قابل رسائی ہوگیا ہے۔

تمل ناڈو کے لیے ریلوے بجٹ کی تخصیص، جو ایک دہائی قبل تقریباً 880 کروڑ روپے کے بقدر تھی، 2026-27 میں بڑھ کر 7,600 کروڑ روپے کے بقدر کردی گئی۔ یہ خوشی کی بات ہے کہ تمل ناڈو میں رامیشورم اور پامبن کے درمیان نیا پامبن پل تعمیر کیا گیا ہے، جو کہ بھارت کا پہلا عمودی طور پر اٹھنے والا پل ہے، جو روحانی سیاحت اور اقتصادی ترقی کے لیے ایک موقع فراہم کرتا ہے۔ جموں وکشمیر کا چناب پل ہو یا آسام کا بوگی بیل پل، بھارت اب نئے دور کے بنیادی ڈھانچے میں حیران کن پیش رفت کر رہا ہے۔

پورے ملک میں، عالمی معیار کی چار لین اور آٹھ لین والی سڑکوں کے ساتھ ساتھ سڑک کے رابطے بھی دور دراز کے دیہاتوں تک پھیلے ہوئے ہیں، بھارت کی ترقی کے لیے مضبوطی سے تیار کیے گئے ہیں۔ تمل ناڈو میں گذشتہ 10 برسوں میں 4000 کلومیٹر سے زیادہ کی قومی شاہراہیں بنائی گئی ہیں۔ صرف شمال مشرقی ریاستوں میں، گزشتہ 10 برسوں میں تقریباً 7,200 کلومیٹر پر محیط قومی شاہراہیں تعمیر کی گئی ہیں۔ یہ پیش رفت پرگتی کے تحت خود وزیر اعظم کی قریبی نگرانی کی وجہ سے ہوئی ہے۔

میٹرک سے پہلے اور بعد میں اسکالرشپ اسکیموں اور ایکلویہ ماڈل رہائشی اسکولوں نے بالترتیب درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل سے تعلق رکھنے والے طلباء کو کافی فائدہ پہنچایا ہے۔

میرا ہمیشہ سے یہ ماننا رہا ہے کہ ترقی مبنی بر شمولیت ہونی چاہئے جس میں نہ صرف سماجی گروپوں کو بلکہ خطوں کو بھی شامل کیا جانا چاہئے۔ سرحدی دیہات، جو کبھی بھارت کے آخری گاؤں مانے جاتے تھے، اب پہلے گاؤں بن چکے ہیں اور فعال مواضعاتی اسکیم کے ذریعے انہیں ترقی سے ہمکنار کیا جا رہا ہے۔

مجھے یاد ہے جب وزیر اعظم نے شمال مشرقی ریاستوں کو ملک کی اشٹ لکشمی کا نام دیا تھا۔ حال ہی میں، جب میں نے ناگالینڈ، میزورم، تری پورہ، اور سکم کی ریاستوں کا دورہ کیا، تو میں نے نقل و حمل کی سہولتوں کے ساتھ ساتھ بنیادی ڈھانچے کی سہولیات میں زبردست بہتری دیکھی۔

ملک نے سائنس، ٹکنالوجی اور اختراعات میں جو ترقی کی ہے، وہ ہمیں فخر سے سرشار کردیتی ہے۔ ٹکنالوجی سے لے کر طب تک ہر شعبہ تیزی سے ترقی کر رہا ہے۔ کووڈ 19 وبائی مرض کے دوران، بھارت نے ویکسین تیار کرنے کی کوششوں میں پیش قدمی کی اور اس بات کو یقینی بنایا کہ ویکسین مقامی طور پر تیار کی جائیں اور بہت تیز رفتاری سے ہر کسی کے لیے مفت دستیاب ہوں۔ بھارت نے دنیا بھر کے 100 سے زیادہ ممالک کو انسانی ہمدردی کی فکر کے ساتھ ویکسین بھی فراہم کی ہیں – یہ ایسے اقدامات ہی جنہوں نے عالمی تاریخ میں ایک مقام حاصل کیا ہے۔ چندریان 3 کے کامیاب لانچ نے بھارت کو جدید خلائی تحقیق کے دور میں پہنچا دیا ہے۔ مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے میدان میں، عالمی کمپنیاں بھارت کو اپنے مرکز کے طور پر منتخب کر رہی ہیں، جس کے نتیجے میں سرمایہ کاری میں کئی گنا اضافہ ہو رہا ہے۔ بھارت اب سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ میں دنیا کے لیے ایک ماڈل کے طور پر ابھر رہا ہے۔ ہم نے عالمی سطح پر موبائل فون کی تیاری میں بھی دوسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ ہم، جو کبھی موبائل فون درآمد کرتے تھے، اب ایک ایسے ملک میں ترقی کر چکے ہیں جو 300 کروڑ امریکی ڈالر کے موبائل فون برآمد کرتا ہے۔ یہ تمام کامیابیاں آنے والی نسل کے خوشحال مستقبل کی بنیاد کا کام کریں گی۔

کئی دہائیوں سے ہمارے ملک کو نہ صرف دہشت گردی بلکہ شورش اور بائیں بازو کی انتہا پسندی کی چنوتیوں کا بھی سامنا رہا۔ جرات مندانہ پالیسی فیصلوں اور قانون کی بالادستی سے ملک میں امن قائم ہوا ہے اور ان علاقوں میں ترقی کے دروازے کھلے ہیں۔

ہم نے ایک ہدف مقرر کیا ہے کہ 2047 تک، یعنی آزادی کی ایک صدی کے اندر، بھارت ایک سرکردہ عالمی طاقت بن جائے اور دنیا کی رہنمائی کے مقام پر پہنچے۔ محنت شاقہ کا یہ دور ''امرت کال'' ہے۔ جس طرح ہر آزادی پسند کے دل میں آزادی کی تشنگی موجود تھی، اسی طرح آج کے نوجوانوں کے ذہنوں میں بھی ملک کی ترقی کا خیال ابھرنا چاہیے۔ "اس امرت کال میں، نوجوانوں کے افکار اور کوششیں حب الوطنی، عظیم نظریات اور اعلیٰ کردار کے حامل انسانوں کی شکل میں ابھرنے چاہئیں، تب ہی ہم 2047 میں ایک 'وکست بھارت' (ترقی یافتہ ہندوستان) ملاحظہ کرسکیں گے۔"

سوامی وویکانند کے الفاظ "میرے بھائیو، ہم سب محنت کریں، یہ سونے کا وقت نہیں ہے۔ بھارت کا مستقبل ہماری کوششوں پر منحصر ہے" ہمیں تحریک اور سمت دونوں عطا کرتے ہیں۔

آیئے ہم مل کر اپنی محنت شاقہ سے ایک وکست بھارت بنائیں۔

.....☆.....

حج محض ایک سفر نہیں

بلکہ محبت کا لازوال داستان ہے

طفیل احمد

حج صرف ایک سفر نہیں، بلکہ یہ ایک ایسے محبت کی لازوال داستان ہے جس کی گواہی خود قرآن مجید دیتا ہے۔

آج سے چار ہزار سال پہلے، جب مکہ کی وادی میں نہ کوئی انسان تھا اور نہ زندگی کا کوئی نام ونشان، تو اللہ رب العزت نے اپنے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم دیا کہ وہ اپنی بیوی "بی بی ہاجرہ "اور "معصوم "دودھ پیتے بچے "اسماعیل " کو اس بے گور وکفن ریگستان میں چھوڑ آئیں۔ یہ کتنا بڑا امتحان تھا کہ ایک بوڑھا باپ اپنے اکلوتے جگر گوشے کو تپتی ریت پر چھوڑ رہا تھا۔ جب بی بی ہاجرہ نے روتے ہوئے پوچھا کہ۔۔۔۔۔

"اے ابراہیم ! کیا اللہ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے؟"

تو ابراہیم علیہ السلام نے سر جھکا کر کہا ہاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تب اس عظیم ماں نے جو جواب دیا، وہ رہتی دنیا تک کے لیے ایمان کی بنیاد بن گیا، انہوں نے فرمایا:

"اگر یہ میرے رب کا حکم ہے، تو وہ ہمیں کبھی ضائع نہیں کرے گا "(صحیح بخاری 3364 :)۔ یہی وہ بے مثال توکل تھا جس کا ذکر قرآن پاک کی سورہ ابراہیم (آیت 37) میں یوں ملتا ہے۔

ترجمہ:

اے ہمارے رب ! میں نے اپنی کچھ اولاد کو اس بے کھیتی کی وادی میں تیرے محترم گھر کے پاس لا بسایا ہے"۔

جب پانی کا آخری قطرہ بھی ختم ہوگیا اور معصوم اسماعیل پیاس کی شدت سے تڑپنے لگے، تو بی بی ہاجرہ کی ممتا تڑپ اٹھی۔ وہ پانی کی تلاش میں صفا اور مروہ کی پہاڑیوں کے درمیان دیوانہ وار دوڑیں، کبھی ایک چوٹی پر چڑھتیں اور کبھی دوسری پر۔ انہوں نے ایک یا دو بار نہیں، بلکہ پورے سات چکر لگائے۔ اللہ کو ایک ماں کی یہ تڑپ اتنی پسند آئی کہ قیامت تک کے لیے ہر حاجی پر صفا اور مروہ کے درمیان دوڑنا (سعی کرنا) فرض کر دیا گیا (سورہ البقرہ 158 :)۔

جب وہ مایوس ہوکر بچے کے پاس لوٹیں، تو قدرت کا سب سے بڑا معجزہ ان کا منتظر تھا۔ جہاں ننھے اسماعیل نے پیاس کی شدت میں اپنی ایڑیاں رگڑی تھیں، وہاں سے زمین نے ایک چشمہ اگلنا شروع کر دیا تھا جسے بی بی ہاجرہ نے روکنے کے لیے کہا "زم زم "یعنی رک جا۔

یہ وہ آب زمزم ہے جو چار ہزار سال گزرنے کے بعد بھی آج تک پوری دنیا کی پیاس بجھا رہا ہے۔ امتحان ابھی ختم نہیں ہوا تھا، جب وہی بچہ جوان ہوا اور باپ کا سہارا بنا، تو اللہ نے ابراہیم علیہ السلام کو خواب میں اپنے اسی چہیتے بیٹے کو ذبح کرنے کا حکم دیا۔ جب باپ نے بیٹے کے سامنے یہ خواب رکھا، تو فرمانبردار بیٹے کا جواب تاریخ کے پنے پر سنہرے لفظوں سے لکھا گیا، جس کا نقشہ سورہ الصافات (آیت 102) کھینچتی ہے :

"بیٹے نے کہا، ابا جان ! آپ کو جو حکم دیا جا رہا ہے اسے کر گزریے، ان شاء اللہ آپ مجھے صبر کرنے والوں میں پائیں گے"۔

جب دونوں باپ بیٹے اللہ کی رضا کے سامنے جھک گئے اور منیٰ کے میدان میں ابراہیم علیہ السلام نے بیٹے کی گردن پر چھری چلائی، تو شیطان نے انہیں بہکانے کی کوشش کی، جس پر انہوں نے شیطان کو پتھر مارے (جو آج حج میں رامی یعنی جمرات کو کنکر مارنا کہلاتا ہے)۔

جیسے ہی چھری چلی، اللہ نے اسماعیل علیہ السلام کو بچا کر جنت سے ایک دنبہ وہاں رکھ دیا اور ابراہیم علیہ السلام کی قربانی کو ابد تک کے لیے امر کر دیا۔ اس کے بعد باپ بیٹے نے مل کر اللہ کے حکم سے کعبہ کی بنیادیں اٹھائیں (سورہ البقرہ 127 :)۔

جب کعبہ کی تعمیر مکمل ہوئی، تو اللہ نے حکم دیا: " اور لوگوں میں حج کا عام اعلان کردو "(سورہ الحج 27 :)۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے عرض کیا کہ "یا اللہ ! اس ویران ریگستان میں میری آواز کون سنے گا؟"

تو پروردگار نے فرمایا:

ابراہیم ! تمہارا کام صرف آواز دینا ہے، اور کائنات کے ذرے ذرے اور روحوں تک اس آواز کو پہنچانا میرا کام ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اس دن جس جس روح نے لبیک کہا، وہ آج بھی مکہ کی طرف کھینچی چلی آتی ہے۔ پھر سنہ 632 عیسوی میں، ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰؐ نے اپنے آخری خطبے (حجۃ الوداع) کے موقع پر اس حج کے مناسک کو آخری اور مکمل شکل دی اور فرمایا:

جس نے اللہ کے لیے حج کیا اور گناہوں سے بچا، وہ ایسے پاک ہوکر لوٹتا ہے جیسے آج ہی اس کی ماں نے اسے جنم دیا ہو (صحیح بخاری 1521 :)۔

محترم بھائیو اور بہنو!!

حج صرف ایک سفر نہیں، یہ رب کی رضا کے سامنے خود کو مٹا دینے کا نام ہے۔

جزاکم اللہ خیرا کثیرا واحسن الجزاء فی الدنیا والآخرۃ

مناسک حج کا

قصر ملا کر ایک ساتھ ادا کریں گے۔ میدان عرفات میں غروب آفتاب تک اللہ کے حضور توبہ استغفار اور دعاؤں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ غروب آفتاب کے فوراً بعد عازمین حج عرفات سے مزدلفہ کے لیے روانہ ہوں گے۔ عازمین حج رات کھلے آسمان تلے مزدلفہ میں گزاریں گے، جہاں مغرب اور عشاء کی نمازیں ملا کر ایک ساتھ ادا کی جائیں گی، اور جمرات (شیطانوں) کو مارنے کے لیے کنکریاں چنی جائیں گی۔ 10 ذوالحجہ کی صبح عازمین حج مزدلفہ سے دوبارہ منیٰ پہنچیں گے جہاں بڑے شیطان کو کنکریاں ماری جائیں گی، جس کے بعد قربانی کر کے بال کٹوائے جائیں گے اور احرام کھول دیا جائے گا۔ بعدازاں حجاج کرام مکہ مکرمہ جا کر طواف زیارت کریں گے اور واپس منیٰ لوٹ آئیں گے۔ منیٰ میں قیام کے دوران حجاج کرام بقیہ دونوں دن بھی شیطانوں کو کنکریاں مارنے کا عمل (رمی) جاری رکھیں گے اور 12 ذوالحجہ کو غروب آفتاب سے قبل منیٰ سے روانہ ہوں گے، جس کے ساتھ ہی حج کے تمام مناسک مکمل ہو جائیں گے۔ منیٰ میں خیموں کا اپ گریڈ شدہ انفراسٹرکچر تقریباً 25 لاکھ مربع میٹر پر محیط ہے، جسے سخت ترین حفاظتی معیارات کے مطابق ڈیزائن کیا گیا ہے اور یہاں 26 لاکھ سے زائد حجاج کی گنجائش موجود ہے۔ ہر سال منیٰ صرف ایک میزبانی کی جگہ ہی نہیں رہتا بلکہ حجاج کے تجربے کو بہتر بنانے کے لیے ایک متحرک منصوبے کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ اس سال یہاں "اربن ہیومنائزیشن" (شہری زندگی کی سہولیات) کے تصور پر مبنی بڑے ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کیا گیا، جس کے تحت سایہ دار جگہوں، آرام گاہوں اور ٹھنڈے پیدل راستوں کو وسعت دی گئی۔ منیٰ کی خاص بات اس کا منفرد تال میل ہے۔ یہ ایک ایسا شہر ہے جو چند دنوں کے لیے اپنی آبادی کی انتہائی کثافت (Density) کو چھوتا ہے اور مناسک کی تکمیل کے بعد مکمل سکون کی حالت میں واپس آ جاتا ہے، تاکہ اگلے سیزن کی مزید بہتر تیاری کی جا سکے۔ جیسے ہی شام ڈھلتی ہے، روشن راستے خیموں اور جمرات کے درمیان چلنے والے حجاج سے بھر جاتے ہیں، جو ایمان کے جذبے سے سرشار انسانیت کا ایک خوبصورت منظر پیش کرتے ہیں۔ 9 ذوالحجہ حج کا اہم ترین دن ہے، جو ہر مسلمان کی زندگی کا بڑا دن ہے۔ منیٰ اس "سنت نماز" کی طرح ہے جو انسان کو اصل "فرض نماز" (عرفات کے وقوف) کے لیے تیار کرتی ہے۔

صدر جمہوریہ ہند نے

کے شعبہ انگریزی میں داخلہ لیا، جہاں سے انہوں نے انگریزی میں ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی کی ڈگریاں حاصل کیں۔ انہوں نے 33 برس تک یونیورسٹی میں تدریسی خدمات انجام دیں اور شعبہ کے سربراہ، فیکلٹی آف آرٹس کے ڈین اور فیکلٹی آف اورینٹل لرننگ کے ڈین کے عہدوں سے سبکدوش ہوئے۔ تدریس کے دوران وہ متعدد قومی منصوبوں جیسے "میڈیول انڈین لٹریچر"، "انسائیکلوپیڈیا آف انڈین لٹریچر" اور "آکسفورڈ کمپینین ٹو انڈین تھیٹر" میں بطور رکن سرگرم رہے۔ شاعری اور افسانہ نگاری کے علاوہ انہوں نے ہندوستانی ادب کے متعدد شاہکاروں اور کشمیری ادب کی بے شمار تخلیقات کا انگریزی اور ہندی میں ترجمہ کیا۔ ہندوستانی ادیبوں کی مختلف نمائندہ کمیٹیوں کے رکن کی حیثیت سے انہوں نے چین، جرمنی (دو مرتبہ)، لندن اور برازیل کے دورے بھی کیے۔ پروفیسر شوق کی اہم تصانیف میں "کاشُر لغت" (کشمیری زبان کی یک لسانی لغت)، "یادٕ آسانٕ ہُنز" (یادوں کے آسمان)، "زبان تہٕ ادب"، "کاشُر ادبُک تواریخ" (کشمیری زبان و ادب کی تاریخ) اور "کاشُر گرامر" شامل ہیں۔ ان کے تراجم میں "دی بیسٹ آف کشمیری لٹریچر" کے عنوان سے شائع ہونے والی کتابوں کی سیریز خاص اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے متعدد ٹی وی سیریلز اور فلموں کے اسکرپٹ بھی تحریر کیے ہیں۔ پروفیسر شوق کو کئی ریاستی اور قومی سطح کے اعزازات اور ایوارڈز سے نوازا جا چکا ہے، جن میں جموں و کشمیر اکیڈمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز کی جانب سے "بیسٹ بک ایوارڈ" (1995)، ساہتیہ اکادمی ایوارڈ برائے شاعری (2006)، ساہتیہ اکادمی ایوارڈ برائے ترجمہ (2007) اور سی آئی آئی ایل میسور کی جانب سے "بھاشا سمان ایوارڈ" قابل ذکر ہیں۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے

سیکرٹری اٹل ڈولو، وزیر اعلیٰ کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری دھیرج گپتا، صوبائی کمشنر جموں رمیش کمار اور دیگر سینئر افسران موجود تھے جبکہ بیرون مقام وزراء، افسران اور مستفیدین نے بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ تقریب میں شرکت کی کی۔ جموں و کشمیر کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے کل 52 اُمیدواروں کو سری نگر اور جموں میں بیک وقت منعقدہ تقریبات کے دوران ایس آر او-43 اور آر اے ایس کے تحت تقرری کے احکامات دیئے گئے۔ وزیر اعلیٰ نے نئے تعینات مستفیدین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت صرف اپنی ذمہ داری پوری کر رہی ہے اور کوئی احسان نہیں کر رہی۔ انہوں نے کہا، "میں سب سے پہلے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ سری نگر اور جموں میں آپ کو یہ تقرری نامے دینے والی حکومت آپ پر کوئی احسان نہیں کر رہی بلکہ یہ ہماری ذمہ داری ہے۔ اس ذمہ داری کو نبھاتے ہوئے ہمیں اس بات کا بھی احساس ہے کہ آپ کو ان سرکاری احکامات تک پہنچنے کے لئے بہت بڑی قربانی دینی پڑی ہے۔" وزیر اعلیٰ نے عام بھرتی کے عمل اور ہمدردانہ تقرری کے لئے مستفیدین کے حالات کے درمیان فرق واضح کرتے ہوئے کہا کہ عام اُمیدوار امتحانات اور انٹرویوز کے ذریعے ملازمت حاصل کرتے ہیں جبکہ ان سکیموں کے تحت تقرری پانے والوں نے گہرے ذاتی سانحات کا سامنا کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا، "عام طور پر سرکاری ملازمت حاصل کرنے کے لئے ہم اپنے بچوں سے کہتے ہیں کہ وہ امتحانات اور انٹرویوز پاس کریں لیکن آپ نے جس امتحان کا سامنا کیا وہ کہیں زیادہ مشکل تھا کیونکہ اس مرحلے تک پہنچنے کے لئے آپ کو اپنے کسی عزیز کو کھونا پڑا۔ اسی لئے میں کہتا ہوں کہ ہم یہ احکامات کسی احسان کے طور پر نہیں دے رہے بلکہ ایک اخلاقی ذمہ داری ادا کر رہے ہیں۔" وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت ایک بڑے کنبے کی مانند کام کرتی ہے اور غم و مصیبت کے وقت ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے رہنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا، "ہم چاہتے ہیں کہ یہ حکومت اور اس میں کام کرنے والے ہم سب، چاہے وہ سیکرٹریٹ میں ہوں یا باہر، ایک بڑے کنبے کی طرح کام کریں۔ ہمیں نہ صرف ایک دوسرے کے دکھ درد بانٹنے چاہئیں بلکہ مشکل حالات میں ایک دوسرے کا سہارا بھی بننا چاہیے۔ یہ اقدام اسی سمت میں ایک چھوٹی سی کوشش ہے تاکہ آپ کے کنبے آگے بڑھ سکیں اور مزید تکلیف نہ اٹھائیں۔" وزیر اعلیٰ نے نئے تعینات شدہ افراد پر زور دیا کہ وہ اپنے فرائض دیانت داری اور لگن کے ساتھ انجام دیں اور کہا کہ سرکاری ملازمت ہمیشہ لوگوں کی مدد اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے پر مرکوز ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا، "ہماری آپ سے صرف یہی توقع ہے کہ آپ جہاں بھی تعینات ہوں، جموں و کشمیر کے عوام کی خدمت ایمانداری، عزم اور لگن کے ساتھ کریں۔ حکومت میں ہمارا کردار کچھ بھی ہو، ہمارا مقصد ایک ہی ہے کہ شام کو گھر لوٹتے وقت ہمیں یہ اطمینان ہو کہ ہمارے دن کے کام سے کسی کا بھلا ہوا۔ اگر آپ دیانت داری سے اپنے فرائض انجام دیں گے تو یہی ان لوگوں کی یادوں کو سب سے بڑا خراج عقیدت ہوگا جن کی وجہ سے آج آپ یہاں تک پہنچے۔" وزیر اعلیٰ نے اس بات کو یقینی بنانے کے لئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا کہ ہمدردانہ تقرری کے اہل مستفیدین کو دفاتر کے چکر نہ کاٹنے پڑیں۔ انہوں نے کہا، "ہم اس بات کے لئے پُرعزم ہیں کہ آپ کو اپنی تقرری کے احکامات حاصل کرنے کے لئے در بدر نہ ہونا پڑے۔ یہ آپ سب کے ساتھ بڑی ناانصافی ہوگی۔ ہم اس عمل کو تیز بنائیں گے اور باقی تمام معاملات کو جلد از جلد نمٹایا جائے گا۔" استفادہ کنندگان نے بروقت تقرریاں فراہم کرنے اور مشکل وقت میں کنبوں کی مدد کرنے پر وزیر اعلیٰ اور انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔

حکومت کا عید الاضحی

وکشمیر کے ان ملازمین کے حق میں ہے جو عید الاضحیٰ کیلئے چھٹی کا فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ حکم نامے میں مزید کہا گیا ہے کہ چھٹی کا اطلاق مرکز کے زیر انتظام جموں و کشمیر کے ملازمین پر ہوگا جو مذہبی موقع پر اس سے فائدہ اٹھانے کے خواہشمند ہیں۔

منشیات کیخلاف جموں وکشمیر

کیا جا رہا ہے۔" منوج سنہا نے کہا کہ منشیات کی سپلائی کے کئی نیٹ ورکس جو اب تک مختلف وجوہات کی بنا پر پوشیدہ تھے، کا سراغ لگا کر انہیں ختم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کئی دہائیوں سے پروان چڑھنے والے منشیات کے کارٹلز کا صفایا کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا، "ہم نے واضح پیغام دیا ہے کہ جموں و کشمیر ان لوگوں کے لئے محفوظ پناہ گاہ نہیں بنے گا جو دوسروں کی تکالیف سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ میں پُرعزم ہوں کہ ہم اس سرزمین سے ہر نارکو دہشت گرد اور منشیات سمگلر کا خاتمہ کریں گے۔ ہمارے کنبوں کو تباہ کرنے کی کوشش کرنے والوں کا اس سرزمین سے وجود ہی مٹا دیا جائے گا۔ اب قانون سختی سے عملایا جا رہا ہے۔ نارکو دہشت گردوں کو سزا دی جا رہی ہے، نوجوانوں کا تحفظ کیا جا رہا ہے، کنبوں کی مدد کی جا رہی ہے اور معاشرے میں نئی امید لوٹ رہی ہے۔" لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ بہت جلد انتظامیہ ایک جامع بحالی پالیسی سامنے لائے گی تاکہ نشے میں مبتلا ہر نوجوان کو دوبارہ مرکزی دھارے میں شامل ہونے کا موقع مل سکے۔ انہوں نے کہا، "ہمارا مقصد ہے کہ کوئی بھی نوجوان پیچھے نہ رہے۔ ہم انہیں روزگار، مواقع اور باعزت زندگی گزارنے کے ذرائع فراہم کریں گے۔ میرا پختہ یقین ہے کہ منشیات سے پاک جموں و کشمیر کی کامیابی صرف گرفتار کیے گئے منشیات سمگلروں کی تعداد سے نہیں لگایا جائے گا بلکہ ان زندگیوں کی تعداد سے لگایا جائے گا جنہیں ہم دوبارہ سنوار سکیں گے۔ یہ ان گھروں سے لگایا جائے گا جو دوبارہ آباد ہو سکیں گے اور ان نوجوانوں سے جو اپنے خواب پورے کر سکیں گے۔ میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ ہم اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھیں گے جب تک ان کے خواب پورے نہ ہو جائیں۔" لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ حکومت اکیلے یہ جنگ نہیں جیت سکتی اور منشیات کے خلاف اس جنگ میں انتظامیہ کو اہل خانہ، اساتذہ، مذہبی رہنماؤں اور ہر ذمہ دار شہری کے تعاون کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا، "میں ایک ایسے جموں و کشمیر کا تصور کرتا ہوں جہاں ہر بچہ نشے کے سائے سے آزاد ہو کر پروان چڑھے۔ ایک ایسا جموں و کشمیر جہاں کنبہ منشیات کی وجہ سے بکھر نہ جائیں۔ ایک ایسا جموں و کشمیر جہاں معاشرہ سلامتی، وقار اور اعتماد کے ساتھ آگے بڑھے۔ یہ محض خواب نہیں بلکہ ہمارا مشن ہے اور ہم سب مل کر اسے پورا کریں گے۔ ہمیں جموں و کشمیر کے ہر باشندے کی بیداری، شعور اور عزم کی ضرورت ہے۔ میرا یقین ہے کہ جب لوگ متحد ہو جائیں تو کوئی نارکو دہشت گردی نیٹ ورک یا منشیات کارٹل ان میں دراڑ نہیں ڈال سکتا۔ جب عوام متحد ہوں تو کوئی دہشت گردی انہیں شکست نہیں دے سکتی۔ میں اپیل کرتا ہوں کہ ہمیں متحد ہو کر نارکو دہشت گردی کو ہمیشہ کے لئے دفن کرنا ہوگا۔" اس موقعہ پر لیفٹیننٹ گورنر نے "وقار نالج سینٹر" نوجوانوں کو منشیات کے خلاف متحرک کرنے" کا افتتاح بھی کیا۔ 'نشہ مکت بھارت ابھیان' کے تحت ضلع بانڈی پورہ میں وقار نالج سینٹر قائم کیا گیا ہے جو نشے سے صحتیاب وشفایاب ہونے والے افراد کو بحالی، مشغولیت اور دوبارہ معاشرے میں شمولیت کے لئے ایک تعمیری پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ یہ اقدام اس پیغام کو مزید تقویت دیتا ہے کہ منشیات کی راہ چھوڑنے کے خواہشمند افراد کو سرکاری امداد سے چلنے والے مواقع اور معاون نظاموں تک رسائی حاصل ہے۔ اس سینٹر میں سپورٹس کارنر، بیڈمنٹن کورٹ، ریڈنگ لائبریری اور ایک انفارمیشن ڈیسک قائم کیا گیا ہے جہاں سرکاری سکیموں، تعلیم، روزگار اور ہنر مندی کے مواقع سے متعلق رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔ انتظامیہ کا منصوبہ ہے کہ ضلع کے ہر بلاک میں ایک وقار نالج سینٹر قائم کیا جائے۔ یہ سینٹر نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور نشے کے خلاف سماجی مزاحمت کو مضبوط کرنے کے لئے ایک مثبت ماحول فراہم کرتا ہے۔

پیٹرول اور ڈیزل

بڑھتی ہوئی بین الاقوامی قیمتوں کا حوالہ دے رہی ہیں۔ پٹرول ڈیزل کی اضافی قیمتیں آج سے نافذ العمل ہیں۔ جب سے ایندھن کی قیمتوں پر نظرثانی 15 مئی کو طویل منجمد کے بعد دوبارہ شروع ہوئی تھی، تازہ ترین نظرثانی کیساتھ، پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مجموعی اضافہ تقریباً 7 روپے فی لیٹر ہے۔ اضافہ سے قبل دہلی میں پٹرول کی قیمت 99.51 روپے تھی اور اب 2.61 روپے فی لیٹر بڑھ کر 102.12 روپے فی لیٹر ہوگئی۔ صنعت کے ذرائع نے بتایا کہ پہلے ڈیزل کی قیمت 92.49 روپے تھی اور اب 2.71 روپے فی لیٹر اضافے کیساتھ 95.20 روپے فی لیٹر ہوگئی ہے۔ 15 مئی کو تیل کمپنیوں نے فی لیٹر پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں 3 روپے سے زیادہ کا اضافہ کیا تھا، 19 مئی کو بھی تیل کمپنیوں نے ڈیزل کی قیمتوں میں 91 پیسے فی لیٹر اور پٹرول کی قیمت میں 87 پیسے فی لیٹر کا اضافہ کیا تھا اور 23 مئی کو پٹرول کی قیمتوں میں 87 پیسے فی لیٹر، ڈیزل کی قیمت میں 91 پیسے کا اضافہ کیا گیا تھا۔ سی این جی کی قیمتوں میں ایک روپے فی کلو کا اضافہ کیا گیا تھا۔ یہ اضافہ خام تیل کی عالمی قیمتوں میں اضافے اور روپے کی کمزوری کے درمیان ہوا ہے، جس نے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کی درآمدی لاگت پر دباؤ بڑھایا ہے۔

نیٹ پیپر لیک

ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) نے پچھلے نیٹ پیپر لیک ہونے سے سبق نہیں سیکھا ہے کیونکہ اس نے میڈیکل داخلہ کے امتحان کے انعقاد کے لئے جانچ ایجنسی کی جگہ ایک مضبوط اور خود مختار ادارہ بنانے کی درخواستوں پر مرکز، این ٹی اے اور سی بی آئی سے جواب طلب کیا ہے۔ جسٹس پی ایس نرسمہا اور آلوک ارادھے کی بنچ نے ہدایت دی کہ درخواستوں کی کاپی دیگر فریقین کے علاوہ سالیسٹر جنرل تشار مہتا کو بھی دی جائے اور نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) سے کہا کہ وہ سال 2024 میں عدالت کی طرف سے جاری کردہ ہدایات کی تعمیل پر جمعرات تک حلف نامہ داخل کرے۔ بنچ نے کہا "یہ افسوسناک ہے کہ انہوں نے اپنا سبق نہیں سیکھا۔ یہ معاملہ پہلے بھی اس عدالت میں گیا تھا۔ ایک کمیٹی تھی، ایک مانیٹرنگ کمیٹی تھی جس نے کچھ سفارشات کی تھیں اور انہیں قبول کر لیا گیا تھا۔ ہم چاہتے ہیں کہ این ٹی اے کمیٹی کی تجویز کردہ سفارشات کی تعمیل کے لئے اٹھائے گئے اقدامات پر حلف نامہ داخل کرے۔" سپریم کورٹ، جس نے فیڈریشن آف آل انڈیا میڈیکل ایسوسی ایشن (ایف اے آئی ایم اے) کی جانب سے وکیل تنوی دوبے کے ذریعے دائر کی گئی ایک عرضی پر نوٹس جاری کیا کہا کہ وہ اسی طرح کے تمام معاملات کو ایک ساتھ ٹیگ کر رہی ہے۔ اس نے انڈین اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن کے سابق سربراہ کے رادھا کرشنن کی قیادت میں مرکز کی طرف سے مقرر کردہ کمیٹی کو ہدایت دی کہ این ٹی اے کے کام کاج کا جائزہ لیا جائے تاکہ اس کی ہدایات کی تعمیل کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کی تفصیل دی جائے۔ میڈیکل باڈی نے سپریم کورٹ سے براہ راست تنظیم نو کی درخواست کی ہے۔ میڈیکل ایجوکیشن پروگراموں میں داخلوں کے لیے این ٹی اے کے ذریعہ 3 مئی کو منعقدہ انڈر گریجویٹ سطح کا قومی اہلیت کم داخلہ ٹیسٹ (NEET) پیپر لیک کے الزامات کے درمیان 12 مئی کو منسوخ کر دیا گیا تھا، جس کی تحقیقات اب سی بی آئی کر رہی ہے۔

لیفٹیننٹ گورنر نے

کے دوران لیفٹیننٹ گورنر نے عید الاضحیٰ کی تقریب سعید کے پُرامن انعقاد کے لئے پانی کی فراہمی، صفائی ستھرائی، بجلی اور دیگر سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے سینئر افسران کو ہدایت دی کہ تمام انتظامات پوری تندہی کے ساتھ مکمل کئے جائیں۔ انہوں نے کہا، "یہ تہوار ہمیں عاجزی اور خیرات کے فضائل کی یاد دلاتا ہے جو ہمیں انسانیت کی عظیم تر بھلائی کے لئے خود کو وقف کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ یہ تقریب نہ صرف بہترین انداز میں منظم ہو بلکہ عقیدت اور جوش وخروش کے ساتھ شایانِ شان طریقے سے منائی جائے۔" اس موقعہ پر روحانی رہنماؤں، وقف بورڈ کے اہلکار، پولیس وسول انتظامیہ کے سینئر افسران اور ممتاز شہری بھی موجود تھے۔

کمسن بچی کے ساتھ

کہا کہ باقی ملوث افراد کی تلاش کے لیے متعدد مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں اور بہت جلد انہیں بھی گرفتار کیا جائے گا۔ افسر نے مزید کہا کہ یہ جرم نہایت سنگین اور انسانیت سوز ہے، اور پولیس اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ملزمان کو سخت سزا دلائی جائے تاکہ مستقبل میں کوئی بھی ایسے گھناونے جرم کے بارے میں سوچ بھی نہ سکے۔ یاد رہے کہ بڈگام میں 12 سالہ لڑکی کو اغوا کرنے کے بعد اُس کے ساتھ زیادتی کی گئی اور بعدازاں اسے بے دردی سے قتل کر دیا گیا، جس کے بعد پورے علاقے میں خوف وغم کی کیفیت پیدا ہوگئی ہے۔ مقامی آبادی نے اس بہیمانہ کارروائی پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے ملزمان کو عبرتناک سزا دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ تفتیشی عمل تیز رفتاری کے ساتھ جاری ہے اور جلد ہی پورا معاملہ منظر عام پر لایا جائے گا۔

گلمرگ گنڈولا میں

تک تقریباً 80 سیاحوں کو بحفاظت نکال لیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق خرابی گونڈولا کے فیز 1-نظام میں پیدا ہوئی، جس کے بعد فیز 1-اور فیز 2-دونوں راستوں پر آپریشن معطل کر دیا گیا۔ حکام نے واضح کیا کہ یہ واقعہ موسم سے متعلق نہیں تھا اور تمام کیبن ساختی طور پر محفوظ ہیں۔ ذرائع کے مطابق خرابی کے بعد تقریباً 62 سے 65 کیبن فضا میں پھنس گئے تھے۔ ریسکیو ٹیموں نے فوری طور پر بڑے پیمانے پر انخلا کا عمل شروع کیا، جس میں ہندوستانی فوج، اسٹیٹ ڈیزاسٹر ریسپانس فورس (ایس ڈی آر ایف) اور پولیس کے تربیت یافتہ اہلکار مشترکہ طور پر مصروف ہیں۔ جموں و کشمیر لیفٹیننٹ گورنر آفس نے کہا کہ انتظامیہ صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے اور ڈائریکٹر جنرل آف پولیس کو ریسکیو کارروائیوں کی نگرانی کے لیے موقع پر پہنچنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر آفس کے مطابق، "پولیس، فوج، ایس ڈی آر ایف، ڈپٹی کمشنر اور سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کی مشترکہ ٹیم تمام سیاحوں کی حفاظت یقینی بنانے کے لیے کارروائی کر رہی ہے۔" وزیر اعلیٰ آفس جموں وکشمیر نے بھی کہا کہ حکومت صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے اور تربیت یافتہ ٹیمیں منظم طریقے سے انخلا کا عمل انجام دے رہی ہیں۔ حکام نے عوام سے کہا ہے کہ گھبرانے کی ضرورت نہیں اور صورتحال "مکمل طور پر قابو میں" ہے۔ ہندوستانی فوج نے بتایا کہ گونڈولا آپریٹرز کے تعاون سے تیز اور مربوط ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ حکام کے مطابق شام تک 16 کیبنوں سے تقریباً 80 مسافروں کو بحفاظت نکال لیا گیا تھا، جبکہ باقی پھنسے ہوئے سیاحوں کے لیے امدادی کارروائیاں جاری تھیں۔ صورتحال پر ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے سابق وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اپنے بیان میں کہا کہ خوش قسمتی سے تمام سیاح محفوظ ہیں اور ریسکیو عمل تیزی سے چل رہا ہے۔ انہوں نے انتظامیہ سے اپیل کی کہ سیاحوں کی حفاظت کو اولین ترجیح بنایا جائے۔ ادھر لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی صورت حال کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی ہے کہ امدادی کارروائی میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ ہر کیبن میں موجود تمام افراد کو بحفاظت باہر نکالا جائے گا اور تکنیکی خرابی کے اسباب کی مکمل جانچ کی جائے گی۔ محکمہ کیبل کار کے مطابق گنڈولا کی دونوں لائنیں وقتی طور پر معطل کی گئی ہیں اور مکمل مرمت کے بعد ہی سروس کو بحال کیا جائے گا۔ ادھر حکام نے بتایا کہ تمام سیاحوں کو محفوظ نکالا گیا ہے۔ ادھر وزیر اعلیٰ مسٹر عمر عبداللہ کی ہدایات پر نائب وزیر اعلیٰ مسٹر سریندر کمار چودھری آج گلمرگ پہنچے اور گنڈولا سروس کی تکنیکی خرابی کی وجہ سے عارضی طور پر بند ہونے کے بعد ریسکیو آپریشن کی ذاتی نگرانی کی۔ گلمرگ کے ایم ایل اے پیرزادہ فاروق احمد شاہ کے ہمراہ سینئر انتظامی اور پولیس افسران بھی موقع پر موجود تھے۔ انہوں نے صورتحال کی قریبی نگرانی اور ریسکیو آپریشن میں مدد کی۔ جموں و کشمیر حکومت گلمرگ گنڈولا کی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے، جہاں تکنیکی خرابی کی وجہ سے کیبل کار سروس عارضی طور پر بند کر دی گئی تھی۔ حکام نے بتایا کہ تمام کیبنز محفوظ ہیں اور تربیت یافتہ ریسکیو ٹیمیں زمین پر متحرک ہیں جو پھنسے ہوئے سیاحوں کو محفوظ طریقے سے نکالنے میں مصروف ہیں۔ نائب وزیر اعلیٰ نے جاری ریسکیو آپریشن کا جائزہ لیا اور تمام متعلقہ ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ باقی ماندہ مسافروں کو تیز، ہم آہنگ اور محفوظ طریقے سے نکالا جائے۔ حکام نے کہا کہ پھنسے ہوئے زیادہ تر کیبنز کو پہلے ہی کلیئر کر لیا گیا ہے اور باقی لوگوں کو محفوظ طریقے سے نکالنے کیلئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ حکومت نے یقین دلایا ہے کہ صورتحال مکمل طور پر کنٹرول میں ہے اور کسی قسم کی گھبراہٹ کی کوئی وجہ نہیں ہے۔

عید الاضحی کے پیش

نمایاں تیزی آگئی، تاجر اور خریدار قربانی کیلئے منفرد نام کے جانوروں کی قیمتوں کے حوالہ سے سودے بازی میں مصروف ہیں۔ خریداروں کے اہل خانہ اور نوجوان سلفیز اور مختصر ویڈیوز کے ذریعے رنگین مناظر کو قید کر رہے ہیں۔ سوشل میڈیا اور نیوز چینلز پر نوجوانوں کی طرف سے شیئر کیے گئے کلپس اور ویڈیوز مویشی منڈیوں کے دلکش مناظر کو نمایاں کر رہے ہیں۔ عید الاضحیٰ کی تیاریوں اور جانوروں کی خریداری کے دوران قیمتوں کے حوالہ سے روایتی سودے بازی نمایاں ہے۔ جانور فروخت کرنے والوں کا کہنا ہے کہ قیمتیں بڑھنے کے باوجود خریدار جانوروں کی کم قیمتیں پیش کر رہے ہیں۔ ادھر قربانی کے جانوروں کی خرید وفروخت میں نمایاں تیزی دیکھی جا رہی ہے، جبکہ مختلف اضلاع کی مویشی منڈیوں میں لوگوں کی بڑی تعداد خریداری کے لیے نظر آئی۔ سرینگر، بارہمولہ، بانڈی پورہ، شوپیان اور دیگر علاقوں کی مویشی منڈیوں میں بھیڑ بکریوں اور دیگر جانوروں کی خریداری کے لیے لوگوں کا رش بڑھ گیا ہے۔ تاجروں کے مطابق عید قریب آنے کے ساتھ ساتھ مانگ میں مزید اضافہ متوقع ہے۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ اگرچہ جانوروں کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے، تاہم لوگ مذہبی جذبے اور روایتی جوش وخروش کے ساتھ قربانی کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔ کئی مقامات پر عارضی مویشی بازار بھی قائم کیے گئے ہیں تاکہ خریداروں کو سہولت فراہم کی جا سکے۔ پیر کو یارہ عرفہ کے پیش نظر شہر سرینگر اور وادی کے صدر و تحصیل مقامات پر لوگوں نے مختلف بازاروں کا رُخ کیا جس کے دوران لوگ عید کی ضروریات خریدتے گئے۔ شہر سرینگر میں ہر طرح کے بنک کھلے رہے اور ان بنکوں میں گاہکوں کا کافی رش دیکھنے کو ملا جبکہ بنکوں کے اے ٹی ایموں پر لوگوں کی لمبی قطاریں نظر آئیں جہاں سے لوگ رقومات حاصل کرنے کے بعد مختلف بازاروں کا رُخ کر رہے تھے۔ چنانچہ دن گزرنے کیساتھ ساتھ شہر سرینگر کے بازاروں میں رش بڑھتا گیا اور دوپہر کو لالچوک میں لوگوں کا اژدحام اُمڈ پڑا۔ شہر سرینگر کے تمام مصروف ترین بازاروں میں عید الاضحیٰ کے سلسلے میں بھاری پیمانے پر لوگوں کی طرف سے خریداری جاری رہی اور شہر کے انتہائی مصروف ترین علاقوں میں بھاری رش دیکھنے کو ملا اور لوگ ہر طرح کی اشیا خریدنے کیلئے زبردست تگ و دو میں مصروف رہے۔ بھاری رش کی وجہ سے سڑکوں پر ٹریفک جام کے مناظر دیکھنے کو ملے جس کی وجہ سے لوگوں کو چلنے پھرنے میں دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔ اطلاعات کے مطابق شہر کے امیرا کدل، لالچوک، ککر بازار، مائسمہ، جہانگیر چوک، ہری سنگھ ہائی اسٹریٹ، گونی کھن میں کافی گہما گہمی کا عالم تھا جبکہ شہر میں قائم قصابوں اور مرغ فروشوں کے دکانوں پر کافی رش تھا۔ اس دوران آج مٹھائی اور بیکری فروشوں کے دکانوں پر لوگوں کی لمبی لمبی قطاریں نظر آئیں جبکہ صراف بازار جہانگیر چوک میں خواتین کی ایک بڑی تعداد زیوارات خریدنے میں مصروف رہیں

راجوری کے جنگلات

کرتے ہوئے تازہ دستے موقعے پر روانہ کر دیے ہیں۔ عہدیداروں کے مطابق مشتبہ دہشت گرد اب بھی گھنے جنگل کے اندر چھپے ہوئے ہیں اور سیکورٹی فورسز انتہائی احتیاط سے تلاشی آپریشن آگے بڑھا رہی ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گزشتہ رات بھرپور سرچ آپریشن کے باوجود فائرنگ کے کئی دور چلتے رہے، جس کے بعد صبح سویرے دوبارہ شدید جھڑپ شروع ہوگئی۔ فوج، نیم فوجی دستوں اور جموں و کشمیر پولیس کے خصوصی دستوں نے علاقے میں داخلی و خارجی راستوں کو مکمل طور پر بند کر دیا ہے جبکہ ڈرون اور تھرمل امیجنگ آلات کی مدد سے جنگل میں چھپے مشتبہ افراد کی نقل وحرکت پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ علاقے میں مقامی آبادی کو گھروں میں ہی رہنے کی ہدایت دی گئی ہے اور پورے علاقے میں کرفیو جیسی صورتحال برقرار ہے۔ حکام کے مطابق جب تک جنگجوؤں کی موجودگی کا مکمل خاتمہ نہیں ہو جاتا، آپریشن جاری رہے گا۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ آپریشن میں مزید شدت لائی جا رہی ہے اور امکان ہے کہ آئندہ چند گھنٹے صورتحال کے اعتبار سے نہایت اہم ہوں گے۔

کالعدم جماعت

گی کی حامی سرگرمیوں کی جانچ کر رہی ہے، جسے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون (یو اے پی اے) کے تحت ایک غیر قانونی تنظیم قرار دیا گیا ہے۔ اگرچہ این آئی اے نے تلاشی کے درست مقامات کی تفصیل ظاہر نہیں کی، تاہم حکام کے مطابق دارالعلوم سراج العلوم مدرسے کی بھی تلاشی لی گئی، جسے گزشتہ ماہ جموں و کشمیر انتظامیہ نے غیر قانونی تنظیم قرار دیا تھا۔ یہ مدرسہ یو اے پی اے کے تحت جموں و کشمیر کا پہلا مذہبی تعلیمی ادارہ ہے جسے غیر قانونی قرار دیا گیا۔ این آئی اے کا کہنا ہے کہ اب تک کی تحقیقات میں مبینہ طور پر سامنے آیا ہے کہ جماعت اسلامی وادی کشمیر اور ہندوستان کے دیگر حصوں میں دہشت گردی کی مالی معاونت اور اس کے فروغ میں سرگرم رہی۔ ایجنسی کے مطابق تنظیم صحت اور تعلیم جیسی فلاحی سرگرمیوں کے نام پر ملکی و بین الاقوامی سطح پر چندے جمع کرتی تھی۔ ایجنسی نے الزام عائد کیا کہ یہ رقوم مبینہ طور پر پُرتشدد اور علیحدگی پسند سرگرمیوں کے لیے استعمال کی جاتی تھیں اور منظم نیٹ ورک کے ذریعے کالعدم تنظیموں، جیسے حزب المجاہدین اور دیگر تک پہنچائی جاتی تھیں۔ این آئی اے کے مطابق مبینہ دہشت گردی سازش میں کشمیری نوجوانوں کو شدت پسندی کی طرف مائل کرنا اور علیحدگی پسند سرگرمیوں کے لیے نئے ارکان (رکن) کے طور پر بھرتی کرنا بھی شامل تھا۔ این آئی اے نے کہا کہ وہ اس مقدمے کی تحقیقات جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ تنظیم کی مبینہ علیحدگی پسند سرگرمیوں کا خاتمہ کیا جا سکے اور جموں و کشمیر میں سرگرم دہشت گردی کے نیٹ ورک کو ختم کیا جا سکے۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے

خان (تھانہ منڈی)، چودھری محمد اکرم (سرنکوٹ) اور افتخار احمد (راجوری) شامل تھے، نے وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی اور علاقے کے مختلف ترقیاتی اور عوامی فلاحی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ رُکن قانون ساز اسمبلی کولگام ایم وائی تاریگامی اور ممبر قانون ساز اسمبلی شوپیاں شبیر احمد کُلے نے بھی الگ الگ وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی اور اپنے اپنے حلقوں سے متعلق مسائل سے آگاہ کیا۔ ممبر اسمبلی بڈگام آغا سید منتظر مہدی نے بھی وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی اور بڈگام حلقے کی مجموعی صورتحال کے علاوہ آنے والے مقدس مہینے محرم الحرام 2026 سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وائس چانسلر کلسٹر یونیورسٹی سری نگر پروفیسر محمد مبین نے وزیر اعلیٰ سے ملاقات کر کے یونیورسٹی کی حالیہ پیش رفت اور ترقیاتی اقدامات سے آگاہ کیا۔ وائس چانسلر سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر پروفیسر اے ریویندر ناتھ نے بھی وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی اور یونیورسٹی کی تعلیمی و ترقیاتی سرگرمیوں کے بارے میں جانکاری دی۔ ڈائریکٹر شیر کشمیر انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز پروفیسر ایم اشرف گنائی نے بھی وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی اور ادارے سے متعلق مختلف امور اور پیش رفت سے آگاہ کیا۔ وائس چیئرمین و منیجنگ ڈائریکٹر انڈین کنسٹرکشن کمپنی ارجن دھون نے بھی وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی اور جموں و کشمیر میں کمپنی کے جاری مختلف ترقیاتی کاموں کے بارے میں بتایا۔ وزیر اعلیٰ نے تمام وفود کو بغور سنا اور جامع ترقی، عوامی اداروں کو مضبوط بنانے اور عوامی مسائل کے بروقت حل کرنے کے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔

نائب وزیر اعلیٰ نے

انفراسٹرکچر کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ تمام ضروری حفاظتی پروٹوکولز کی سختی سے پابندی یقینی بنائی جائے اور سیاحوں و مقامی لوگوں کی سہولت کیلئے خدمات کی جلد از جلد بحالی پر زور دیا۔ اس موقع پر سیاحوں اور حکام سے بات چیت کرتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ نے ریسکیو آپریشن میں ملوث سول ایڈمنسٹریشن، پولیس، آرمی، ڈیزاسٹر ریسپانس فورس (ڈی آر ایف)، مقامی گائیڈز اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی ہم آہنگ کاوشوں کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا "وزیر اعلیٰ کی ہدایات پر میں نے خود ریسکیو آپریشن کی نگرانی کی اور میں خوشی سے کہہ سکتا ہوں کہ تمام پھنسے ہوئے سیاحوں کو محفوظ طریقے سے بچا لیا گیا ہے۔" نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ تمام ایجنسیوں کے فوری ردعمل اور قریبی ہم آہنگی نے ہر مسافر کی محفوظ منتقلی کو یقینی بنایا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے مزید یقین دہانی کرائی کہ اس واقعے کے حوالے سے ایک تفصیلی رپورٹ وزیر اعلیٰ کو پیش کی جائے گی جس کے بعد مناسب اقدامات اٹھائے جائیں گے تاکہ تکنیکی خرابی کی وجہ کا تعین کیا جا سکے اور مستقبل میں ایسے واقعات کو دوبارہ پیش آنے سے روکا جا سکے۔ اس موقع پر سول، پولیس اور فوج کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔

غیر متوقعہ موسمی

کسانوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انتظامیہ سے صورتحال کا جائزہ لینے کی اپیل کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا کہ اگلے 3 سے 5 گھنٹوں کے دوران وادی کے متعدد مقامات پر وقفے وقفے سے بارش، گرج چمک، ژالہ باری اور تیز ہواؤں کے امکانات برقرار رہیں گے۔ بعض علاقوں میں مختصر مگر شدید بارشوں اور بجلی چمکنے کے بھی امکانات ظاہر کیے گئے ہیں۔ محکمہ نے لوگوں کو صلاح دی ہے کہ خراب موسم کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز کریں، کمزور ڈھانچے سے دور رہیں اور کھلے میدانوں میں ٹھہرنے سے پرہیز کریں۔ وادی میں اچانک موسم کی اس تبدیلی نے عام لوگوں، کسانوں اور سیاحتی سرگرمیوں پر اثر ڈالا ہے جبکہ انتظامیہ نے متعلقہ محکموں کو الرٹ رہنے کی ہدایت جاری کی ہے۔

لال قلعہ کار

بلکہ ایک منظم "خفیہ جانچ مشن" کے طور پر کیا گیا تھا، جس کا مقصد ممکنہ حملوں کے لیے مقامات کا انتخاب اور زمینی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لینا تھا۔ اطلاعات کے مطابق مزمل شکیل نے لکھنؤ میں کئی حساس مقامات کی "دشمنانہ ریکی" کی - یعنی ایسے مقامات جہاں سرکاری سرگرمیاں عروج پر رہتی ہیں یا جہاں عام لوگوں کی بڑی تعداد موجود رہتی ہے۔ ان جگہوں میں پاپو بھون اور ودھان بھون (سول سیکریٹریٹ)، اور مختلف بڑی مارکیٹیں شامل تھیں۔ تفتیش کاروں کے مطابق ملزم نے امام بارا، لال باغ اور امین آباد جیسے مصروف مقامات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔ تحقیقات سے پتہ چلا ہے کہ ملزمان نے ان تمام مقامات کو "انتہائی موزوں نشانے" قرار دیا تھا کیونکہ یہاں عوام کی آمد ورفت زیادہ ہوتی ہے اور کسی بھی حملے کے نتائج نہایت سنگین ہو سکتے تھے۔ این آئی اے کے مطابق معاملے کی تہہ تک پہنچنے اور سازش میں شامل دیگر افراد کی شناخت کے لیے مزید چھاپے اور پوچھ گچھ جاری ہے۔ ایجنسی کا کہنا ہے کہ یہ سازش نہ صرف دارالحکومت دہلی میں ہونے والے دھماکے سے جڑی ہوئی ہے بلکہ ملک کے دیگر بڑے شہروں کو غیر مستحکم کرنے کی ایک بڑے پیمانے کی کوشش کا حصہ بھی معلوم ہوتی ہے۔

امرناتھ یاترا کے

ضروری انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ 57 دن کی یاترا جڑواں پٹریوں سے شروع ہوگی - اننت ناگ میں روایتی 48 کلومیٹر نونوان، پہلگام راستہ اور گاندربل میں 14 کلومیٹر چھوٹا لیکن کھڑا بالتل راستہ 3 جولائی کو اور 28 اگست کو رکھشا بندھن پر اختتام پذیر ہوگا۔ "اس وقت ہماری سب سے بڑی توجہ امرناتھ یاترا کے لیے حفاظتی تیاریوں پر ہے۔ تمام ضروری انتظامات کیے جا رہے ہیں، اور ہم پوری طرح سے تیار ہیں۔ ہماری تمام ٹیمیں فعال طور پر کام کر رہی ہیں، اور انتظامیہ، جے ٹرانسپورٹ آپریٹرز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ قریبی تال میل برقرار رکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکورٹی ایجنسیوں نے حالیہ سکورٹی خدشات کے پیش نظر نگرانی اور آپریشنل سرگرمیاں تیز کر دی ہیں اور وہ تمام حساس اور زیادہ خطرے والے علاقوں پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم تمام حساس مقامات پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔ انٹیلی جنس معلومات اور مختلف ذرائع سے موصول ہونے والی معلومات کی بنیاد پر ضروری اقدامات بشمول تلاشی کارروائیوں اور چوکسی کو بڑھایا جا رہا ہے۔ ڈی آئی جی نے نوٹ کیا کہ فوج، پولیس، سی آر پی ایف، ایس ایس بی، ایس پی جی اور دیگر سیکورٹی ایجنسیوں کے درمیان ہموار انٹیلی جنس شیئرنگ اور آپریشنل کوآرڈینیشن ہے تاکہ جامع سیکورٹی کور کو یقینی بنایا جا سکے۔ تمام سیکورٹی ایجنسیوں کے درمیان مضبوط انٹیلی جنس کوآرڈینیشن ہے، اور تمام منصوبہ بند حفاظتی اقدامات کو لاگو کر دیا گیا ہے۔ صورتحال کا مسلسل جائزہ لیا جا رہا ہے، اور ریاسی اور ادھم پور اضلاع میں جہاں بھی ضرورت ہو سیکورٹی انتظامات کو مضبوط کیا جا رہا ہے۔

وزیر اعلیٰ نے محکمہ

ریگولرائزیشن کے احکامات تقسیم کئے اور انہیں مستقبل کی خدمات کے لئے نیک خواہشات پیش کیں۔ انہوں نے اُمید ظاہر کی کہ ملازمین محکمہ سکولی تعلیم کو مضبوط بنانے اور عوامی خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لئے خلوص، عزم اور لگن کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے رہیں گے۔ استفادہ کنندگان نے وزیر اعلیٰ اور حکومت کا ان کے طویل عرصے سے زیر التوا مسئلہ کو حل کرنے اور انہیں ریگولرائزیشن کے احکامات فراہم کرنے پر شکریہ ادا کیا۔

ڈائریکٹر جنرل

نوجوان طلباء کو شخصیت سازی، قائدانہ تربیت اور قومی یکجہتی کے مواقع فراہم کرنے پر تنظیم کی ستائش کی۔ انہوں نے ڈائریکٹر جنرل کو یقین دلایا کہ حکومت جموں و کشمیر میں نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے لئے این سی سی کی مختلف سرگرمیوں کے انعقاد میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ وزیر موصوف نے نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور ان کی ہمہ جہت ترقی کو فروغ دینے کے لئے معاون اقدامات کے لئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقعہ پر اے ڈی جی این سی سی میجر جنرل انوپ پنڈیر بھی موجود تھے۔

سکینہ ایتو نے

ترقی دے رہی ہے اور ایڈونچر ٹورازم سرگرمیوں کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اس طرح کے پروگرام نوجوانوں کو سیاحت، روزگار پیدا کرنے اور خود روزگار سے متعلق مختلف حکومتی سکیموں اور پروگراموں کے بارے میں بیداری فراہم کرنے کا موثر ذریعہ ہیں۔ اُنہوں نے اس بات پر زور دیا کہ غیر دریافت شدہ سیاحتی مقامات کو فروغ دینے سے نہ صرف سیاحوں کو راغب کیا جائے گا بلکہ مقامی کمیونٹیوں کے لئے دیرپا روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ اُنہوں نے خطے کی مجموعی اقتصادی ترقی کے لئے نوجوانوں اور مقامی شراکت داروں کو سیاحت سے متعلق سرگرمیوں میں شامل کرنے کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔ یہ پروگرام ضلع بھر میں سیاحت سے متعلق بیداری، ایڈونچر ٹورازم کے فروغ اور نوجوانوں کی شرکت بڑھانے کے مقصد سے منعقد کیا گیا ہے۔ کیمپ میں سیاحت کے شراکت داروں، ٹور اینڈ ٹریول آپریٹروں، مقامی نمائندوں، ضلعی افسران اور نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اُنہوں نے علاقے میں سیاحتی بنیادی ڈھانچے اور ایڈونچر سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لئے کی جا رہی کوششوں کو سراہا۔ اس موقعہ پر ٹریکنگ، سائیکلنگ اور دیگر ایڈونچر سرگرمیوں میں بھی نوجوانوں نے جوش وخروش سے حصہ لیا تاکہ پنچن چٹری اور ملحقہ علاقوں کی سیاحتی صلاحیت کو اُجاگر کیا جا سکے۔

محبوبہ مفتی کی

کمزور کرتی ہے۔ محبوبہ مفتی نے حالیہ انتظامی فیصلوں، انتخابی تاخیر اور خطے کے لوگوں میں بڑھتی ہوئی بے چینی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ "ہم سب کے لیے ایک مشترکہ پلیٹ فارم قائم کرنا ناگزیر ہو چکا ہے، ورنہ تاریخ ہمیں معاف نہیں کرے گی۔" انہوں نے تمام علاقائی جماعتوں، بشمول نیشنل کانفرنس، کانگریس، پیپلز کانفرنس اور دوسری پارٹیوں سے اپیل کی کہ وہ عوامی مفاد کو اولین ترجیح دیتے ہوئے ایک متحد حکمت عملی تشکیل دیں۔ سیاسی مبصرین کے مطابق محبوبہ مفتی کی یہ اپیل ایسے وقت سامنے آئی ہے جب جموں و کشمیر میں سیاسی سرگرمیاں دوبارہ تیز ہو رہی ہیں اور مختلف جماعتیں اپنے اپنے موقف کو نئی شکل دینے میں مصروف ہیں۔

انجمن اوقاف جامع مسجد

سری نگر کا دورہ بھی کیا اور وہاں کے انتظامات اور میدان کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مشاہدہ کیا کہ اگر موسم سازگار رہا تو عیدگاہ میں نماز عید بخوبی ادا کی جا سکتی ہے۔ اوقاف نے امید ظاہر کی کہ حکام اس بار عیدگاہ سری نگر میں نماز عید کی ادائیگی میں کوئی رکاوٹ پیدا نہیں کریں گے۔ اوقاف کے مطابق عیدگاہ کا میدان اس وقت اچھی حالت میں ہے اور نئے منبر و محراب کا کام بھی مکمل ہو چکا ہے، لہٰذا نماز عید کے انعقاد میں رکاوٹ ڈالنے یا پابندی عائد کرنے کا کوئی جواز نہیں بنتا۔ اوقاف نے مزید کہا کہ خراب موسمی حالات کی صورت میں نماز عید تاریخی جامع مسجد سرینگر میں مذکورہ وقت اور نظام کے تحت ادا کی جائے گی۔

چیف سیکرٹری نے

کرنے پر زور دیا گیا۔ میٹنگ کے دوران چیف سیکرٹری نے دوبارہ تاکید کی کہ ان اصلاحات کا بنیادی مقصد مربوط حکمرانی، شہری مرکزیت والی انتظامیہ اور ٹیکنالوجی پر مبنی نظام قائم کرنا ہے جس کا ہدف موثر، شفاف اور جوابدہ خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ محکموں کو روایتی الگ تھلگ (silo-based) طریقہ کار سے آگے بڑھنا چاہیے اور قریبی ہم آہنگی کے ساتھ کام کرتے ہوئے وکست بھارت @ 2047 کے تحت تصور کئے گئے بڑے ترقیاتی اہداف حاصل کرنے کی طرف پیش قدمی کرنی چاہیے۔ پلاننگ ڈیولپمنٹ اینڈ مانیٹرنگ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے مختلف اصلاحاتی اقدامات سے متعلق ایکشن ٹیکن رپورٹس پر ایک تفصیلی پریزنٹیشن دیا گیا۔ میٹنگ کو بتایا گیا کہ فائنانس، سکول ایجوکیشن، سکل ڈیولپمنٹ، ہیلتھ اینڈ میڈیکل ایجوکیشن، ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ، ایگریکلچر پروڈکشن، سوشل ویلفیئر، پبلک ورکس، ٹورازم اور ہائیر ایجوکیشن سمیت کئی محکموں نے پہلے ہی ہم آہنگی پر مبنی گورننس ماڈلز اپنا لئے ہیں، جن میں انٹر ڈیپارٹمنٹل کوآرڈینیشن، ڈیجیٹل انٹیگریشن اور تعاون پر مبنی عمل درآمد کے طریقہ کار شامل ہیں۔ معاشرتی زندگی میں آسانی پیدا کرنے کیلئے اصلاحات کا جائزہ لیتے ہوئے اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ جموں و کشمیر جن وشواس اصلاحات کے تحت 20 ایکٹس میں موجود تقریباً 32 مجرمانہ دفعات کو غیر مجرمانہ (decriminalized) کر دیا گیا ہے تاکہ تعمیل کے بوجھ کو کم کیا جا سکے اور شہریوں کی سہولت میں اضافہ ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ 19 فرسودہ قوانین کو منسوخ کر دیا گیا ہے تاکہ قانونی فریم ورک کو سادہ بنایا جا سکے اور کاروبار کرنے میں آسانی کو فروغ دیا جا سکے۔ چیف سیکرٹری نے یوٹی بھر میں گورنمنٹ ٹو سٹیزن (G2C) خدمات کی 100 فیصد اینڈ ٹو اینڈ ڈیجیٹائزیشن حاصل کرنے کی تجویز کا بھی جائزہ لیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ای اُنت پلیٹ فارم کے تحت G2C 1548 خدمات پہلے ہی ڈیجیٹائز کی جا چکی ہیں جبکہ تقریباً 300 اضافی خدمات فی الحال ترقی کے مراحل میں ہیں۔ میٹنگ کو مطلع کیا گیا کہ پہلے مرحلے میں زراعت، اعلیٰ تعلیم، ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ، ریونیو، صحت اور پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹس سمیت کلیدی محکموں میں 302 خدمات کو آف لائن عمل ختم کر کے مکمل ڈیجیٹل تبدیلی کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔ عمل درآمد کا روڈ میپ مرحلہ وار عمل پر مشتمل ہے جس میں پالیسی نوٹیفکیشن، ڈیجیٹائزیشن آڈٹ، ورک فلو انجینئرنگ، سسٹم انٹیگریشن، کپیسٹی بلڈنگ، ریئل ٹائم مانیٹرنگ اور تھرڈ پارٹی آڈٹس شامل ہیں۔ چیف سیکرٹری نے محکموں پر زور دیا کہ وہ ڈیجیٹائزیشن سے قبل جامع عمل دوبارہ انجینئرنگ (re-engineering process) کریں۔ انہوں نے تمام محکموں کو ہدایت دی کہ موجودہ G2G, G2B اور G2C طریقہ کار کو سادہ بنائیں تاکہ رکاوٹوں کو ختم کیا جا سکے اور تیز، آسان اور شہری دوست گورننس کے نظام کو فروغ دیا جا سکے۔

جعلی آن لائن

کرتے وقت محتاط رہیں اور صارفین کو مشورہ دیا کہ ادائیگی کرنے سے پہلے ہر پیشکش کی تصدیق کریں۔ شہریوں سے یہ بھی کہا گیا کہ وہ ایس ایم ایس، واٹس ایپ میسجز، اشتہارات یا سوشل میڈیا پوسٹس کے ذریعے شیئر کیے گئے مشکوک لنکس کو کھولنے سے گریز کریں۔ حکام نے عوام سے مزید اپیل کی کہ وہ سودوں کے خلاف ہوشیار رہیں جو سچ ہونے کے لیے بہت اچھے لگتے ہیں اور آن لائن شاپنگ اور مالیاتی لین دین کے لیے صرف بھروسہ مند اور تصدیق شدہ پلیٹ فارم استعمال کریں۔ جعلی جھوٹ اور ناقابل یقین آن لائن پیشکشیں سائبر مجرموں کی طرف سے لوگوں کو دھوکہ دینے کے لیے استعمال کی جانے والی عام چالیں ہیں۔ صارفین کو چوکنا رہنا چاہیے اور اس طرح کی دھوکہ دہی کا شکار ہونے سے بچنا چاہیے" ایڈوائزری میں کہا گیا۔ پولیس نے عوام کو یہ بھی مشورہ دیا کہ وہ کسی بھی سائبر فراڈ، مشتبہ لین دین یا آن لائن گھوٹالے کی اطلاع نیشنل سائبر ہیلپ لائن 1930 ڈائل کر کے یا سرکاری سائبر کرائم رپورٹنگ پورٹل cybercrime.gov.in کے ذریعے دیں۔

ستیش شرما نے

ایجوکیشن ایکسپو جموں 2026 سے خطاب کر رہے تھے۔ نوجوانوں کی ہمہ جہت ترقی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے وزیر نے تعلیمی فضیلت کے ساتھ ساتھ اقدار، کردار اور لچک کو پروان چڑھانے کی اہمیت پر روشنی ڈالی تاکہ ایک مضبوط اور ترقی پسند معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔ طلباء، اساتذہ، والدین اور موقع پر موجود دیگر معزز مہمانوں سے خطاب کرتے ہوئے وزیر نے تعلیم کو ایک ایسا تبدیلی کا ذریعہ قرار دیا جو تعلیمی کامیابی سے کہیں آگے تک پھیلا ہوا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ تعلیم کو دانش کی نشو و نما کے ساتھ ساتھ کردار، نظم وضبط، ایمانداری اور سماجی ذمہ داری کو بھی پروان چڑھانا چاہیے۔ مسٹر ستیش شرما نے ٹائمز آف انڈیا کا شکریہ ادا کیا کہ اس نے طلباء کو مواقع اور تحریک سے جوڑنے کا ایک پلیٹ فارم فراہم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی ابتدائیں طلباء کی خواہشات کو تشکیل دینے، ان کے ذہنوں کی رہنمائی کرنے اور انہیں بامعنی کیریئرز اور روشن مستقبل کی طرف لے جانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا "جموں و کشمیر کا مستقبل اس کی نوجوان نسل کی طاقت، کردار اور امنگوں میں مضمر ہے۔ ہمیں انہیں مواقع، اقدار اور اعتماد سے بااختیار بنانا چاہیے۔"

لداخ میں زمینی

خطے کو بجلی کے اعتبار سے خود کفیل بنانے میں بنیادی کردار ادا کر سکتی ہے۔ ماہرین کا ماننا ہے کہ اگر منصوبہ مقررہ وقت میں مکمل ہوا تو لداخ شدید سردیوں میں بھی مستحکم اور صاف بجلی حاصل کرنے والا ملک کا پہلا علاقہ بن جائے گا۔ منصوبے کی بحالی کو لداخ کی توانائی حکمت عملی میں سنگ میل تصور کیا جا رہا ہے، جس سے نہ صرف مقامی آبادی کو فائدہ پہنچے گا بلکہ مستقبل میں خطے کی معاشی ترقی کی رفتار بھی بڑھنے کی توقع ہے۔

نماز عید کے لئے

ایک جامع مربوط ورک پلان کی ضرورت پر زور دیا جس میں وقف انتظامیہ اور مختلف محکمے شامل ہوں تاکہ تمام جگہوں پر لوگوں کو آسان خدمات فراہم کی جا سکیں۔ اجلاس کے بعد ڈاکٹر سید درخشاں نے کہا، "نماز عید کے لیے مربوط انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔" انہوں نے مختلف محکموں کے نمائندوں کا تہوار کے انتظامات کو کامیاب بنانے کے لئے وقف بورڈ کے ساتھ پچھلے کچھ سالوں میں مسلسل تال میل کے لئے شکریہ ادا کیا۔ میٹنگ میں شرکت کرنے والوں میں اکرام الحق، ایڈیشنل کمشنر کشمیر، منظور احمد بھٹ، اے ڈی ڈی سی ڈی سی آفس گاندربل، ڈاکٹر بشیر احمد بھٹ سپیشل آفیسر وقف، ایگزیکٹو مجسٹریٹ اشتیاق محی الدین، محترمہ افروزہ، اے سی آر بڈگام، اعزاز احمد، ایس ایس پی ٹریفک راکیش کمار، ایس ایس پی (ایس او ٹو آئی جی پی سیکورٹی)، فاروق احمد، ایڈیشنل ایس ایس پی سیکورٹی، غلام گیلانی، ایڈیشنل ایس ایس پی سید برہ ملا شاہ، ڈی ایس پی سری نگر، ڈی ایس پی سید علی شاہ، اے سی آر بڈگام شامل تھے۔ تنویر احمد، جوائنٹ کنٹرولر، بلال احمد میر، ڈائریکٹر کنزیومر افیئرز، بلال احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈاکٹر محمد امین، ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز، ڈاکٹر معید، بی ایم او حضرت بل، سپرنٹنڈنگ انجینئرز شبیر احمد کمار، محترمہ ارم لون، عروج اللقمبد، ایگزیکٹیو انجینئرز ریر فردوس احمد قاضی، محمد بسم اللہ، قاضی احمد، یوسف احمد اور دیگر شامل تھے۔ سید احمد وانی، محمد ایوب، محمد لطیف شاہ، جب کہ دینی مبلغین بشمول امام وخطیب عصر شریف حضرتبل مولانا ریاض الحق، امام و خطیب عصر شریف کمرگ مولانا شیخ عبدالرحید داؤدی، امام و خطیب امیر المومنین چہار شنبہ کے امام مولانا شیخ عبدالرحید داؤدی۔ پیر دستگیر صاحب خانیار سید مدثر گیلانی، امام وخطیب سید یعقوب صاحب سونوار، پیرزادہ محمد حسین قادری شامل تھے۔

ڈوڈہ جی ایم سی

پر کمزور پائے گئے۔ اسپتال انتظامیہ نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے ابتدائی جانچ شروع کر دی ہے، جب کہ کچھ اہلکاروں سے جواب طلبی بھی کی گئی ہے۔ مقامی شہریوں اور مریضوں کے تیمارداروں نے بھی اس واقعے کو اسپتال کی سیکورٹی اور صفائی کے نظام کی ناکامی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسپتال انتظامیہ کو نہ صرف اس واقعے کی تحقیقات کرنی چاہیے بلکہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات بھی یقینی بنانے چاہئیں۔ واقعہ ابھی محکمہ؟ صحت کی سطح پر جانچ کے مرحلے میں ہے، اور امکان ہے کہ آنے والے دنوں میں ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

مختلف علاقوں میں

ہوئی۔ ابتدائی تلاشی میں اس کے پاس سے منشیات جیسی مشتبہ شے برآمد ہوئی۔ پلوامہ میں پولیس نے علیحدہ کارروائیوں کے دوران دو افراد کو گرفتار کیا جن کے قبضے سے نشہ آور مواد برآمد کیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق یہ دونوں افراد علاقے میں منشیات کی سپلائی کا نیٹ ورک قائم کرنے کی کوشش میں تھے، تاہم بروقت کارروائی نے اُن کی سرگرمیوں کو ناکام بنا دیا۔ اننت ناگ پولیس نے بھی اپنی مہم کے دوران دو منشیات فروشوں کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق دونوں کے قبضے سے ممنوعہ مواد کے علاوہ ایسے شواہد بھی ملے ہیں جن سے اس بات کا امکان ہے کہ یہ لوگ مزید مقامات پر منشیات کی ترسیل میں ملوث تھے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ منشیات کے خاتمے کے لیے کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی اور ایسے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی جو وادی میں نوجوانوں کو منشیات کے دلدل میں دھکیلنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پولیس نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ایسے افراد کی نشاندہی کریں جو منشیات فروشی یا اس کے استعمال کو بڑھاوا دینے میں ملوث ہوں تاکہ معاشرے کو اس خطرناک لعنت سے محفوظ رکھا جا سکے۔

راجوری کے

نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ اضافی نفری، جدید آلات اور فضائی مدد فراہم کی جائے تاکہ آگ کو جلد از جلد قابو میں لایا جا سکے۔ حکام نے بتایا ہے کہ صورت حال پر مسلسل نظر رکھی جا رہی ہے، اور ابتدائی اندازوں کے مطابق جنگل کے بہت بڑے حصے کو نقصان پہنچا ہے، جس کا درست تخمینہ امدادی کارروائی مکمل ہونے کے بعد لگایا جا سکے گا۔ مزید کہا گیا ہے کہ اگر موسم میں بہتری آئی تو آگ پر قابو پانے کی کوششوں میں تیزی لائی جائے گی، جبکہ ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ اس سانحے کا ماحول اور جنگلی حیات پر طویل المدتی اثر پڑ سکتا ہے۔

عید الاضحی کے پیش

عمل شامل ہیں۔ خلاف ورزی کرنے والوں پر موقع پر ہی جرمانہ عائد کیا گیا اور مجموعی طور پر 2600 روپے جرمانہ وصول کیا گیا۔ سوپور پولیس نے تحصیلدار ڈانگر پورہ کے ساتھ وارپورہ مارکیٹ میں ایک اور مشترکہ چیکنگ مہم چلائی۔ ٹیم نے اشیائے ضروریہ کی دکانوں، مٹن شاپس اور پروویژنل اسٹورز کا معائنہ کیا۔ متعدد دکاندار حکومت کی طرف سے مطلع کردہ نرخوں اور دیگر ضوابط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پائے گئے اور انہیں موقع پر ہی جرمانے کیے گئے۔ اسی طرح سوپور پولیس نے نائب تحصیلدار ڈنگی واچہ اور تحصیل سپلائی آفیسر ڈنگی وچہ کے ساتھ مین بازار ڈنگیوچہ میں مشترکہ بازار چیکنگ مہم چلائی۔ معائنہ کے دوران میعاد ختم ہونے والی اشیائے خورد ونوش اور دیگر ناکارہ اشیا کو چیکنگ ٹیم کی موجودگی میں موقع پر ہی قبضے میں لے کر تلف کر دیا گیا۔

اننت ناگ اور شوپیان

جے سی بی اور ایک ٹریکٹر کو ضبط کیا۔ گاڑیاں رائلٹی کے درست دستاویزات کے بغیر چلتی ہوئی پائی گئیں۔ اسی مناسبت سے ایف آئی آر نمبر 52/2026 قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت تھانہ کیلر میں درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

پیغام ادم و علم

سالانہ رسالہ "منزل" کے لئے معیاری مواد ارسال کرنے کے لئے ممبران پر زور دیتے ہوئے آنے والے عید غدیر اور ایام محرم الحرام کے سلسلے میں محافل و مجالس منعقد کرنے کے لئے تمام ممبران سے تعاون کی اپیل کی اور ساتھ ہی توآموز ادباء اور شعراء کو ادبی تنظیموں میں شمولیت اختیار کرنے کا مشورہ بھی دیا۔ انتخابی عمل میں منتخب ہوئے عہدیداران کے علاوہ میر اشرف، اشفاق حمید اور صحران مسرور نے شرکت کی۔

شیکار کلچرل

کے لیے سو جاتے۔ گویا کہ زمین کسی کی جاگیر نہیں ہوتی ہے۔ تقریب میں انسٹی ٹیوٹ کے پرنسپل ریاض احمد کا کچھ نے ڈرامہ کے دلدار محمد اشرف شاہ کے لکھے ہوئے اور ہدایت کار الطاف حسین کے ساتھ تمام فنکاروں کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے ڈرامے سماج بالخصوص آجکل کے نوجوانوں کو پچھلے دور کے لوگوں کے بارے میں آگاہی ملتی ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آنے والے وقت میں بھی ایسے ڈرامے پیش کیے گئے۔

روزنامہ آفاق سرینگر
SPORTS NEWS
Daily Afaaq Kashmir
Tuesday 26 May 2026
26 مئی 2026ء 09 ذوالحجۃ 1447ھ منگلوار

آئی پی ایل2026: پہلے کوالیفائر میں دفاعی چیمپئن آر سی بی کا گجرات ٹائٹنز سے ٹکراؤ

دھرم شالہ، 25 مئی (ایجنسیز) انڈین پریمیئر لیگ 2026 اپنے فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہوچکی ہے۔ منگل کی شب دھرم شالہ کے خوبصورت اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے پہلے کوالیفائر میں دفاعی چیمپئن رائل چیلنجرز بنگلورو کا سامنا گجرات ٹائٹنز سے ہوگا۔ آر سی بی پر اس وقت نہ صرف فائنل میں پہنچنے کا جنون ہے بلکہ اپنے اعزاز کا دفاع کرنے کا بھاری دباؤ بھی ہے۔ یہ میچ محض دو ٹیموں کے درمیان نہیں بلکہ دو مختلف کرکٹنگ سوچ کے درمیان مقابلہ ہے۔ آر سی بی کی پوری مہم وراٹ کوہلی کی مستقل مزاجی، فل سالٹ کی جارحیت اور رجت پاٹیدار کی مضبوط بلے بازی کے گرد گھومتی ہے۔ ان کا فارمولا سادہ ہے، پاور پلے میں تباہ کن بیٹنگ اور اسکور بورڈ پر 200 سے زائد رنز کا پہاڑ کھڑا کرنا۔ اس کے برعکس، گجرات کی ٹیم اپنے بالنگ اٹیک اور ڈسپلن کے لیے جانی جاتی ہے۔ راشد خان کی اسپن جادوگری، گلیسو ربادا کی رفتار اور محمد سراج کی درستی کسی بھی مضبوط بیٹنگ لائن اپ کو بکھیرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ گجرات کا ماننا ہے کہ ہائی پریشر میچز رنز سے نہیں بلکہ وکٹوں سے جیتے جاتے ہیں۔ دھرم شالہ کی پچ اس سیزن میں بلے بازوں کے لیے سازگار رہی ہے جہاں پہلی اننگز کا اوسط اسکور 200 کے قریب رہا ہے۔ آر سی بی کے لیے سب سے بڑا چیلنج رباداور سراج کے ابتدائی اسپیل سے بچنا ہوگا۔ اگر کوہلی یا سالٹ جلدی آؤٹ ہوجاتے ہیں، تو مڈل آرڈر کے لیے راشد خان کے خلاف واپسی کرنا تقریباً ناممکن ہوجائے گا۔ گجرات ٹائٹنز اس سیزن کے شروع میں آر سی بی کو شکست دے چکی ہے، جس سے انہیں نفسیاتی برتری حاصل ہے۔ دونوں ٹیموں کا لیگ اسٹیج میں ریکارڈ تقریباً برابر رہا ہے، لیکن ناک آؤٹ میچ میں اعداد و شمار سے زیادہ اعصاب کی جنگ اہم ہوتی ہے۔ "یہ مقابلہ مومنٹم بمقابلہ اسٹرکچر کا ہے۔ آر سی بی تیز رنز بنانے پر یقین رکھتی ہے، جبکہ گجرات کھیل کی رفتار کو کنٹرول کرنے میں مہارت رکھتی ہے۔

کوچ کی ایک نصیحت نے بدلی کلدیپ یادو کی قسمت

کولکتہ، 25 مئی (ایجنسیز) انڈین پریمیئر لیگ 2026 میں کولکتہ نائٹ رائیڈرز کے خلاف اتوار کو کھیلے گئے میچ میں شاندار بالنگ کرنے والے اسپنر کلدیپ یادو کو "پلیئر آف دی میچ" کے اعزاز سے نوازا گیا۔ میچ کے بعد گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے اعتراف کیا کہ یہ سیزن ان کی توقعات کے مطابق نہیں رہا تھا، لیکن اپنے ہوم ٹاؤن جا کر کوچ کے ساتھ کی گئی محنت رنگ لے آئی۔ کلدیپ یادو نے کہا" : میچ سے پہلے میں زیادہ خوش نہیں تھا کیونکہ ایک ٹیم کے طور پر ہم اس طرح سیزن کا اختتام نہیں کر پائے جیسا ہم چاہتے تھے۔ ذاتی طور پر بھی مجھے اپنے آپ سے بہت امیدیں تھیں، لیکن میں ویسا پرفارم نہیں کر سکا۔ "انہوں نے بتایا کہ ٹیم کے گزشتہ میچ کے بعد وہ فوراً اپنے گھر چلے گئے، جہاں انہوں نے نہ صرف اپنی خامیوں پر کام کیا بلکہ لے واپس پانے کے لیے ایک پریکٹس میچ بھی کھیلا۔ اس کا فائدہ انہیں اپنے پرانے ہوم گراؤنڈ (ایڈن گارڈنز) پر ملا۔ کلدیپ نے انکشاف کیا کہ سفید گیند کی کرکٹ(T20)) کی تیز رفتاری میں کھلاڑی اکثر بنیادی چیزیں بھول جاتے ہیں۔ ان کے کوچ نے انہیں دو اہم مشورے دیے کوچ نے سیدھا کہا کہ بلے باز بھلے ہی جارحانہ انداز اپنائیں، لیکن اگر گیند اسپن ہو گی تو وکٹ ملنے کا موقع ہمیشہ رہے گا۔

وانکھیڑے اسٹیڈیم 20,000 بچوں کی آواز سے گونج اٹھا

ممبئی، 25 مئی (یو این آئی) اتوار کو وانکھیڑے اسٹیڈیم میں صرف کرکٹ کی سنسنی ہی نہیں تھی بلکہ 20,000 سے زیادہ بچوں کی آوازوں، جوش اور مسکراہٹوں نے پورے ماحول کو خاص بنا دیا تھا۔ ممبئی انڈینز کے سالانہ ایجوکیشن اینڈ اسپورٹس فار آل میچ میں مہاراشٹر کے مختلف حصوں کے بچوں نے اپنے پسندیدہ کھلاڑیوں کو براہ راست کھیلتے ہوئے دیکھا۔ یہ تقریب ممبئی انڈینز اور ریلائنس فاؤنڈیشن کے اشتراک سے منعقد کی گئی تھی۔ پہلی بار 100 بصارت سے محروم بچوں نے اپنے "سماعت کے ساتھیوں" کے ساتھ میچ میں شرکت کی۔ مزید برآں، 200 سے زیادہ خصوصی طور پر معذور بچے اس تجربے کا حصہ تھے۔ وہ ممبئی، ستارہ، ناسک، اگت پوری اور دیگر دور دراز علاقوں سے آئے تھے۔ ریلائنس فاؤنڈیشن کی بانی اور چیئرپرسن نیتا ایم امبانی نے کہا کہ بچوں کی خوشی اور جوش نے اس دن کو خاص بنا دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ شمولیت ESA اقدام کا 16 سال قبل اپنے آغاز کے بعد سے ہمیشہ ایک اہم جزو رہا ہے۔ انہوں نے بصارت سے محروم بچوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مجھے امید ہے کہ یہ بچے بہت سی خوبصورت یادیں گھر لے جائیں گے۔ اس عظیم الشان تقریب کی بھرپور تیاریاں کی گئی تھیں۔ بچوں کو لے جانے کے لیے 550 سے زیادہ بیسٹ بسیں تعینات کی گئی تھیں۔ تقریباً 2,400 رضاکار، 100 سے زیادہ طبی عملہ، 92,000 فوڈ باکس اور ایک بڑی گراؤنڈ ٹیم انتظامات کو سنبھالنے کے لیے دن بھر مصروف رہی۔ ممبئی پولیس نے 1000 سے زیادہ پولیس اور ٹریفک اہلکاروں کو تعینات کیا تھا۔ ای ایس اے کی بنیاد اس ویژن کے ساتھ رکھی گئی تھی کہ کھیلوں کو صرف میدان تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ بچوں کے لیے سیکھنے، تحریک دینے اور نئے مواقع کا ذریعہ بھی ہونا چاہیے۔ یہ متنوع سماجی اور معاشی پس منظر سے تعلق رکھنے والے بچوں کو کھیلوں کے بڑے پلیٹ فارم سے جوڑنے اور ان کی حوصلہ افزائی کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

بنگلہ دیش کرکٹ: سابق کپتان منہاج العابدین کا بلا مقابلہ بی سی بی کا ڈائریکٹر بننا طے

چٹاگانگ، 25 مئی (ایجنسیز) بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور تجربہ کار کرکٹ ایڈمنسٹریٹر منہاج العابدین کا آئندہ انتخابات میں کیٹیگری 1 سے بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹر بننا طے پا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے پیر کے روز امیدواروں کی حتمی فہرست جاری کیے جانے کے بعد اس بات کی تصدیق ہوگئی ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق، چٹاگانگ ڈویژن سے شریف الاسلام نے اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لیے ہیں۔ اس دستبرداری کے بعد اس ڈویژن سے ڈائریکٹر کے دو عہدوں کے لیے اب صرف دو ہی امیدوار میدان میں رہ گئے ہیں۔ منہاج العابدین اور معین الدین چوہدری، چونکہ نشستیں دو ہیں اور امیدوار بھی صرف دو ہی بچے ہیں، اس لیے دونوں کا بلا مقابلہ ڈائریکٹر منتخب ہونا یقینی ہوگیا ہے۔ منہاج العابدین نے کرک بز سے گفتگو کرتے ہوئے اس کامیابی کو اپنے لیے ایک بڑا اعزاز اور بھاری ذمہ داری قرار دیا۔ انہوں نے کہا "بی سی بی میں بطور ڈائریکٹر شامل ہونا میرے لیے بہت بڑی بات ہے، لیکن اس کے ساتھ ہی میری ذمہ داری بھی بڑھ گئی ہے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد میں نے بورڈ میں مختلف عہدوں پر کام کیا اور اب بورڈ روم میں ان تجربات کو شیئر کرنے کی کوشش کروں گا۔" انہوں نے مزید کہا کہ چونکہ وہ خود چٹاگانگ سے تعلق رکھتے ہیں، اس لیے ان کی اولین ترجیح چٹاگانگ میں کرکٹ کی سرگرمیوں کو دوبارہ فعال کرنا ہے۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ وہ ریجنل کرکٹ (علاقائی کرکٹ) کے نظام کو چٹاگانگ سے دوبارہ شروع کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔ منہاج العابدین نے اپنے شاندار کیریئر میں بنگلہ دیش کی نمائندگی کی اور کپتانی کے فرائض بھی سرانجام دیے۔ کھیل سے ریٹائرمنٹ کے بعد وہ بی سی بی کے ٹیلیکشن پینل میں ایک دہائی سے زائد عرصے تک وابستہ رہے، جہاں انہوں نے پہلے بطور سلیکٹر اور بعد میں چیف سلیکٹر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔ وہ موجودہ ایڈہاک کمیٹی کے بھی سرگرم رکن ہیں۔

ٹیبل ٹینس : مانوش شاہ کالا گوس میں ڈبل دھماکہ

مکسڈ اور مردوں کے ڈبلز خطاب اپنے نام کر لئے

ابوجا/لاگوس۔ 25 مئی (یو این آئی) نائجیریا میں ختم ہونے والے ڈبلیو ٹی کنٹینڈر لاگوس 2026 میں ہندوستان کے اسٹار کھلاڑی مانوش شاہ نے اپنی بہترین فارم کا مظاہرہ کرتے ہوئے مکسڈ ڈبلز اور مردوں کے ڈبلز، دونوں زمروں میں طلائی تمغے جیت کر نئی تاریخ رقم کر دی ہے۔ ہفتے کے روز کھیلے گئے مکسڈ ڈبلز کے فائنل میں مانوش شاہ اور دیا چتالے کی جوڑی نے فرانسیسی جوڑی لیوڈی نوڈریسٹ اور کیملی لٹز کو محض 28 منٹ میں 3-0 (11-8, 14-12, 11-8) سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کیا۔ ٹاپ سیڈ ہندوستانی جوڑی نے پورے ٹورنامنٹ میں صرف ایک گیم ہارا، جو ان کی برتری کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اتوار کو مانوش شاہ نے اپنی کامیابیوں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے مانوٹھکر کے ساتھ مل کر مردوں کے ڈبلز کا فائنل جیتا۔ انہوں نے رومانیہ کی جوڑی ایولین چیرینا اور آندرے اسٹریٹ کو یکطرفہ مقابلے میں 3-0 (11-7, 12-10, 11-4) سے مات دی۔ ہندوستانی جوڑی اپنے چاروں میچوں میں ایک بھی گیم نہیں ہاری۔ مانوش شاہ مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل تک پہنچنے میں کامیاب رہے لیکن وہاں سے آگے نہ بڑھ سکے۔ خواتین کے سنگلز میں دیا چتالے اور ایہیکا مکھرجی کوارٹر فائنل تک پہنچیں، جبکہ اسٹار کھلاڑی منیکا بترا دوسرے راؤنڈ میں باہر ہوگئیں۔ خواتین کے ڈبلز میں دیا چتالے۔یشسوی گھورپڑے اور سوتر تھا مکھرجی۔ ایہیکا مکھرجی کی جوڑیوں نے سیمی فائنل تک رسائی حاصل کی۔

اروندھتی، شیفالی اور ریستیکا کی بہترین کارکردگی، ہندوستانی خواتین ٹیم کی 7 وکٹوں سے

چیمسفورڈ، 25 مئی (یو این آئی) ہندوستانی خواتین کرکٹ ٹیم نے پیر کے روز کھیلے گئے وارم اپ میچ میں بہترین آل راؤنڈ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 'ای سی بی ڈویلپمنٹ ویمنز الیون ' کو آسانی سے دھول چٹا دی۔ اروندھتی ریڈی کی تباہ کن بالنگ کے بعد شیفالی ورما اور ریستیکا بھاٹیا کی طوفانی بلے بازی میچ میں ہندوستان کی جیت کی بنیاد بنی۔ ای سی بی الیون کے 154 رنوں کے ہدف کے تعاقب میں ہندوستانی ٹیم نے محض 16.4 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 168 رن بنا کر میچ 7 وکٹوں سے اپنے نام کرلیا۔ (پریکٹس میچ کے قانون کے تحت ٹیم نے مقررہ 20 اوورز تک بلے بازی جاری رکھی اور 6 وکٹوں پر 200 رن بنائے)۔ اوپنر شیفالی ورما نے روایتی جارحانہ انداز اپناتے ہوئے محض 25 گیندوں پر 9 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے 50 رن بنائے اور ریٹائرڈ آؤٹ ہوئیں۔ وکٹ کیپر بلے باز ریستیکا بھاٹیا نے 35 گیندوں پر 6 چوکوں کے ساتھ 47 رن کی اننگز کھیلی۔ ان کے علاوہ بھارتی پھولمالی نے شاندار بلے بازی کرتے ہوئے 29 گیندوں پر 5 چوکوں اور 3 چھکوں کی مدد سے 48 رن بنائے۔ میزبان ٹیم کی جانب سے ایلی اینڈرسن نے 2 جبکہ کلارا تھیکر اور ماریا اینڈریوز نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ اس سے قبل، ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ای سی بی ڈویلپمنٹ الیون نے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 154 رن بنائے۔ میزبان ٹیم کی جانب سے فلورنس ملرنے 48 اور جوآن گارڈنر نے 36 رن بنائے، جبکہ کپتان صوفیا اسمیل 27 رن بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں۔ ہندوستان کی جانب سے تیز بالر اروندھتی ریڈی سب سے کامیاب بالر رہیں، جنہوں نے اپنے کوٹے میں محض 20 رن دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ ان کے علاوہ دپتی شرما، شریانکا پاٹیل اور کرانتی گوڑ نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

یورپی فٹ بال : محمد صلاح کا اشکبار آنکھوں کے ساتھ لیورپول کو الوداع

لندن/ریپرس 25 مئی (یو این آئی) فٹ بال کی دنیا کے عظیم کھلاڑی اور "مصری بادشاہ" کہلانے والے محمد صلاح نے اتوار کے روز انفیلڈ اسٹیڈیم میں لیورپول کے لیے اپنا آخری میچ کھیلا۔ برینٹ فورڈ کے خلاف 1-1 سے ڈرا ہونے والے اس میچ کے بعد صلاح اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکے اور ان کی آنکھیں چھلک پڑیں۔ لیورپول کے لیے تمام مقابلوں میں 257 گولز اسکور کیے۔ وہ کلب کی تاریخ میں سب سے زیادہ گول کرنے والے تیسرے کھلاڑی بن کر رخصت ہوئے۔ آخری میچ میں انہوں نے 74 منٹ تک کھیل پیش کیا جس میں کرٹس جونز کے گول میں مدد فراہم کی، جس کی بدولت لیورپول نے اگلے سیزن کے لیے چیمپئنز لیگ میں جگہ پکی کر لی۔ 33 سالہ ونگر اب اگلے ماہ شروع ہونے والے 2026 ورلڈ کپ میں مصر کی قیادت کریں گے۔ یورپی فٹ بال سیزن کے اختتام پر کئی افریقی کھلاڑیوں نے اپنی ٹیموں کے لیے شاندار کارکردگی دکھائی۔ اینٹوان سیمینیو (مانچسٹر سٹی :(گھانا سے تعلق رکھنے والے سیمینیو نے سیزن کا 17 واں گول کر کے پریمیئر لیگ کے ٹاپ اسکوررز کی فہرست میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ برائن ایم بیومو (مانچسٹر یونائیٹڈ :(کیمرون کے انٹرنیشنل کھلاڑی نے برائٹن کے خلاف میچ میں اپنا 12 واں گول اسکور کر کے ٹیم کی 3-0 سے جیت میں اہم کردار ادا کیا۔ اسپین (لالیگا) ایزعبدے (ریال بیٹس) مراکش کے ونگر نے اسپین (لالیگا) میں لیونتے کے خلاف سیزن کا دسواں گول کر کے اپنی ٹیم کی چیمپئنز لیگ کے لیے کوالیفکیشن کا جشن منایا۔ ابراہیم دیاز (ریال میڈرڈ) :(مراکش کے پلے میکر نے ایتھلیٹک بلباؤ کے خلاف 4-2 کی بڑی جیت میں چوتھا گول داغا۔ رینڈی نٹیکا (رایو والیکانو) انگولا کے اس اسٹرائیکر نے الاویس کے خلاف آخری لمحات میں گول کر کے ٹیم کو جیت دلائی۔ اب ان کی نظریں بدھ کو کرسٹل پیلس کے خلاف کنفرنس لیگ کے فائنل پر ہیں۔ فرانس (فرنچ کپ (عبداللہ سیما (لینس) سینیگال کے اسٹرائیکر نے نیس(Nice)) کے خلاف فرنچ کپ کے فائنل میں 78 ویں منٹ میں گول کر کے اپنی ٹیم کو 1-3 سے فتح اور ٹائٹل دلانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔

تاریخی ڈیبیو کی تیاری: ازبکستان نے فیفا ورلڈ کپ 2026 کے لیے 30 رکنی ابتدائی ٹیم کا اعلان کر دیا

تاشقند، 25 مئی (ایجنسیز) ازبکستان فٹ بال ایسوسی ایشن (یو ایف اے) نے آئندہ ماہ سے شروع ہونے والے فیفا ورلڈ کپ 2026 کے لیے اپنی 30 رکنی ابتدائی ٹیم کا اعلان کر دیا ہے۔ ازبکستان کے لیے یہ ایونٹ اس لحاظ سے تاریخی ہے کہ وہ پہلی بار فٹ بال کے اس سب سے بڑے عالمی میلے میں شرکت کر رہا ہے۔ اگرچہ ٹورنامنٹ کے لیے صرف 26 کھلاڑیوں کی حتمی ٹیم کی اجازت ہے، لیکن یو ایف اے کے نائب صدر روشن ارماتوف کے مطابق، ٹریننگ کے دوران ممکنہ انجریوں سے بچنے کے لیے 4 اضافی کھلاڑیوں کو شامل کیا گیا ہے۔ ہیڈ کوچ فیبیو کینناوارو ورلڈ کپ کے باضابطہ آغاز سے قبل ٹیم کو 26 کھلاڑیوں تک محدود کر دیں گے۔ ٹیم میں کئی بین الاقوامی شہرت یافتہ نام شامل ہیں، عبدالقدیر خوسانوف :انگلش کلب مانچسٹر سٹی کے دفاعی کھلاڑی۔ ایلڈور شومورودوف، استنبول باسک شہر کے کپتان اور ٹیم کے اہم اسٹرائیکر۔ ازبکستانی ٹیم پیر کو نیویارک پہنچے گی جہاں وہ اپنے تربیتی کیمپ کا آغاز کرے گی۔ ازبکستان کو گروپ کے میں کولمبیا، پرتگال اور ڈی آر کانگو کے ساتھ رکھا گیا ہے۔ ٹیم اپنی مہم کا آغاز 18 جون کو میکسیکو سٹی میں کولمبیا کے خلاف میچ سے کرے گی۔ یکم جون :بمقابلہ کینیڈا 8 جون :بمقابلہ نیدرلینڈز ازبکستان کی 30 رکنی ٹیم پر ایک نظر گول کیپرز :اتکیر یوسوپوف، بوتیر الی ایرگاشیف، عبدووا حد نیماتوف۔ ڈیفنڈرز :رستم جون اشورماتوف، عمر بیک ایشمورودوف، اوزبیک الماسالیف، عبدالقدیر خوسانوف، عبداللہ عبداللہ ایو، جاہونگیر اروزوف، خوجیا کبر علیچونوف، بہروز کریموف، رسلان بیک جیانوف، فاروخ صفی ایو، شیرزود نصر اللہ ایو، عمرالی رخمونالیف۔ مڈفیلڈرز :عزیز جون گنیف، اکمل موزگووائے، شیرزود ایسانوف، اوتابیک شکوروف، عادل جون ہمروبیکوف، دوستان بیک ہمداموف، جمشید اسکندروف، جسور بیک جلال الدین اوف۔ فارورڈز :عباس بیک فیض اللہ ایو، اوسٹن اورونوف، جلال الدین مشاریپوف، عزیز بیک امونوف، ایلڈور شومورودوف، ایگور سرگیوف، شیرزود تیمیروف۔

ورلڈ کپ 2026: بلیو شارکس' کی پہلی عالمی اڑان - کیا چھوٹے جزائر بڑا الٹ پلٹ کر پائیں گے؟

نئی دہلی 25 مئی (ایجنسیز) فٹ بال کی دنیا میں جب بھی 'منجھے ہوئے کھلاڑیوں ' کا ذکر آتا ہے تو کیمرون جیسے بڑے نام ذہن میں ابھرتے ہیں، لیکن 2026 کے ورلڈ کپ کوالیفائرز نے ایک نئی تاریخ رقم کر دی ہے۔ بحرِ اوقیانوس کے 10 چھوٹے جزائر پر مشتمل ملک کیپ ورڈی نے تمام تر اندازوں کو غلط ثابت کرتے ہوئے پہلی بار فٹ بال کے سب سے بڑے عالمی میلے کا ٹکٹ کٹا لیا ہے۔ کیمرون کو پیچھے چھوڑ کر عالمی اسٹیج تک کا سفر کیپ ورڈی کی کوالیفکیشن کسی پریوں کی کہانی سے کم نہیں ہے۔ انہوں نے افریقہ کے گروپ 'D' میں کیمرون جیسی تجربہ کار ٹیم کو پچھاڑ کر 23 پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ کوالیفائنگ مرحلے کے دوران کیپ ورڈی نے اپنے ہوم گراؤنڈ پر کھیلے گئے پانچوں میچز جیتے اور ایک بھی گول کنسیڈ نہیں کیا۔ یہ کامیابی ایک ایسے وقت میں آئی ہے جب ملک اپنی آزادی کی 50 ویں سالگرہ منا رہا ہے۔ عالمی کپ کے گروپ مرحلے میں کیپ ورڈی کا مقابلہ فٹ بال کی بڑی طاقتوں سے ہوگا۔ 15 جون اسپین بمقابلہ کیپ ورڈی اٹلانٹا اسٹیڈیم 21 جون یوراگوئے بمقابلہ کیپ ورڈی میامی اسٹیڈیم 26 جون کیپ ورڈی بمقابلہ سعودی عرب ہوسٹن اسٹیڈیم کوچ بوبسٹا اس ٹیم کی کامیابی کے پیچھے سابق کپتان اور موجودہ کوچ بوبسٹا کی محنت شامل ہے۔ وہ گزشتہ ساڑھے چھ سال سے ٹیم کے ساتھ منسلک ہیں اور ان کی دفاعی حکمتِ عملی نے ٹیم کو "جائنٹ کلر" (بڑی ٹیموں کو ہرانے والی ٹیم) بنا دیا ہے۔ انہیں ان کی شاندار کارکردگی پر سی اے ایف کوچ آف دی ایئر 2025 کے اعزاز سے بھی نوازا گیا ہے۔ کیا توقع کی جائے؟ اگرچہ 6 لاکھ کی آبادی والا یہ ملک نقشے پر بہت چھوٹا نظر آتا ہے، لیکن ان کا عزم بہت بڑا ہے۔ کوچ بوبسٹا کے الفاظ میں" : ہم نقشے پر ایک چھوٹا ملک ضرور ہیں، لیکن ہمارا دل بہت بڑا ہے۔" اسپین اور یوراگوئے جیسی ٹیموں کے خلاف کھیلنا ان کے لیے ایک بڑا چیلنج ہوگا، لیکن کیپ ورڈی کے حالیہ ریکارڈ کو دیکھتے ہوئے انہیں کمزور سمجھنا حریف ٹیموں کی بڑی غلطی ثابت ہوسکتی ہے۔ شائقینِ فٹ بال اب بے تابی سے 15 جون کا انتظار کر رہے ہیں جب یہ 'بلیو شارکس' اٹلانٹا کے میدان میں اسپین کے خلاف اپنی پہلی عالمی مہم کا آغاز کریں گی۔

شدید گرمی بھی والی بال کے جنون کو نہ ہرا سکی

ڈی پی وی ایل فیز 1 ٹرائلز میں کھلاڑیوں کا ہجوم

نئی دہلی، 25 مئی (یو این آئی) دہلی پرو والی بال لیگ (ڈی پی وی ایل) کے فیز 1 ٹرائلز اتوار کے روز کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئے۔ دارالحکومت دہلی میں جاری شدید اور جھلسا دینے والی گرمی کے باوجود پوری ریاست سے نوجوان والی بال کھلاڑیوں نے بڑی تعداد میں ان ٹرائلز میں حصہ لیا، جس نے یہ ثابت کر دیا کہ اگر کھیل کے لیے سچا جنون اور لگن ہو تو موسم کی سختی بھی راستہ نہیں روک سکتی۔ ٹرائلز کے دوران دہلی والی بال ایسوسی ایشن کے اراکین کلبیر سنگھ اور پریانک شرما بھی موجود تھے۔ ڈی پی وی ایل مینجمنٹ نے ٹرائلز میں کھلاڑیوں کی بہترین کوالٹی اور جوش و خروش پر گہرے اطمینان کا اظہار کیا۔ مینجمنٹ کے مطابق "ہم نے ایک انتہائی تجربہ کار سلیکشن کمیٹی تشکیل دی تھی تاکہ میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ کھلاڑیوں کا انتخاب ان کی تکنیکی مہارت، فٹنس، کھیل کی سمجھ اور کورٹ پر کارکردگی جیسے سخت معیاروں کو مدنظر رکھ کر کیا گیا ہے۔ اس لیگ کا بنیادی مقصد مستقبل کے والی بال اسٹارز کو ایک مضبوط پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے۔ اس موقع پر ہندوستانی والی بال ٹیم کے اسٹار کھلاڑی ونیت کمار اور پرنس ملک نے بھی ٹرائلز کا دورہ کیا اور نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی۔ سابق ہندوستانی کپتان ونیت کمار نے کہا" : اس شدید گرمی میں نوجوان کھلاڑیوں کا یہ عزم دیکھ کر میرا دل خوش ہوگیا ہے۔

تاریخی مقابلے میں انٹر میامی کی فتح، مگر میسی کی انجری نے شائقین کو تشویش میں مبتلا کر دیا

میامی، فلوریڈا، 25 مئی (یو این آئی) میجر لیگ ساکرز (ایم ایل ایس) میں اتوار کی شب ایک ایسا سنسنی خیز مقابلہ دیکھا گیا جو ریکارڈ بک میں تو درج ہوگیا، مگر ارجنٹائن کے اسٹار فٹ بالر لیونل میسی کی انجری نے انٹر میامی کی خوشیوں کو دھندلا دیا۔ میسی میچ کے 73 ویں منٹ میں بائیں ران کی تکلیف کے باعث میدان چھوڑنے پر مجبور ہوگئے۔ انٹر میامی نے فلاڈیلفیا یونین کو 4-6 سے شکست دے کر مسلسل چوتھی کامیابی حاصل کی۔ یہ میچ کئی لحاظ سے تاریخی رہا۔ دونوں ٹیموں نے پہلے ہاف میں 4-4 گولز داغے، جو ایم ایل ایس کی تاریخ میں کسی بھی ہاف میں سب سے زیادہ گولز کا نیا ریکارڈ ہے۔ میچ میں ہونے والے کل 10 گولز لیگ کی تاریخ میں کسی ایک میچ میں دوسرے سب سے زیادہ گولز ہیں۔ لیگ کی تاریخ میں یہ دوسرا موقع تھا جب ایک ہی میچ میں دو مختلف کھلاڑیوں نے ہیٹ ٹرک کی۔ انٹر میامی کی جانب سے لوئس سواریز نے تین گول کیے، جبکہ فلاڈیلفیا کے میلان ایلسکی نے پہلے ہاف میں ہیٹ ٹرک مکمل کی۔ میچ کے دوران میسی بائیں ران کو پکڑتے ہوئے دیکھے گئے اور تقریباً ایک منٹ تک سست روی سے چلنے کے بعد انہوں نے متبادل کھلاڑی (سلویٹی) کی درخواست کی۔ وہ براہِ راست لاکر روم میں چلے گئے، جس سے فٹ بال ورلڈ کپ 2026 سے قبل ارجنٹائن کے مداحوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ یاد رہے کہ ورلڈ کپ کے باعث اب لیگ میں دو ماہ کا وقفہ شروع ہو رہا ہے۔ لوئس سواریز نے 81 ویں منٹ میں فیصلہ کن گول کر کے ٹیم کی جیت یقینی بنائی۔ روڈریگو ڈی پال نے اپنی 32 ویں سالگرہ کا جشن انجری ٹائم میں چھٹا گول کر کے منایا۔ جرمن برٹیرام نے میسی کے پاس پر شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے دو گولز کیے۔ انٹر میامی اب 31 پوائنٹس کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل پر مستحکم پوزیشن میں ہے، جبکہ فلاڈیلفیا یونین کی مسلسل ناکامیوں کا سلسلہ آٹھ میچوں تک دراز ہوگیا ہے۔

آفاق
DailyAfaaqKashmir
Tuesday 26 May 2026

بین الاقوامی خبریں

ایران اور امریکہ معاہدے کے لیے فریم ورک پر متفق ہو گئے ہیں: ترجمان ایرانی وزارت خارجہ

تاہم معاہدے پر دستخط ابھی قریب نہیں، مذاکرات کا مرکزی مقصد جنگ کا خاتمہ ہے

تہران، 25 مئی (ایجنسیز) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ ایران اور امریکہ معاہدے کے لیے فریم ورک پر متفق ہو گئے ہیں۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے تہران میں پریس بریفنگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران اور امریکہ معاہدے کیلئے فریم ورک پر متفق ہو گئے ہیں اور بیشتر نکات پر اتفاق ہو گیا ہے، تاہم معاہدے پر دستخط ابھی قریب نہیں۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے کہا کہ مذاکرات کا مرکزی مقصد امریکہ اور ایران جنگ کا خاتمہ ہے، معاہدے سے متعلق جوہری پروگرام کی تفصیلات زیر بحث نہیں۔ دباؤ، دھمکیاں اور پروپیگنڈا سیاست کا حصہ ہیں، لیکن ایران صرف زمینی حقائق دیکھتا ہے، مخالف بیانیے اہم نہیں۔

اسماعیل بقائی کا مزید کہنا تھا کہ قومی مفادات کے تحفظ کیلئے بہترین حکمت عملی پر کام جاری ہے۔ ضرورت پڑنے پر مناسب انداز میں جواب دیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ دشمن کا پہلے بھی جواب دیا ہے اور اب بھی جہاں ضروری ہوگا وہاں جواب دیں گے۔ تاہم دشمن کے طریقے نقل نہیں کریں گے، کیونکہ ایران ایک مہذب، طاقتور اور باوقار قوم ہے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے مزید کہا کہ مغربی میڈیا میں معاہدے کے حتمی نکات کے بارے میں آگاہ کیا جا رہا ہے۔ ایران کے منجمد اثاثوں سے متعلق ابھی بات چیت جاری ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ امریکہ کے ساتھ ممکنہ معاہدے میں آبنائے ہرمز کا انتظام شامل نہیں ہے۔ اس کا انتظام ساحلی ممالک کا حق ہے۔ تاہم آبنائے ہرمز سے متعلق عالمی تشویش نظر انداز نہیں کر سکتے۔ اس سے متعلق اپنے قومی مفادات اور سلامتی کے مطابق فیصلے کریں گے اور آبنائے ہرمز سے گزرنے والوں سے ٹیکس لینے کا کوئی ارادہ نہیں، انہیں تحفظ فراہم کریں گے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے کہا کہ امریکا اور ایران کے درمیان واحد ثالث پاکستان ہے۔ دوسرے ممالک کی جانب سے بھی سفارت کاری کی کوششیں جاری ہیں۔ قطر کے قومی سلامتی کے سربراہ نے ایران کا دورہ کیا اور بہت سے معاملات پر بات چیت کے ذریعہ پیش رفت ہوئی ہے۔ اسماعیل بقائی نے اسرائیلی بیانات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیلی بیانات کے ذریعہ مس لیڈنگ کی کوشش کر رہا ہے۔

ایران سے مذاکرات 'تعمیری' ہیں، لیکن محاصرہ حتمی معاہدے تک برقرار رہے گا: ٹرمپ

صدر ٹرمپ نے کہا ایران معاہدہ 6، 5 یا 7 دن میں طے کر لیں

واشنگٹن، 25 مئی (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ مذاکرات منظم اور تعمیری" ہیں تاہم محاصرے کا سلسلہ ایک حتمی معاہدے تک برقرار رہے گا۔ ٹرمپ نے اتوار کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر ایک پوسٹ میں کہا کہ محاصرے کو مکمل طور پر نافذ رکھا جائے گا جب تک کہ کوئی معاہدہ حاصل، تصدیق اور دستخط نہ کیا جائے۔ دونوں فریقوں کو وقت لینا چاہیے اور درست فیصلہ کرنا چاہیے۔ غلطی کی گنجائش نہیں "!انہوں نے کہا کہ امریکہ اور ایران کے تعلقات کافی زیادہ پیشہ ورانہ اور نتیجہ خیز' بنتے جا رہے ہیں اور خبردار کیا کہ تہران کو جوہری ہتھیار تیار یا حاصل نہیں کرنے چاہئیں۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ وہ مشرق وسطی کے ممالک کا حمایت اور تعاون' پر شکریہ ادا کرتے ہیں اور کہا کہ یہ عمل ابراہیمی معاہدوں میں وسیع شرکت کے ذریعے مضبوط ہوگی اور اشارہ دیا کہ ایران بھی ایک دن اس فریم ورک کا حصہ بن سکتا ہے۔ انہوں نے 2015 کے ایران جوہری معاہدے پر تنقید کی، اسے اب تک کے سب سے بدترین معاہدوں میں سے ایک' قرار دیا اور دوبارہ سابق صدر باراک اوباما کی انتظامیہ کو الزام دیا کہ یہ ایک معیوب معاہدہ تھا جس نے جوہری ہتھیار تیار کرنے کی راہ کھولی۔ اچھا اور مناسب معاہدہ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے ساتھ موجودہ مذاکرات بہت بہتر' ہیں اور ایک موثر حکمتِ عملی کا حصہ ہیں، اور زور دیا کہ جاری عمل تہران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکے گا۔ اتوار کو ٹروتھ سوشل پر مزید ایک پوسٹ میں، ٹرمپ نے لکھا کہ ایران کے ساتھ کوئی ممکنہ معاہدہ اچھا اور مناسب' ہوگا، جو سابق صدر باراک اوباما کے تحت 2015 میں طے پانے والے جوہری معاہدے کی طرح نہیں ہے، جس کے بارے میں ان کا دعویٰ ہے کہ اس نے تہران کو بے پناہ آمدنی 'اور جوہری ہتھیار تک واضح اور کھلا راستہ' فراہم کیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ مذاکرات بالکل برعکس' ہیں، تاہم انہوں نے یہ بھی کہا کہ معاہدہ تا حال مکمل طور پر طے نہیں پایا۔ ٹرمپ نے مذاکرات کے ناقدین کو بھی مسترد کیا، کہا کہ وہ اس عمل کے بارے میں کچھ نہیں جانتے'، اور مزید کہا کہ سابقہ انتظامیہ کے برعکس، وہ خراب معاہدے' نہیں کرتے۔ دریں اثنا، ایرانی میڈیا نے اتوار کو رپورٹ کیا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان ممکنہ سمجھوتے کی کئی شقوں پر اختلافات حل طلب ہیں۔ تسنیم نیوز ایجنسی (نیم سرکاری) نے کہا، 'آج ہونے والی بعض بات چیت کے باوجود، سمجھوتے کی بعض شقوں، بشمول ایران کے منجمد اثاثے جاری کرنے کے مسئلے پر امریکی رکاوٹ تا حال جاری ہے۔'

مکمل طور پر اسرائیلی انخلاء ایک قومی ترجیح ہے: لبنانی صدر

بیروت، 25 مئی (یو این آئی) لبنانی صدر جوزف عون نے کہا ہے کہ لبنان کی سرزمین سے اسرائیلی فوج کی مکمل واپسی کو یقینی بنانا ایک قومی ترجیح ہے۔ عون نے پیر کو لبنان کی سرکاری خبر رساں ایجنسی (این این اے) کے ذریعے جاری بیان میں کہا، "اسرائیلی فوج کی مکمل واپسی کا راستہ ایک ثابت قدم قومی مطالبہ ہے، جسے لبنان کی ریاست مذاکرات کے ذریعے حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ "عون نے کہا کہ اسرائیل کے ساتھ مذاکرات کوئی سمجھوتہ یا سر تسلیم خم کرنے کا عمل نہیں ہوں گے بلکہ یہ لبنان کی کوشش ہیں کہ وہ ملک کی فوجی اور سکیورٹی اداروں کے ذریعے اپنی سرزمین کے تحفظ کے اپنے خود مختار حق کا اظہار کرے۔ یہ بیانات اسی وقت سامنے آئے جب لبنان نے طاقت و آزادی کا دن منایا، جو 22 سال کے قبضے کے بعد سنہ 2000 میں جنوبی لبنان سے اسرائیل کے انخلاء کی یاد دلاتا ہے۔ جاری جنگ بندی کی خلاف ورزیاں بیروت اور تل ابیب نے اپریل کے وسط سے امریکہ کی ثالثی میں براہ راست تین دور مذاکرات کیے ہیں تاکہ ایک دیرپا امن بندوبست قائم کیا جا سکے۔ 17 اپریل کو نافذ ہونے والی جنگ بندی، جو بعد ازاں جولائی کے اوائل تک بڑھا دی گئی تھی۔

مسلم رہنما ایران جنگ کے خاتمے کے بعد اسرائیل کے ساتھ امن معاہدے پر دستخط کریں: امریکی صدر

اسرائیل کے ساتھ عرب ممالک کے تعلقات معمول پر لانا چاہتے ہیں

واشنگٹن، 25 مئی (ایجنسیز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مسلم رہنماؤں سے کہا ہے کہ ایران جنگ کے خاتمے کے بعد اسرائیل کے ساتھ ابراہم معاہدہ میں شامل ہوں۔ ایکسیوس نے دو امریکی حکام کے حوالے سے بتایا کہ صدر ٹرمپ نے ہفتے کے روز ایک کانفرنس کال کے دوران کئی عرب اور دیگر مسلم ممالک کے رہنماؤں سے کہا کہ اگر ایران جنگ کے خاتمے کا کوئی معاہدہ طے پا جاتا ہے، تو وہ چاہتے ہیں کہ اُن کے ممالک اسرائیل کے ساتھ امن معاہدوں پر دستخط کریں۔ امریکی صدر کی مسلم رہنماؤں سے گفتگو ہفتے کو ایک کانفرنس کال میں ہوئی، ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران تنازع کے خاتمے کے بعد سفارتی پیش رفت پر زور دیا، ٹرمپ ابراہم معاہدے کی طرز پر اسرائیل کے ساتھ عرب ممالک کے تعلقات معمول پر لانا چاہتے ہیں۔ کال کے دوران اسرائیل اور ابراہم معاہدوں میں ممالک کی شمولیت سے متعلق ٹرمپ کے ریمارکس اس اگلے بڑے قدم کی نشان دہی کرتے ہیں جو وہ جنگ کے بعد مشرق وسطی میں اٹھانا چاہتے ہیں۔ ان کی بنیادی توجہ ایک تاریخی سعودی-اسرائیل امن معاہدے پر ہے، لیکن خطے کی موجودہ سیاسی صورت حال اور اسرائیل کے آنے والے انتخابات کے تناظر میں کوئی بھی جلد پیش رفت انتہائی مشکل نظر آتی ہے۔ یاد رہے کہ ہفتے کے روز ٹرمپ نے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، پاکستان، ترکی، مصر، اردن اور بحرین کے رہنماؤں کے ساتھ ایران سے ابھرتے ہوئے معاہدے پر بات چیت کے لیے فون کال کی تھی۔ متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زاید آل نہیان سمیت کئی رہنماؤں نے، جو ایران جنگ کے بارے میں زیادہ سخت مؤقف رکھتے ہیں، کہا کہ وہ اس کی حمایت کرتے ہیں۔ پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب و دیگر ممالک کا اسرائیلی وزیر اتمار بن گویر کے خلاف مشترکہ بیان ایک امریکی عہدے دار نے کہا ''سب نے کہا ہم اس معاہدے میں آپ کے ساتھ ہیں اور اگر یہ کام نہ بھی کرے تو بھی ہم آپ کے ساتھ ہوں گے۔'' گفتگو سے واقف ایک امریکی عہدیدار نے کہا کہ ٹرمپ نے رہنماؤں کو بتایا کہ وہ اس کے بعد اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کو فون کریں گے، اور اس بات پر زور دیا کہ انھیں امید ہے کہ مستقبل قریب میں اسرائیل کے رہنما بھی اسی کال کا حصہ ہوں گے۔ دو امریکی حکام کے مطابق، ٹرمپ نے رہنماؤں سے کہا کہ ایران کے ساتھ جنگ ختم ہونے کے بعد وہ توقع کرتے ہیں کہ وہ تمام ممالک جواب تک ابراہم معاہدوں کا حصہ نہیں ہیں یا اسرائیل کے ساتھ امن معاہدے نہیں رکھتے، وہ ان میں شامل ہوں گے اور یہودی ریاست کے ساتھ تعلقات معمول پر لائیں گے۔ یہ سن کر رہنما، خاص طور پر سعودی عرب، قطر اور پاکستان کے، جن کے اسرائیل کے ساتھ باضابطہ سفارتی تعلقات نہیں ہیں، ٹرمپ کی اس درخواست پر حیران رہ گئے۔ ایک امریکی عہدیدار نے کہا ''لائن پر خاموشی چھا گئی، اور ٹرمپ نے مذاق کرتے ہوئے پوچھا کہ کیا وہ اب بھی موجود ہیں؟۔

امریکہ و ایران 30 دنوں کے اندر آبنائے

ہرمز کو پوری طرح کھولنے پر ہوئے راضی: رپورٹس

ماسکو، 25 مئی (اسپوتنک/ریو این آئی) امریکہ اور ایران نے ایک ابتدائی معاہدے کے تحت 30 دنوں کے اندر آبنائے ہرمز کو پوری طرح کھولنے پر اتفاق کیا ہے۔ واشنگٹن پوسٹ نے ایک نامعلوم سفارت کار کے حوالے سے یہ معلومات دی ہے۔ اخبار نے ایک نامعلوم ایرانی اہلکار کے حوالے سے بتایا کہ امریکہ-ایران کے ابتدائی امن معاہدے میں جوہری مذاکرات کو بعد کی تاریخ تک ملتوی کرنے کی بھی گنجائش ہے۔ اخبار نے ایک نامعلوم سفارت کار کے حوالے سے بتایا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان ابتدائی ڈھانچہ جاتی معاہدے کی ابھی تک ایرانی فریق کی طرف سے منظوری نہیں دی گئی ہے۔ اخبار کے مطابق، حتمی معاہدے تک پہنچنے کے لیے دونوں فریق 60 دنوں کے لیے جنگ بندی بڑھانے پر متفق ہوئے ہیں۔ فاکس نیوز نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ امریکہ-ایران ڈھانچہ جاتی معاہدہ 95 فیصد مکمل ہو چکا ہے"، تاہم مذاکرات کا راب بھی آبنائے ہرمز اور تہران کے جوہری ذخائر سے متعلق الفاظ پر بحث کر رہے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پہلے کہا تھا کہ ایران کے ساتھ معاہدے پر کافی حد تک اتفاق ہو چکا ہے اور حتمی پہلوؤں اور تفصیلات پر بات چیت چل رہی ہے،



جن کا اعلان جلد ہی کیا جائے گا۔ نام نہ بتانے کی شرط پر امریکی حکام نے چینل کو تصدیق کی کہ ایران نے اصولی طور پر معاہدے کے ڈھانچے پر رضامندی ظاہر کر دی ہے۔ ایک اہلکار نے براڈ کاسٹر کو بتایا، ہم 95 فیصد تک پہنچ چکے ہیں۔ جوہری ذخائر اور آبنائے ہرمز پر ہمارا معاہدہ ہو چکا ہے، لیکن ہم زبان پر بات چیت کر رہے ہیں۔ "28 فروری کو امریکہ اور اسرائیل نے ایران میں ٹھکانوں پر حملے شروع کیے، جن میں 3,000 سے زیادہ لوگ مارے گئے۔ 18 اپریل کو واشنگٹن اور تہران نے دو ہفتوں کی جنگ بندی کا اعلان کیا۔

ترکیہ اسرائیل کے خلاف آئی سی جے میں نسل کشی کے معاملے کا بڑا حمایتی ہے، جنوبی افریقہ

انقرہ/۲۵ مئی/ (آفاق نیوز ڈیسک) جنوبی افریقہ کے وزیر برائے بین الاقوامی تعلقات اور تعاون رونالڈ لاموالا": ہم ترکیہ کے ساتھ قریبی طور پر کام کرتے رہے ہیں۔ ترکیہ نے اس معاملے میں اپنا واضح اور مضبوط موقف اختیار کیا ہے۔ جنوبی افریقہ کے بین الاقوامی تعلقات وتعاون امور کے وزیر رونالڈ لمولا نے کہا کہ ترکیہ کی جانب سے عالمی عدالت انصاف میں اسرائیل کے خلاف دائر نسل کشی کے مقدمے کی حمایت بہت واضح ہے۔ لمولا نے کرگر نیشنل پارک میں منعقدہ جنوبی افریقہ ترقیاتی برادری SADC)) کے خارجہ امور کے وزراؤں کی نشست میں، اے اے کے رپورٹر کو، اسرائیل کے خلاف دائر نسل کشی کے مقدمے کے امکانات اور پیش رفت کے بارے میں اپنے جائزے پیش کیے۔ انہوں نے بتایا کہ جنوبی افریقہ اس ڈھانچے کی صدارت کر رہا ہے جسے ہیگ کروپ' کہا جاتا ہے اور جس کا مقصد بین الاقوامی قانون کے زوال کو روکنا ہے، اور کہا کہ ترکیہ سمیت متعدد ممالک اس

مقدمے میں جنوبی افریقہ کے ساتھ شامل ہیں۔ لمولا نے کہا کہ مقدمے کے معاملے میں وہ ترکیہ کے ساتھ مربوط انداز میں عمل کر رہے ہیں اور کہا، ہم ترکیہ کے ساتھ قریبی طور پر کام کر رہے ہیں۔ ترکیہ نے مقدمے میں اپنی سزا' کنونشن کی خلاف ورزی کے الزام کے تحت اسرائیل کے خلاف عالمی عدالت انصاف میں مقدمہ دائر کیا تھا۔ عدالت نے 26 جنوری، 28 مارچ اور 24 مئی 2024 کو تین علیحدہ عبوری اقدامات کے فیصلے جاری کیے تھے۔ ان فیصلوں میں کہا گیا تھا کہ اسرائیل کو نسل کشی کنونشن کی دفعہ 2 میں متعین اعمال کے ارتکاب کو روکنے کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھانے چاہئیں، اسرائیلی فوج کو ایسے اقدام فوراً نافذ کرنے چاہئیں جو نسل کشی کے جرائم کو روکیں، خصوصاً رفح میں ایسے فوجی آپریشنز ختم کیے جائیں جو نسل کشی کے خطرے کو پیدا کر سکتے ہوں، اور کیے گئے اقدامات کی باقاعدگی سے عدالت کو اطلاع دی جائے۔ اسرائیل نے دو بار وقت میں توسیع کی درخواست کرنے کے بعد 12 مارچ کو اپنا جواب نامہ عدالت میں جمع کروایا تھا۔ ترکیہ، اسپین، نیدرلینڈز، آئرلینڈ، کولمبیا، میکسیکو، چلی، بولیویا، کیوبا، بیلیز، برازیل، کوموروس اور نمیبیا سمیت متعدد ممالک اس مقدمے میں مداخلت کرنے والی فریقین میں شامل ہیں۔

اسرائیلی حراست سے رہائی کے بعد اسپین پہنچنے

والے فلوٹیلا کارکنان پر پولیس کا بدترین تشدد

میڈرڈ، 25 مئی (ایجنسیز) غزہ جانے والے فلوٹیلا کے 6 کارکنوں کی اسرائیلی حراست سے رہائی کے بعد اسپین واپسی کے موقع پر بھڑپوں میں پولیس نے فلوٹیلا پر تشدد کا نشانہ بنایا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق واقعہ شمالی اسپین کے شہر بلباؤ کے ائیر پورٹ پر اس وقت پیش آیا جب کارکنوں کے حامیوں کی بڑی تعداد ائیر پورٹ کے ہال میں ان کے استقبال کے لیے جمع ہوئی۔ رپورٹس کے مطابق جب ایک کارکن کے رشتہ دار نے ان سے ملنے کی کوشش کی تو ایک پولیس اہلکار نے اسے سختی سے روک دیا جس پر دونوں جانب سے جھڑپیں شروع ہو گئیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیوز میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ائیر پورٹ پر موجود پولیس اہلکاروں نے لاٹھیوں کا استعمال کرتے ہوئے فلوٹیلا کارکنوں اور ان کے استقبال کے لیے موجود افراد کو نشانہ بنایا، کچھ افراد کو زمین پر گرا دیا گیا اور بعض کو گھسیٹا گیا۔ علاقائی پولیس فورس ارژانٹزا' کے بیان کے مطابق 4 افراد کو گرفتاری میں مزاحمت اور پولیس اہلکاروں پر حملے کے الزامات میں گرفتار کیا گیا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ ائیر پورٹ پر پیش آنے والے واقعے کے بعد ارژانٹزا کے داخلی امور کے شعبے نے تحقیقات شروع کر دی ہیں تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ آیا پولیس اہلکاروں کا طرز عمل قواعد وضوابط کے مطابق تھا یا نہیں۔ سرکاری نشریاتی ادارے ٹی وی ای کے مطابق گرفتار ہونے والوں میں اسرائیلی حراست سے رہا ہونے والے 2 فلوٹیلا کارکنان بھی شامل ہیں۔

محمد باقر قالیباف دوبارہ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر منتخب چوتھی جنگ کیلئے ہماری انگلی ٹریگر پر ہے: محسن رضائی

تہران، 25 مئی (ایجنسیز) ایران کے اعلیٰ مذاکرات کار اور پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف کو ایک بار پھر ایرانی پارلیمنٹ کا اسپیکر منتخب کر لیا گیا ہے۔ ایرانی نیم سرکاری خبر رساں ایجنسی فارس کے مطابق یہ انتخاب (پیر کے روز) آج عمل میں آیا۔ واضح رہے کہ محمد باقر قالیباف اس وقت امریکہ کے ساتھ جاری مذاکرات میں ایران کی نمائندگی بھی کر رہے ہیں۔ ادھر ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے مشیر محسن رضائی نے کہا ہے کہ چوتھی جنگ کے لیے ہماری انگلی ٹریگر پر ہے۔ ایک تقریب سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ایرانی حکام مذاکرات کے ذریعے ایرانی قوم کے حقوق کے حصول کے لیے بھی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ محسن رضائی کا کہنا ہے کہ موجودہ مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل ہو چکے ہیں۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ مجھے امید ہے کہ گزشتہ 47 برس کی جدوجہد ایک ایسے نتیجے پر پہنچے گی جو ایران کے لیے آئندہ 50 سال تک سلامتی اور استحکام کی ضمانت بنے گا۔

ایران سے معاہدہ جوہری خطرے کے مکمل خاتمے کو یقینی بنائے گا: نیتن یاہو

تل ابیب، 25 مئی (ایجنسیز) اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے اہم گفتگو ہوئی ہے جس میں دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ ایران کے ساتھ کوئی بھی معاہدہ جوہری خطرے کے مکمل خاتمے کو یقینی بنائے گا۔ نیتن یاہو نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایران کی یورینیم کی افزودگی کی تنصیبات ختم کی جائیں اور جوہری مواد کو ایرانی سرزمین سے ہٹایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میری پالیسی اور صدر ٹرمپ کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، ایران کو ایٹمی ہتھیار حاصل نہیں کرنے دیے جائیں گے۔ اسرائیلی وزیر اعظم کے مطابق ٹرمپ نے اسرائیل کے حق دفاع کی بھی دوبارہ حمایت کی ہے۔

بنگلہ دیش کا پاسپورٹ میں دوبارہ "علاوہ اسرائیل " کی شرط شامل کرنے کا فیصلہ

سفارتی پاسپورٹ میں پہلے ہی اس پر عملدرآمد ہو چکا ہے

ڈھاکہ، 25 مئی (ایجنسیز) بنگلہ دیش کی حکومت نے صہیونی قابض ریاست اسرائیل سے متعلق بڑا فیصلہ کر لیا ہے۔ بنگلہ دیشی میڈیا کے مطابق بنگلہ دیش کی حکومت نے صہیونی ریاست اسرائیل سے متعلق بڑا فیصلہ کرتے ہوئے اپنے پاسپورٹ میں دوبارہ "علاوہ اسرائیل " کی شرط شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بنگلہ دیشی وزیر داخلہ صلاح الدین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جنرل پاسپورٹ میں دوبارہ ''سوائے اسرائیل '' کی شرط شامل کی جائے گی، جب کہ سفارتی پاسپورٹ میں پہلے ہی اس پر عملدرآمد ہو چکا ہے۔ اس حوالے سے وزارت داخلہ اور محکمہ امیگریشن اور پاسپورٹس کا کہنا ہے کہ یہ فیصلہ فلسطین کے مسئلے پر بنگلہ دیش کی دیرینہ خارجہ پالیسی، عوامی جذبات اور اخلاقی موقف کے مطابق کیا ہے۔ واضح رہے کہ بنگلہ دیش کے اسرائیل کے ساتھ نہ کبھی پہلے سفارتی تعلقات رہے ہیں اور نہ ہی آج ہیں۔ 1971 میں پاکستان سے علیحدگی کے بعد سے پاکستانی پاسپورٹ کی طرح بنگلہ دیشی پاسپورٹ پر بھی روایتی طور پر یہ عبارت درج ہوتی تھی۔

پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب و دیگر ممالک کا

اسرائیلی وزیر اتمار بن گویر کے خلاف مشترکہ بیان

اسلام آباد، 25 مئی (یو این آئی) پاکستان، مصر، ترکیہ، انڈونیشیا، اردن، قطر، سعودی عرب اور یو اے ای کے وزرائے خارجہ نے ایک مشترکہ بیان جاری کیا ہے، جس میں انتہا پسند اسرائیلی وزیر اتمار بن گویر کے حراست میں لیے گئے امدادی کارکنوں سے تذلیل آمیز اقدامات کی سخت مذمت کی گئی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ اسرائیلی وزیر اتمار بن گویر کی جانب سے امدادی فلوٹیلا کارکنوں سے حراست کے دوران سلوک ناقابل قبول ہے، بن گویر کی جانب سے دانستہ طور پر نظر بند افراد کی سرعام تذلیل، انسانی وقار پر شرم ناک حملہ ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ اسرائیلی اقدام بین الاقوامی قوانین کے تحت عائد ذمہ داریوں کی کھلی خلاف ورزی ہے، اتمار بن گویر کے اشتعال انگیز اقدامات نفرت اور انتہا پسندی کو ہوا دیتے ہیں، اور اس جیسے بیانات دو ریاستی حل کی بنیاد پر منصفانہ، پائیدار امن کی کوششوں میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ وزرائے خارجہ نے مشترکہ بیان میں مزید کہا کہ ہم بن گویر کے اقدامات کے محاسبے کا مطالبہ کرتے ہیں، اشتعال انگیزیوں اور خلاف ورزیوں کو ختم کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں، یقینی بنایا جائے کہ ایسے اقدامات کو برداشت کیا جائے گا، نہ ہی انھیں دہرایا جائے گا۔ وزرائے خارجہ نے بیان میں مقبوضہ فلسطینی علاقے میں انسانی حقوق کے تحفظ، نظر بندوں کے وقار اور ان کے ساتھ انسانی سلوک کا مطالبہ کیا۔

Printer,PublisherandChiefEditor:GhulamJeelaniQadri,Printedat:AafaqPrintersNowhattaSrinagar,Publishedfrom11,PratabParkPressEnclaveLalchowkSrinagar190001
R.N.INo.43732/85,P.No.K/77,Phone:0194-2452028,Fax:0194-2475279.Email:afaaqkashmir@yahoo.com